''یہ ایک ایسا ترجمہ قرآن مجید ہے کہ جس میں پہلی بار اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ جب ذات باری تعالیٰ کے لئے بیان کی جانے والی آیتوں کا ترجمہ کیا گیا تو بوقت ترجمہ اس کی جلالت و تقدیس اور عظمت و کبریائی کو بھی ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔ جبکہ دیگر تراجم خواہ وہ اہل حدیث سمیت کسی بھی مکتبہ فکر کے علماء کے ہوں، ان میں یہ بات نظر نہیں آتی۔

الصوارم الہندیہ

از

حضرت مولانا حشمت علی خاں صاحب

مکتبہ فریدیہ ساہیوال

گیا تھا۔ کیوں کہ وہ مکمل اسلام دشمن اور انگریز پرستی کے آئینہ دار تھے۔ یہ تحریف دین کا ایسا شرمناک ڈرامہ تھا جس کی نظیر اس سے پہلے دیکھنے میں آئی نہیں تھی۔ یہی وجہ ہے کہ علمائے اہلِ سنّت کے علاوہ وہابی علماء نے بھی موصوف کے خیالات کی تردید کی اور ان سے اظہارِ برأت کیے بغیر نہ رہ سکے۔ کتنے علماء نے موصوف کے غیر اسلامی عقائد و نظریات کے باعث ان کی تکفیر میں فتوے جاری کیے۔ حالات کی اس کے باوجود ستم ظریفی تو ملاحظہ ہو کہ برٹش نواز طبقہ آج تک یہ کہہ کر مسلمان کی آنکھوں میں دھول جھونکتا رہا ہے کہ سر سید احمد خان صاحب پر انگریزی زبان کی حمایت کرنے اور علی گڑھ کالج کی بنا پر کفر کے فتوے لگائے گئے تھے حالاں کہ ایسا ایک فتوے بھی نہیں دکھایا جا سکتا جو علی گڑھ کالج جاری کرنے کے باعث موصوف کی تکفیر میں جاری کیا گیا ہو۔ دیوبندی جماعت کے مقتدر عالم مولوی اشرف علی تھانوی نے اپنے کسی معتقد کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا:

"ایک صاحب نے عرض کیا کہ سر سید کی وجہ سے ہندوستان میں گڑبڑ پھیلی، لوگوں کے عقائد خراب ہوئے۔ فرمایا، گڑبڑ کیا معنی اس شخص کی وجہ سے ہزاروں لاکھوں مسلمانوں کے ایمان تباہ و برباد ہو گئے۔ ایک بڑا گمراہی کا پھاٹک کھول گیا۔ اس کے اثر سے اکثر نیچری ایمان سے کورے ہوتے ہیں۔"

دوسرے کسی موقع پر موصوف نے نیچریت کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار ان لفظوں میں کیا تھا:۔

"ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ سر سید احمد خاں کی وجہ سے بڑی گمراہی پھیلی۔ یہ نیچریت زینہ ہے اور جڑ ہے الحاد کی۔ اس کی پھر شاخیں چلی ہیں۔ یہ قادیانی اسی نیچریت ہی کا اول شکار ہوا۔ آخر یہاں تک نوبت پہنچی کہ استاد یعنی سر سید احمد خاں سے بازی لے گیا اور نبوت کا مدعی بن بیٹھا۔"

مدرسہ دیوبند کے سابق صدر، علامہ انور شاہ کشمیری (المتوفی ۱۳۵۲ھ / ۱۹۳۲ء) نے بانی نیچریت کے بارے میں لکھا ہے:۔

اشھد ان محمدا رسول اللہ

نامِ اقدس ﷺ سن کر

انگوٹھے چومنے

کا مدلل ثبوت



علامہ سعید اللہ خان قادری

"جس زمانے میں مسئلہ امکان کذب پر آپ (رشید احمد گنگوہی) کے مخالفین نے شور مچایا اور تکفیر کا فتویٰ شائع کیا سائیں توکل شاہ صاحب انبالوی کی مجلس میں کسی مولوی نے امام ربانی (رشید احمد گنگوہی) کا ذکر کیا اور کہا کہ امکان کذب باری کے قائل ہیں۔ یہ سن کر سائیں توکل شاہ نے گردن جھکالی اور تھوڑی دیر مراقب رہ کر منہ اوپر اٹھا کر اپنی پنجابی زبان میں یہ الفاظ فرمائے لوگو تم کیا کہتے ہو میں مولانا رشید صاحب کا قلم عرش کے پرے چلتا ہوا دیکھ رہا ہوں۔

(تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۳۲۲ مطبوعہ ادارۃ اسلامیات لاہور)

ایک طرف دیکھئے کہ سرکار ﷺ سے کتنا بغض وعناد ہیں کہ امام الانبیاء ﷺ کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں (معاذ اللہ) اور دوسری طرف سائیں توکل شاہ کی علمیت کو دیکھئے کہ عرش پر رشید احمد گنگوہی کا قلم چلتا ہوا دیکھ رہے ہیں۔ عرش تو زمین پر نہیں بلکہ خاص عالم غیب میں ہے۔ سائیں توکل شاہ نے گردن جھکالی اور عرش اور عرش کے پرے یعنی رشید احمد کا قلم چلتا ہوا دیکھ لیا۔ یہاں دیوبندیوں کو شرک یاد نہیں وہ اس لئے کہ بات اپنی گھر کی ہیں۔

(۴) حاظر وناظر

غلام خان دیوبندی لکھتے ہیں۔

"نبی کو جو حاظر وناظر کہے، بلا شک شرع اس کو کافر کہے"

(جواہر القرآن ص ۷۴)

مفتی محمد فرید دیوبندی لکھتے ہیں۔

غیر اللہ کو حاضر وناظر ماننا اور تمام مغیبات سے مطلع ماننا کفر اور شرک ہے۔

(فتاوی فریدیہ ج ۱ ص ۹۰ مطبوعہ دار العلوم صدیقیہ زروبی ضلع صوابی)

حضور ﷺ کے لئے تو یہ عقیدہ شرک ہے لیکن اپنا حال دیکھئے۔

رشید احمد گنگوہی لکھتے ہیں۔

"ہم مرید یقین داند کہ روح شیخ مقید بیک مکان نیست


برق آسمانی
بر
حضرت علامہ
مولانا محمد حسن علی رضوی مدظلہ العالی
فتنہ شیطانی
البرہان پبلی کیشنز

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

حرفِ اوّل

دیوبندی وہابی جہالت کی ایک نئی دستاویز "سیف رحمانی علیٰ عنق رضاخانی" کے نام سے منظرِ عام پر آئی ہے۔ جو کسی مولوی یوسف رحمانی کا جہالت افروز "تحقیقی شاہکار" ہے۔

اس کے ردّ میں زیرِ نظر رسالہ تحریر کرنے کی چنداں ضرورت تو نہ تھی لیکن چونکہ "سیفِ شیطانی" (نام نہاد "سیف رحمانی") کے آخر میں مولوی محمد شریف کشمیری صدر مدرس وشیخ الحدیث مدرسہ خیر المدارس ملتان اور مشہور دیوبندی مبلغ ومناظر اور بزعم خود شیخ القرآن مولوی غلام خاں راولپنڈی کی تقریظ ہے۔ اور صفا کے مقدمہ میں جاہل ومجہول مصنف نے اعتراف کیا ہے کہ اس کا یہ کتابچہ اس کے "استاذ مکرم حضرت مولانا محمد عبد الستار صاحب لائلپوری کی نظرِ شفقت اور حوصلہ افزائی" سے معرضِ وجود میں آیا ہے ورنہ مجھ (یوسف رحمانی) جیسا بے بضاعت انسان کیا کر سکتا تھا۔"

لہٰذا اس کتابچہ کی تمام تر یا زیادہ تر ذمہ داری مولوی محمد شریف ومولوی غلام خاں اور مولوی عبد الستار صاحب لائلپوری پر پڑتی ہے۔ اسی لئے ہم اس کے جواب کے لئے قلم اٹھا کر دیوبندی جہالت وحماقت اور پیشہ ورانہ خیانت کا راز طشت از بام کر رہے ہیں۔ ورنہ ہم نہیں جانتے مولوی یوسف رحمانی کون ہے اور کیا ہے۔

"سیفِ شیطانی" کے نام نہاد مصنف نے اپنے آبائی وطیرہ کو اپناتے ہوئے نہ صرف الزام تراشیوں بہتان طرازیوں بے تکی بے ڈھنگی خرافات کا ارتکاب کیا ہے بلکہ شدید ترین لفظی ومعنوی تحریف کا ارتکاب بھی کیا ہے۔ حد یہ کہ اردو الفاظ کے استعمال کا شعور اور تمیز بھی اس جاہل مطلق کو نہیں ہے۔

رسالہ "تکفیری افسانہ" کے نعرۂ حق کی گونج سے دیوبند ونجد لرزہ براندام ہیں۔ یہ رسالہ ۱۹۶۱ء سے آج تک متعدد بار ہزاروں کی تعداد میں شائع ہوا۔ ایک ایک شہر میں ہزار ہزار کاپیاں تک گئیں۔ عوام وخواص میں مقبول ہوا۔

الغرض اہلِ نظر وارباب بصیرت معترف ہیں کہ اس کتابچہ "اکابر دیوبند کے تکفیری افسانہ" نے دیوبندیوں کو کہیں راہ فرار نہ چھوڑی۔ اہل علم وسنجیدہ طبقہ میں یہ رسالہ جس قدر مقبول ہوا۔ اس کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے۔ ماہنامہ "نوری کرن" بریلی شریف وماہنامہ "اعلیٰحضرت" بریلی شریف اور "سالک" راولپنڈی۔ "رضوان" و"سوادِ اعظم" لاہور جیسے معروف رسائل وجرائد نے اس کے مدلل مضامین کو قسط وار

marfat.com
Marfat.com

ادع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ

اپنے رب کی

راہ کی طرف بلاؤ پکی تدبیر اور اچھی نصیحت سے

ایمانی تقریریں

حضرت علامہ الحاج عبد المصطفیٰ اعظمی مجددی مدظلہ

رومی پبلیکیشنز

۳۸ / اردو بازار لاہور ۲

فرمانے والے ہیں اور سارا جہان ان کی رحمت پانے والا ہے لہٰذا اس آیت کریمہ سے یہ مسئلہ بھی ثابت ہو گیا کہ سارا عالم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا محتاج ہے، اور آپ عالم میں سے کسی چیز کے محتاج نہیں ہیں آپ صرف خدا کے محتاج ہیں اور ساری خدائی آپ کی محتاج ہے اسی مضمون کو عارف رومی نے اپنے عارفانہ انداز میں کیا خوب ارشاد فرمایا ہے ؎

زیں سبب فرمود حق صَلُّوا عَلَیْہِ
کہ محمدؐ بود محتاجٌ الیہ،

یعنی خداوند عالم نے اسی وجہ سے سارے عالم کو دربار رسالت میں صلوٰۃ وسلام کا نذرانہ پیش کرنے کے لیے حکم فرمایا کہ سارا عالم شہنشاہِ رسالت کا محتاج ہے۔

حاضرین کرام! اب غور کیجیے اور انصاف فرمایئے کہ قرآن تو محبوبِ خدا کو سارے عالم پر رحمت فرمانے والا اور سارے عالم کو ان کی رحمت کا محتاج بتا رہا ہے اور عارف رومی اعلان کر رہے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام عالم میں سے کسی کے محتاج نہیں ہیں، بلکہ مختار ہیں اور سارا عالم ان کا محتاج ہے۔ مگر دیوبندیوں کے پیشوا مولوی اسماعیل دہلوی تقویۃ الایمان میں کہیں یہ لکھتے ہیں کہ جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مالک ومختار نہیں" کہیں لکھتے ہیں کہ وہ مجبور ہیں، کہیں لکھتے ہیں کہ ان کا مرتبہ قوم کے چودھری اور گاؤں کے زمیندار جیسا ہے۔ (معاذ اللہ)

سامعین کرام! اب فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے کہ قرآن کا فرمان اور عارف رومی کا اعلان عقیدۂ ایمان ہوگا یا صاحب تقویۃ الایمان کا ہذیان؟

بہرکیف اب جب کہ قرآن سے یہ ثابت ہو گیا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سارے عالم پر رحمت فرمانے والے ہیں اور سارا عالم آپ کی رحمت کا محتاج ہے، تو پھر یہ نکتہ ذہن میں رکھیے کہ قرآنِ کریم نے کوئی زمانہ معین نہیں کیا کہ فلاں وقت اور فلاں زمانے میں سارا عالم حضور کا مرحوم ومحتاج ہے اور فلاں وقت اور فلاں زمانے میں نہیں بلکہ قرآن نے رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ کو مطلق رکھا۔ جس کا صاف مطلب یہ ہے کہ جب سے عالم

اعلیحضرت عظیم البرکت الشاہ احمد رضا خاں پر کتابِ مستطاب

حیاتِ اعلیحضرت

تالیف لطیف

ملک العلماء مولانا ظفر الدین قادری رضوی

ترتیب و تہذیب

پیرزادہ اقبال احمد فاروقی

مکتبہ نبویہ

گنج بخش روڈ ۔ لاہور

for more books click on link
//archive.org/details/@zohaibhasan

مولانا فخر الدین حیدر، مولوی محمد منعم، منشی اکرم الحق، مولوی معین اظہر رئیس بین۔ اساتذہ انکی ذہانت وشوق علمی کی وجہ سے ان پر بہت شفقت فرماتے تھے۔ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ سبق یاد نہ کرنے کی وجہ سے اساتذہ ان سے ناخوش ہوئے ہوں۔

"مدرسہ غوثیہ حنفیہ" میں عربی کی کتابیں زیادہ تر مولوی محمد ابراہیم سے پڑھیں جو مئو ضلع اعظم گڑھ کے معزز روشن خیال اور عالم باعمل تھے۔ وہ مولانا اشرف علی تھانوی کے شاگرد رشید، جامع العلوم کانپور کے فارغ التحصیل، بہت سخت حنفی اور پکے سنی تھے۔ یہ مدرسہ غوثیہ کے مدرس بھی تھے اور فاضل اوقات میں مطب بھی کرتے تھے۔ وہ فن طب میں یدطولیٰ رکھتے تھے۔ شاید ہی کوئی شخص ایسا ہو جس کا علاج انہوں نے خاص توجہ سے نہ کیا ہو اور رب العزت نے اسے شفاء نہ بخشی ہو۔

مولانا کے اس زمانے کے رفقا میں منشی اکرم الحق کے صاحبزادے مولوی اشرف الحق بھی تھے، شرح وقایہ، مختصر المعانی، ملاحسن تک دونوں ساتھ رہے۔ ان کا انتقال صفر ۱۳۱۸ھ میں بعارضہ طاعون ہوا۔ دوسرے ہم جماعت طلباء میں حکیم ابوالحسن خلف سید شاہ مظفر حسین، مولوی عبدالقدوس، مولانا حکیم وصی احمد، مولوی حکیم محمد رمضان خاں، مولوی عبدالماجد "برادر ماموں زاد"، مولوی محمد سعید، مولوی محمود عالم کہٹوی قابل ذکر ہیں۔

اس زمانے میں عظیم آباد (پٹنہ) علم وفن کا مرکز تھا، جہاں متعدد دینی مدارس قائم تھے، جن میں مدرسہ حنفیہ واقع بخشی محلہ، پٹنہ سیٹی ممتاز حیثیت رکھتا تھا، اس مدرسے کے بانی فارسی و اُردو کے مشہور محقق قاضی عبدالودود، بی اے کینٹب، بارایٹ لا (۱۸۹۶۔۱۹۸۴) کے والد گرامی، قاضی عبدالوحید صدیقی فردوسی (۱۲۸۹۔ ۱۳۲۶ھ) تھے جو وہاں کے ایک دیندار رئیس اور فاضل بریلوی کے معتقدین میں تھے۔ انہوں نے ۱۳۱۸ھ میں یہ دینی درسگاہ قائم کی اور ایک بڑی جائیداد اس کے اخراجات کے لیے وقف کر دی۔ انہوں نے نامور اساتذہ کی خدمات حاصل کیں اور کچھ ہی عرصہ کے بعد اس کی شہرت بہار کے قصبات و مواضع ہی تک نہیں دوسرے صوبوں تک پھیل گئی۔

مدرسہ حنفیہ کے ایک استاد حضرت مولانا شاہ وصی احمد محدث سورتی (متوفی ۱۳۳۴ھ) کی علمی شہرت سن کر مولانا ۲۵ جمادی الاخریٰ ۱۳۲۰ھ کو مدرسہ حنفیہ بین سے مدرسہ حنفیہ پٹنہ

مقتضائے قومیت (یعنی پٹھان ہونے) پر محمول کریں گے، لیکن درحقیقت یہ خالص اتباع شریعت ہے۔ اور علمائے کرام کا معمول تھا چنانچہ رسالہ عرصہ ظہور، مصنفہ سید شاہ ابوالخیر محمد نور الحسن صاحب رحمانی میں ہے: ایک بار بادشاہ دہلی حاضر خدمت مولانا فخر الدین صاحب چشتی کے ہوا۔ موافق دستور کے آپ نے اس کی تعظیم فرمائی۔ بعد ازاں اعلیٰ و ادنیٰ جو آیا سب کی تعظیم فرماتے رہے۔ بادشاہ وہاں سے رخصت ہوکر حضرت میرزا مظہر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے موافق عادت کے کوئی تعظیم نہیں فرمائی، اور جو کوئی آیا اس کی بھی تعظیم نہیں فرمائی۔ بعد ازاں وہاں سے رخصت ہوکر حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کی خدمت میں آیا۔ آپ نے اس کی تعظیم نہ فرمائی، اس کا وزیر بھی آیا تو کوئی تعظیم نہ فرمائی، بعد ازاں چوبدار شاہی سامنے آیا اس کی تعظیم فرمائی۔ بادشاہ متعجب ہوکر مستفسر ہوا کہ اس اشکال کو حل فرمایئے اور ہر جگہ کا دیکھا ہوا حال بیان کیا۔ آپ نے فرمایا حضرت فخر الدین چشتی مقام توحید وجود میں ہیں لہٰذا سب میں جلوۂ یار ان کو نظر آتا ہے، اور حضرت مرزا صاحب پر توحید شہودیہ کا غلبہ ہے، لہٰذا مشاہدہ عظمت الٰہی کے سبب سے کسی کی تعظیم روا نہیں رکھتے اور فقیر پابند شرع ہے تم اولوالامر ہو۔ تمہاری تعظیم لازم ہے۔ اور یہ وزیر رافضی ہے لہٰذا قابل تعظیم نہیں اور چوبدار تمہارا حافظ قرآن ہے۔ اس واسطے میں نے تعظیم کی۔

اعلیٰ حضرت قول و فعل میں ایک تھے:

اعلیٰ حضرت امام اہل سنت کی سب صفتوں میں ایک بہت بڑی صفت جو ایک عالم باعمل کی شان ہونی چاہئے یہ تھی کہ آپ کا ظاہر باطن ایک تھا۔ جو کچھ آپ کے دل میں تھا وہی زبان سے ادا فرماتے تھے۔ اور جو کچھ زبان سے فرماتے اسی پر آپ کا عمل تھا۔ کوئی شخص کیسا ہی پیارا ہو یا کیسا ہی معزز ہو، کبھی اس کی رعایت سے کوئی بات خلاف شرع اور اپنی تحقیق کے نہ زبان سے نکالتے نہ تحریر فرماتے۔ اور رعایت مصلحت کا وہاں گذر ہی نہ تھا۔ جس طرح دیگر علماء مشاہیر کے یہاں اس کا رواج تھا مولوی سلیمان صاحب ندوی حیات شبلی ص ۲۸۱ پر لکھتے ہیں۔ یہی زمانہ ہے جب سرسید کے مشورہ سے مولانا نے خلافت پر ایک مسلسل مضمون لکھنا چاہا جس میں ترکوں کی خلافت کو مذہبی حیثیت سے انکار کیا تھا۔ یہ مضمون علی گڑھ میگزین

قرآن مجید میں امام الانبیاء والمرسلین ﷺ کی طرف مضاف لفظ

ذنب

کے معنی کے تعین پر ایک یادگار منفرد تحقیقی اور

نادر، بے لاگ علمی تبصرہ

عصمۃ النبی المصطفیٰ ﷺ

یعنی حل

معرکۃ الذنب

از قلم:

عالم ربانی عارف یزدانی محقق لاثانی حضرت علامہ مولانا

غلام مہر علی

دامت برکاتہم العالیہ

مہتمم دار العلوم نور المدارس صدر عیدگاہ چشتیاں شریف ضلع بہاولنگر

S-1
661
7704

اجمالی فہرست مضامین "معرکۃ الذنب"

عنوان	صفحہ
وجہ تالیف "معرکۃ الذنب"	۶
مولوی محمد زبیر حیدر آبادی رکنی کا فساد	〃
علماء کی ایسی شرمناک حرکات کا مہلک انجام	〃
خشت اول چوں نہد معمار کج	۷
بہت دیر ہو گئی، علماء سوء کی رعایت کا خطرناک نتیجہ	۸
ایک تازہ فتنہ، مولوی محمد احمد بصیر پوری	۹
عبدیت محضہ کمال ہے یا عبدیت منکرہ کمال ہے؟	۹
مسئلہ عصمت انبیاء اجماعی قطعی ہے	۱۰
معانی الفاظ متشابہ و عصمت انبیاء	۱۱
راہنما اصول برائے مطالعہ "معرکۃ الذنب"	۱۲
حضور ﷺ سے خلاف اولیٰ نہیں ہو سکتا	۱۳
لفظ ضال	۱۴
انبیاء علیہم السلام بطون امہات میں ہی واقف شریعت ہوتے ہیں	۱۵
ووجدک ضالا فہدیٰ کا محرر سطور کی طرف سے عارفانہ ترجمہ	15
لفظ ذنب اور اس کے شان نبوت کی نسبت غلط معانی	
۱۶ لفظ ذنب کے معانی اور اس کا معنی تاویلین	۱۷
اشتقاق کی قسمیں۔ صغیر، کبیر، اکبر	۱۸
حضرات انبیاء علیہم السلام کے لئے ورود لفظ ذنب	۱۸
حضور ﷺ کی طرف مضاف لفظ ذنب	۲۰
اسناد مجاز عقلی و حقیقت عقلیہ	۲۰
واستغفر لذنبک (الآیۃ)	۲۱
مولوی اشرف علی تھانوی و مفتی محمد شفیع دیوبندی کا شرمناک ترجمہ	۲۱
آدم بہ سر مطلب	۲۲
آیہ لیغفر لک اللہ کا ترجمہ "کنز الایمان" سے و "البیان" سے	۲۳
"معاف کر دے آپ کے لئے" اور "بظاہر خلاف اولیٰ" کے الفاظ شان نبوی ﷺ کے خلاف ہیں	۲۳
کاظمی صاحب کے ترجمہ "البیان" کے بارے محرر سطور کی رائے	۲۷
اعلیٰ حضرت بریلوی کے ترجمہ چھوڑنے کی وجہ	۲۸
وجہ اول: کاظمی صاحب کے معاون ترجمہ مفتی محمد اقبال صاحب کی عدم توجہ کا حادثہ	۲۸
وجہ دوم: پابندی کا خطرہ	۲۸
مفتی محمد اقبال صاحب کا اقبال جرم	۲۹
مولانا حامد سعید شاہ صاحب سے میری گفتگو	۳۳
فیصلہ کن مرحلہ	۳۴
جگر گوشگان کاظمی صاحب تصحیح کرائیں	۳۵
صاحبزادہ مظہر سعید صاحب کی خدمت میں میری اپیل	۳۶
مفتی محمد اقبال صاحب کا جارحانہ رویہ	۳۶
ایک ضروری سوال	۳۷
مفتی محمد اقبال صاحب کے لئے تبرک ثمرہ نبوت	۳۸
مفتی صاحب کا حضرت کاظمی و اعلیٰ حضرت بریلوی پر افترا	۳۸
اعلیٰ حضرت بریلوی کا مسلک	۳۸

عنوان	صفحہ
مولوی غلام رسول صاحب سعیدی اور اس کے دلائل کا جائزہ	۴۷
لغت کا بہانہ	۴۷
عدم النقل لا یدل علی عدم الوجود	۴۹
بخاری شریف میں اغفر کے بعد لام تعلیلیہ	۵۰
صفحہ بخاری کا فوٹو	۵۱
نظم قرآن میں خلل کا سعیدی بہانہ	۵۳
اطلاقات قرآن مجید	۵۳
مفسرین کا بہانہ	۵۵
حضور ﷺ اور قرآن مجید ایک ہی شے ہیں	۵۶
لیغفر لک اللہ میں لام سببیت ہونے کے قائل مفسرین	۵۸
سعیدی بہانہ کہ لغت میں قیاس نہیں ہوتا	۵۸
ترک افضل و خلاف اولیٰ کی بحث	۵۹
خلاف اولیٰ ممنوع شرعی و باعث غضب الٰہی ہیں	۶۳_۶۴
آپ مکروہ تنزیہی و ہر نامناسب کام سے معصوم ہیں	۶۳
حضور ﷺ خود اولیٰ ہیں	۶۷
آپ سے خلاف اولیٰ و مکروہ سرزد نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ گناہ ہے	۶۸
خلاف اولیٰ ذنب کی تاویل نہیں ہو سکتی۔ حسن و قبح کی بحث	۶۸
سعیدی کے احادیث و اقوال صحابہ سے دلائل	۷۲
ایک اور دھوکہ	۸۳
مولوی محمد زبیر رکنی کی پسندیدہ غلط توجیہات	۹۸
مقولہ حسنات الابرار سیآت المقربین غلط ہے	۹۹
غلام رسول سعیدی اور زبیر رکنی کے دلائل کے تابوت میں آخری کیل	۱۰۸
اعلیٰ حضرت بریلوی کے ترجمہ کی بجانب طور من دو صورتیں	۱۱۳
اغلاط العلماء	۱۱۶
علمائے دیوبند کی فارسی رسالہ "کریما" میں غلطی	۱۱۷
امام غزالی پر امام یحییٰ کی تنقید	۱۱۷
ائمہ فقہاء کی غلطیاں	۱۱۸
شیخ اکبر و شیخ سرہندی کی اجتہادی رائے	۱۱۸
امام بخاری کی غلطیاں	۱۱۸
امام مسلم کی غلطیاں	۱۱۹
دنیا کے کسی عالم کی کوئی بھی کتاب غلطیوں سے خالی نہیں	۱۲۰
روایت حضرت صدیقہ میں ذنب کا ترجمہ محض نقل مفہوم ہے	۱۲۱
سعیدی کے لئے پل صراط	۱۲۱
رکنی کے لئے لمحہ فکریہ	۱۲۳
عصیٰ آدم ربہ فغویٰ اور عصیٰ و تولیٰ کا مطلب	۱۲۴
آخری توجیہ	۱۲۸
حضور ﷺ کی طرف مضاف لفظ ذنب کا ترجمہ گناہ بطور اضافت حقیقی کرنا کفر ہے	۱۳۰
مفتی محمد اقبال کا فیصلہ	۱۳۱
غلط مفسرین کے متعلق حضرت شیخ اکبر کا فیصلہ	۱۳۳
الاستغاثہ یا رسول اللہ	۱۳۶

مظہریت ملاکر ۲۶ علاقوں میں سے کوئی ایک علاقہ ہو تو کوئی لفظ اپنے معنی موضوع لہ کے علاوہ کسی دوسرے معنی میں مجازاً استعمال ہو سکتا ہے۔ تو مجاز کا استعمال لفظ میں ہوتا ہے معنی میں نہیں۔ یہ کہتے ہیں معنی میں مجاز ہے۔

مفتی محمد شفیع نے "معارف القرآن" میں یہی گستاخی بایں الفاظ کی ہے کہ خلاف اولیٰ کے لئے بطور ڈانٹ کے لفظ ذنب مجازاً استعمال ہوا ہے (معاذاللہ) سعیدی یہ گستاخی یوں کر رہا ہے کہ یہاں لفظ ذنب تو حقیقتاً گناہ کے معنی میں ہی مستعمل ہے۔اس کے باوجود اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے حقیقی معنی گناہ میں استعمال کردہ کو اس کے مجازی معنی میں بدل رہا ہے۔

محمد شفیع نے سنگل گستاخی کی کہ معاذاللہ خدا تعالیٰ نے حضور ﷺ کے خلاف اولیٰ (جو محمد شفیع کے نزدیک بھی معمولی بات ہے) کو گناہ کہہ دیا۔ محمد شفیع کی توجیہ کے خطرناک نتائج ہم بیان کر چکے ہیں ضرور دیکھیں۔

سعیدی و رکنی نے ڈبل گستاخی کی ہے،اول یہ کہ (معاذاللہ) اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو ذنب بہ معنی موضوع لہ گناہ کی ہی معافی دی۔ دوم یہ کہ انہوں نے اس اللہ تعالیٰ والے معنی کو خلاف اولیٰ و ترک افضل سے بدل ڈالا،اس طرح قرآن کی معنوی تعریف کی۔

سعیدی و رکنی چونکہ چودھویں صدی کے تازہ بتازہ علامہ و ڈاکٹر ہیں، اس لئے ہمیں ان کے ایسے شاہکاروں کے ایسے نتائج برداشت کر لینے کی پاور میں مداخلت کا تو کوئی حق نہیں مگر ان سے یہ پوچھ لینے کا ہمیں ضرور حق ہے کہ :

(۱) آپ نے ذنب کی تاویل کا لفظ بار بار بولا ہے اور تاویل کی تعریف یہ ہے انہ من الاول و ھوالرجوع الیٰ الاصل یعنی اصل مراد کی طرف لوٹنا علماً ہو یا عقلاً (روح المعانی)طلب مآل الشی (دستور العلماء ج ۱ ص ۲۶۷) تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ لفظ ذنب سے اللہ تعالیٰ کی مراد حضور کے گناہ نہیں خلاف اولیٰ کام ہیں اور سعیدی یہ بھی کہتا ہے کہ یہ "کسی قسم کا گناہ نہیں" (شرح مسلم ج ۷ ص ۳۰۷) تو سعیدی یہ بتائے کہ حضور ﷺ کے نہ گناہ کو اللہ نے ذنب گناہ کیوں بتایا؟ تمہارا اللہ تعالیٰ پر یہ افتراء ہے۔ ومن اظلم ممن افتری علی اللہ کذبا ۔تم ظالم ہو اپنا انجام سوچ لو اور حشر میں ان کی جواب دہی کے لئے تیار رہو۔

(۲) آیت لیغفر لک اللہ (الآیۃ) میں لک والا لام بہ معنی سبب ہونے کا آپ نے یہ کہہ کر انکار کیا ہے کہ کتب لغت میں مادہ غفر کے بعد والا لام تعلیل کے لئے ذکر نہیں ہوا۔ ہمیں بھی آپ کے پاس لغت کی تیئس کتابوں میں سے کسی ایک میں ہی ذنب کا معنی ترک افضل ،خلاف اولیٰ دکھا دیجئے!

مِفتاحِ سُنّت

(جلد اول)

بجواب

ایضاح سنت (جلد اول)

استاذ العلماء شیخ الحدیث والتفسیر

حضرت مولانا مفتی محمد عبد المجید خاں سعیدی رضوی

صدر شعبہ تدریس و افتاء و مہتمم جامعہ غوث اعظم و جامعہ سعیدیہ رحیم یار خان

باہتمام

فاضل نوجوان علامہ سید مظفر حسین شاہ صاحب قادری (کراچی)

قادریہ پبلشرز کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین نبینا وحبیبنا محمد وعلی الٰہ واصحابہٖ واتباعہٖ وعلینا معھم اجمعین○

پہلے اسے پڑھیے:-

مورخہ ۷ ربیع الآخر ۱۴۲۶ھ بمطابق ۱۶/مئی ۲۰۰۵ء بروز پیر بوقت ظہر کاظمی کتب خانہ رحیم یار خان کے ایڈریس پر عزیز گرامی حافظ محمد الیاس سعیدی صاحب کی معرفت مشہور دیو بندی مصنف مولوی محمد سرفراز خاں صاحب گکھڑوی کے فرزند جناب حافظ عبدالقدوس خاں صاحب قارن مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کی جانب سے بائی پوسٹ ایضاح سنت نامی ایک رسالہ موصول ہوا جسے فقیر راقم الحروف کی کتاب ''مصباحِ سنت'' (جو گکھڑوی صاحب موصوف کی سب سے زیادہ مایۂ ناز سمجھی جانے والی کتاب راہِ سنت کے فقیر کے قلم سے محررہ بالاستیعاب رد بلیغ کے سلسلہ کی پہلی کڑی اور اس کی جلد اوّل ہے) کا جواب ظاہر کیا گیا ہے۔ کتاب مذکور کا مطالعہ شروع کیا اس کے سرورق نیز ابتدائیہ (عرض حال) میں ماری گئی بڑھکوں اور تعلیوں سے یوں لگتا تھا کہ جیسے وہ مصباح سنت کا کوئی زبردست قسم کا علمی و تحقیقی جواب اور اس صدی کا ان کا سب سے بڑا قلمی شاہکار منظر عام پر لایا اور ہمیں ہمیشہ کے لیے مسکت الزام دے دیا گیا ہو مگر جوں جوں اگلے صفحات سامنے آتے گئے یہ غلط فہمی دور ہوتی گئی اور خود گکھڑوی صاحب کے لفظوں میں وہ کھودا پہاڑ اور نکلا چوہا (باب جنت صفحہ ۱۳) کا مصداق نکلا جس سے خود راہِ سنت کا بقلم خود خاتمہ کر کے اسے ابدی نیند سلا دیا گیا ہے۔ چنانچہ بہت سی وہ باتیں جو ہم ان سے منوانا چاہتے تھے نہایت سادگی کے ساتھ انہیں تسلیم کر لیا گیا ہے جیسے بیعتِ کذائیہ کا بدعت اور اشتراک لفظی کا شرک نہ ہونا نیز

پیشکش
محمد مشفق رضا نوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وہابیہ کی رسول دشمنی

(از قلم)

حضرت علامہ حسن نوری صاحب قبلہ وزیر گنجوی

(پیشکش) محمد مشفق رضا نوری کشنگنجوی

مولانا قاسم نانوتوی صاحب
جنکی بارگاہِ میں مولوی رفیع الدین صاحب پچیس
سال تک باوضو حاضر ہوے
جو دیابنہ کے نزدیک فرشتہ مقرب تھا
جنکو انسانیت سے بالا درجہ پایا
انکی پسندیدہ عادت بھی ملاحظہ فرمائیں
" مولانا نانوتوی بچوں سے ہنستے بولتے بھی تھے
اور جلال الدین صاحب زادہ مولانا محمد یعقوب
صاحب جو اس وقت بالکل بچے تھے بڑی ہنسی کیا
کرتے تھے کبھی ٹوپی اتارتے کبھی کمر بند کھول
دیتے تھے

(ارواح ثلاثہ ص256)

وہابی مذہب

حصہ اول

مولانا ابوالحامد محمد ضیاء اللہ قادری کوٹلوی

قادری کتب خانہ تحصیل بازار سیالکوٹ

نے اپنی کتاب "احیاء المیت" میں اپنے وہابی عوام کو خبردار کرتے ہوئے دیا ہے کہ:

"جماعت اہلِ حدیث اپنے ناقص العلم اور غیر محتاط نام نہاد علماء کی تحریروں اور تقریروں سے دھوکہ نہ کھائے۔ کیونکہ ان میں سے بعض تو پُرانے خارجی اور بے علم محض اور بعض پُرانے کانگریسی ہیں۔ جو کانگریس کا حقِ نمک ادا کرنے کے لیے ایک نہایت گہری زمین دوز (UNDER GROUND) تجویز کے تحت انگریزی پالیسی (DEVIDE AND CONQUER) تفرقہ ڈالو اور فتح کرو سے مسلمانوں کو اختلافی مسائل میں مشغول کرکے باہمی اتفاق میں رُکاوٹ اور مسلمانوں میں خصوصاً اہلحدیث میں تعصب پیدا کرنا چاہتے ہیں۔" (احیاء المیت ص۳۶)

مندرجہ بالا تحریر سے روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ تفرقہ اور انتشار کانگریسی مولویوں کی ایک نہایت گہری زمین دوز سازش ہے۔ اور عوام و خواص پر یہ بھی پوشیدہ نہیں کہ اہلِ سنت وجماعت بریلوی حضرات میں سے کانگریسی کوئی بھی نہیں۔ اگر کانگریسی ہیں تو وہ صرف اور صرف وہابی۔ دیوبندی مولوی ہیں۔ لہٰذا تفرقہ اور انتشار کے بس یہی ذمہ دار ہیں۔

مولوی اشرف علی تھانوی کی شہادت

غیر مقلدین وہابی حضرات کے ممدوح مولوی اشرف علی صاحب تھانوی واشگاف الفاظ میں یہ گواہی دیتے ہیں کہ:

"یہی حال غالی غیر مقلدین کا ہے۔ خصوصاً بدگمانی اور بدزبانی کا مرض ان میں خصوصیات سے ہے۔ شیعوں کی طرح تبرا ان کا بھی شعار ہے۔ بزرگوں کی شان میں گستاخی کرنا۔ ان کے یہاں بھی ذریعۂ نجات ہے۔ ایسی غیر مقلدی نیچریت کی پہلی سیڑھی

marfat.com

مسئلہ علم غیب پر ایک لازوال تاریخی دستاویز

نجم الرحمٰن

تصنیف

قدوۃ المحققین بحر العلوم علامہ حافظ

غلام محمود پپلانوی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ

تحقیق

محمد نعیم عباس

محمد قلندر خان

دار الاسلام

حضرت محدث حاجی الحرمین الشریفین مولانا محمد انور صاحب کشمیری کا دوسرا وعظ جو یکم مارچ ۱۹۲۷ء ضلع میاں والی میں ہوا ہے۔ اس کی طویل تقریر جو متعلق مسئلہ علم غیب ہوئی اور میرے پاس اس کے شاگردِ رشید کی تحریر شدہ آئی ہے ملخصاً یہ ہے:

یا سیّد الکمال یا سیّد البشر
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

مصنف عبد الرزاق میں حدیث ہے کہ پہلے پیغمبر ﷺ کا نور پیدا کیا گیا ہے۔ منبع نور مخلوقات کا نور نبی ﷺ سے نکلتا ہے۔ میری سمجھ میں ہے کہ جنت کی تقسیم نبی ﷺ کے تناسب سے ہوگی اشارات وروایات سے معلوم ہوتا ہے۔

حتیٰ کہ مولانا المحدث نے یہ فرمایا کہ مَیں یہاں اکیلا مولوی حسین علی کے مولانا مرحوم کے شاگرد ہونے کے واسطے آیا ہوں، اس کو نفع ہو یا کچھ نہ ہو مَیں اللہ اور رسول کے مطابق مسئلہ کروں گا، چوں کہ مجھے نبوت حاصل نہیں، اس لیے مَیں حقیقت نبوت نہیں پہچان سکتا، تم جاہل کیسے حقیقت نبوت کی پہچان کر سکیں گے، بل کہ ولی کی حقیقت بھی نہیں پہچان سکتا۔ کسی نے خوب کہا ہے:

ولی را ولی می شناسد، نبی را نبی می شناسد۔

صرف مسئلہ جو کچھ مجھے علم غیب کے متعلق معلوم ہے بتائے دیتا ہوں، نبی کریم ﷺ عالم اولین و آخرین ہیں، سارے انبیا کے علوم کی خدا تعالیٰ کے علم کے ساتھ وہ نسبت ہے جو قطرہ کو سمندر کے ساتھ ہے۔ حضرت محدث نے بخاری سے استدلال کیا جو قصہ حضرت موسیٰ و خضر میں وارد ہے، پھر فرمایا: فتجلّٰی لی کل شیء۔ تجلی کا معنی ہے: کھل جانا، یعنی سارا جہان آپ پر کھول دیا گیا ہے، آیا پہچانا گیا یا نہ یہ امر زیر بحث ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ جیسے تم لوگ مجھے نظر آ رہے ہو، لیکن مَیں تم کو پہچان نہیں سکتا، یا مثل آسمان،

https://ataunnabi.blogspot.com/



علمِ غیبِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلتِ علمی کے موضوع پر ایک نہایت ہی مدلل اور دلنشین تحریر اور منکرین کے شبہات کا کافی وشافی جواب

علامہ سید محمود احمد رضوی

A-1
701
3225

شعبۂ تبلیغ مرکزی دارالعلوم حزب الاحناف
گنج بخش روڈ، لاہور

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کرتا تھا۔ منافقین یہ تاثر دینا چاہتے تھے کہ جس نبی کے گھر کا یہ حال ہے اس کی نبوت و رسالت کی صداقت و حقانیت کو کیسے تسلیم کر لیا جائے۔ مگر حیرت و افسوس ہوتا ہے ان نام کے مسلمانوں پر جو منافقین کے اس ذلیل و رکیک الزام کے واقعہ سے بھی حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے علم و فضل کے انکار کی راہیں نکالنے کی مذموم کوشش کرتے ہیں۔

۲۔ ان سفہا کا کہنا ہے کہ اگر حضور علیہ السلام کو اپنی اہلیہ محترمہ کی پاکدامنی کا نزولِ وحی سے پہلے علم ہوتا تو آپ اضطراب و پریشانی میں کیوں مبتلا رہتے۔ سینتیس ۳۷ روز تک آپ اہل سے کیوں جدا رہتے۔ جب قرآنِ مجید نے جناب عائشہ کو پاکدامن اور منافقوں کو جھوٹا قرار دے دیا۔ تب جا کر اصل حقیقت آپ پر منکشف ہوئی۔
(نصیحۃ المسلمین مولوی خرم علی دیوبندی)

۳۔ لیکن ان تمام اُمور کو حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی لاعلمی کی دلیل بنانا عقلاً و شرعاً ہر طرح باطل ہے۔ امام فخر رازی تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں کہ انبیائے کرام کی ازواجِ مطہرات کافرہ تو ہو سکتی ہیں (جیسے حضرت لوط اور حضرت نوح علیہ السلام کی) مگر انبیائے کرام کی ازواج فاجرہ (بدکارہ) نہیں ہو سکتیں کیونکہ کفر نفرت دینے والی چیز نہیں ہے مگر بی بی کا فاجرہ (بدکار) ہونا باعثِ نفرت اور سخت بدنامی کا باعث ہوتا ہے۔ یہ ایسی اخلاقی خرابی ہے جسے کوئی بھی غیرت مند برداشت نہیں کر سکتا۔ اس لیے انبیائے کرام کی ازواج فاجرہ نہیں ہو سکتیں (تفسیر کبیر جلد ۶) اس ضابطہ کو بیان کرنے کے بعد ان کے ارشاد کا خلاصہ یہ ہے کہ قرآنِ مجید نے تصریح کی ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کفار کی نامعقول باتوں کو سن کر تنگدل اور مغموم ہو جایا کرتے تھے۔ حالانکہ نبی علیہ السلام کو معلوم تھا کہ کفار کے اقوال باطلِ محض ہیں۔ چنانچہ ارشادِ باری تعالےٰ ہے:۔

Click For More Books

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون ۝

تو اے لوگو! علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں

فتاویٰ حامدیہ

تصنیفِ لطیف

حجۃ الاسلام حضرت علامہ مفتی محمد حامد رضا خاں قادری برکاتی قدس سرہٗ

جمع و ترتیب

مولانا محمد عبد الرحیم نشتر فاروقی

مرکزی دار الافتاء بریلی شریف

ان صاحبوں سے ضرور شکایت ہوئی اور ہے جب یہ سب بنا بنایا کھیل بگاڑ دیا تو مجبوراً میں اور دوسرے صاحبان بھی اٹھ کر چلے آئے، زمانہ شناسی اگر ہوتی تو اس وقت دیو بندیوں پر بری بنی تھی جگہ جگہ انھیں ذلت و رسوائی کا سامنا تھا، مسلمان ان سے متنفر ہو رہے تھے اگر یہ ''تنظیم علمائے اہلسنت'' ہو جاتی تو ہماری آواز نہ صرف کانگریس کے لئے زلزلہ افگن ہوتی بلکہ احرار ''جمیعۃ العلماء'' دہلی اور تمام کانگریسی دیو بندی مولوی سب سے مسلمان جدا ہو کر اہلسنت کے ساتھ ہوتے اور اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آواز حق بلند کرتے ان کی سچی غلامی کا دم بھرتے میں ضرور اس کی ضرورت محسوس کرتا تھا اور اس وقت جو ملک کی حالت مسلمانوں کے لئے ہے وہ کھلی آنکھوں کے سامنے ہے، مشرکین ہمارے دین اور مساجد کی توہین کر رہے ہیں، قربانی گاؤ اور اذان جیسے شعائر دین بند کئے جا رہے ہیں، مسلمانوں کی جان و مال و عزت و آبرو سخت خطرے میں ہے، اسلام کے نام لیوا محض اس جرم پر کہ ''مسلمان'' ہیں ذبح کئے جا رہے ہیں، کیا اب بھی ضرورت شرعی کا تحقق نہیں ہوتا؟

حضرت سید محمد میاں صاحب نے مارہرہ شریف میں خود اس کا اعتراف کیا کہ حالت مختصہ ہے، میں نے اس مسئلہ میں تنقیح کے متعلق بحث و تمحیص کے طور پر تقریر کی تھی، اس سے میری غرض کسی کی موافقت یا مخالفت ہرگز نہ تھی، میری اس تقریر کی بنا پر اتہامات و افترائات کئے جا رہے ہیں، میں اب بھی یہ کہنے کو تیار ہوں کہ ضرورت شرعیہ

فتاویٰ صدرُالافاضل

خلیفہ اعلیٰ حضرت

صدرُالافاضل فخرُالاماثل

سیّد محمّد نعیمُ الدّین مُرادآبادی علیہ الرحمۃ

شبیر برادرز

اردو بازار ○ لاہور

ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے۔

قطع نظر اس سے کہ ان صاحبوں کے اس حکم شرک سے اسلام کا کوئی بزرگ اور امت کا کوئی عالم نہیں بچتا۔ اور تمام دنیائے اسمٰعیلی ورشیدی شرک میں مبتلا نظر آتی ہے لطف کی بات یہ ہے کہ اس شرک کے پٹہ سے اپنوں کی گردنیں بھی نہ بچ سکیں، مولوی اشرف علی تھانوی اور مرتضیٰ حسن چاندپوری بھی پھنس گئے، کیوں کہ وہ علم غیب کو نبی کے لئے لازم بتاتے ہیں چنانچہ توضیح البیان صفحہ ۴ میں ہے حفظ الایمان میں اس امر کو تسلیم کیا گیا ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب باعطائے الٰہی حاصل ہے چنانچہ اس عبارت سے کہ نبوت کے لئے جو علوم لازم اور ضروری ہیں وہ آپ کو بتمامہا حاصل ہو گئے تھے۔ الخ اب مولوی مرتضیٰ حسن اور مولوی اشرف علی تھانوی دونوں مولوی رشید احمد گنگوہی اور مولوی اسمٰعیل کے فتوے سے مشرک ثابت ہوئے اور ممکن نہیں کہ وہ اس شرک کو اٹھا سکیں، الحاصل اگر ان غیوب خمسہ کے باب میں بسط کیا جاوے تو غالباً دس گیارہ جزو کا ایک اور رسالہ خاص اسی بحث میں مرتب ہو جائے۔ اس لئے تطویل سے اعراض کیا، اللہ جل شانہ اسی مختصر کو باعث ہدایت مخالفین فرمادے۔

شبہہ ہفتم

سفر میں حضرت فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عائشہ رضی اللہ عنہا تھیں ان کا ہار گم گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں ٹھہر گئے، صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے ہار ڈھونڈا اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوتا تو کیوں نہ بتاتے۔؟

یورپ کے نوپید مسائل کے شرعی حل کا عظیم شاہکار

فتاویٰ یورپ

تصنیف مفتی عبد الواجد قادری

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور

بنام مولوی اشرف علی صاحب تھانوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

السلام علیٰ من اتبع الھدیٰ ۔ فقیر بارگاہِ عزیز وقدیر عز جلالہ تو مدتوں سے آپ کو دعوت دے رہا ہے۔ اب حسب معاہدہ قرار داد مراد آباد پھر محرک ہے کہ آپ سوالات ومواخذات حسام الحرمین کی جوابدہی کو آمادہ ہوں۔ میں اور آپ جو کچھ کہیں لکھ کر کہیں۔ اور سنادیں اور وہی دستخطی پرچہ اسی وقت فریقین مقابل کو دیدیئے جائیں کہ فریقین میں سے کسی کو کہہ کے بدلنے کی گنجائش نہ رہے۔ معاہدہ میں ۲۷ صفر مناظرہ کے لئے مقرر ہوئی ہے۔ آج پندرہ کو اس کی خبر مجھ کو ملی۔ گیارہ روز کی مہلت کافی ہے وہاں بات ہی کتنی ہے۔ اسی قدر کہ یہ کلمات شانِ اقدس حضور پُر نور سید عالم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں توہین ہیں یا نہیں؟ یہ بعونہ تعالیٰ دو منٹ میں اہلِ ایمان پہ ظاہر ہوسکتا ہے۔ لہٰذا فقیر اس عظیم ذوالعرش کی قدرت ورحمت پر توکل کر کے یہی ۲۷ صفر روز جاں افروز دوشنبہ اس کے لئے مقرر کرتا ہے۔ آپ فوراً قبول کی تحریر اپنی مہری دستخطی روانہ کریں۔

فقیر احمد رضا قادری عفی عنہ

۱۵ صفر المظفر روز چہار شنبہ ۱۳۲۹ھ

مہر

یہ اُس مبارک خط کی تلخیص ہے جو طے شدہ معاہدہ کے مطابق اعلیٰحضرت عظیم البرکۃ امام احمد رضا فاضلِ بریلوی علیہ الرحمۃ نے اُس وقت کے دیوبندی سرغنہ مولوی اشرفعلی تھانوی کو لکھا۔ لوگوں کو یقین تھا کہ مراد آباد کے اندر ۲۷ صفر کو ایسا تاریخی فیصلہ ہوگا جو برصغیر کے اندر ہمیشہ آبِ زر سے لکھا جائے گا۔ مگر دبدبۂ سکندری اور تذکرۂ جمیل کے مطابق مناظرہ کے لئے پہل کرنے کے باوجود مولوی اشرفعلی تھانوی نے رجوع واتحاد کی راہوں سے گریز کرتے ہوئے مراد آباد آنے سے انکار کر دیا۔

میں کس کس جانب آپ کی توجہ کو مبذول کراؤں آپ بحمدہ تبارک وتعالیٰ

فقیہ اسلام

ڈاکٹر حسن رضا اعظمی

ادارہ تصنیفات امام احمد رضا۔ کراچی

کے معتقدین کو کہا جاتا ہے۔ عہد صحابہ میں جب حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما کا اختلاف شروع ہوا تو مسلمانوں کے دو نئے نام تاریخ کے صفحات پر ملتے ہیں شیعی (محب علی)، عثمانی (محب معاویہ) پھر جب ائمہ مجتہدین کا زمانہ آیا تو حضرت امام اعظم ابوحنیفہ (۸۰/۱۵۰ھ) حضرت امام مالک (۹۳/۱۷۹) حضرت امام شافعی (۱۵۰/۲۰۴) حضرت امام حنبل (۱۶۲/۲۴۱) رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے اپنے اپنے طور پر قرآن و احادیث سے مسائل شرعیہ مستنبط کئے جس کی روشنی میں مختلف فقہی طبقات پیدا ہو گئے۔ مسلمانوں کے یہ طبقات چار نام سے موسوم ہوئے حنفی مالکی، شافعی، حنبلی۔ ان حضرت کے دور میں کچھ جدید مسائل ایسے پیدا ہو گئے جس کی بنیاد پر مسلمانوں میں شدید کش مکش اور اختلاف پیدا ہو گئے جس کے نتیجے میں بہت سے مناظرے اور بے شمار مجادلے ہوئے۔

اختلاف کے نتیجہ میں اس وقت کئی جماعتیں عالم وجود میں آئیں۔ بریلوی دیوبندی نیچری، اہل قرآن، وہابی۔

بریلوی جماعت کے مقتدا مولٰنا احمد رضا خاں ہیں۔ جن کے ماننے والوں کی تعداد ہندوستان میں بے شمار ہے

دیوبندیوں کے مقتدا مولوی اسماعیل دہلوی، مولوی قاسم نانوتوی۔ مولوی رشید احمد گنگوہی۔ مولوی اشرف علی تھانوی۔ مولوی محمود الحسن ہیں۔ ان کے ماننے والے بھی ہندوستان میں اچھی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔

نیچری کے بانی سرسید احمد خاں صاحب ہیں۔ (۱۸۱۷/۱۸۹۸)۔ نیچری وہ مسلمان ہیں جو سرسید کے ہم خیال ہیں۔ جب سائنس کی ترقی بام عروج پر پہنچی تو سائنسداں حضرات نے مباحثوں میں بہت سے دانشور سے عقل و ضمیر کی تائید حاصل کر لی۔ اس وقت یورپ کے کچھ مسلمان سائنسدانوں سے متفق ہو گئے۔ سائنسی فرقہ اتنا

فیصلۂ مقدسہ

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کے وصال کے دو سال بعد
ترتیب دی جانیوالی کتاب "حدائقِ بخشش حصہ سوم" اور اس
کے مرتب مولانا محبوب علی خاں لکھنوی کی تحیّر خیز داستان
مع "اظہارِ حقیقت بر ماتمِ اوراقِ غم" از علامہ ابوالحسنات قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ

ترتیب

مولانا محمد عزیز الرحمٰن بہادر پوری

المدینۃ الرضویۃ پبلشنگ کمپنی
لاہور پاکستان

مقصد یہ ہے کہ ان سات اشعار کی نسبت امام احمد رضا بریلوی کی طرف غیر یقینی ہے کہ انہوں نے یہ اشعار کافرہ عورتوں کے بارے میں کہے ہیں یا نہیں، جبکہ یہ امر یقینی ہے کہ یہ اشعار ام المومنین کے بارے میں ہرگز نہیں کہے گئے۔

حضرت مولانا مصطفےٰ رضا خاں بریلوی فرماتے ہیں:

"اعلیٰ حضرت تو اعلیٰ حضرت کوئی بھی ادنیٰ سے ادنیٰ جاہل باحمیت وغیرت معاذاللہ انہیں منقبت میں نہ لکھے گا۔"[۱]

۳- یہ ایک کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ حدائق بخشش حصہ سوم، امام احمد رضا بریلوی کے وصال کے بعد مرتب اور شائع ہوا، کیونکہ ان کا وصال صفر ۱۳۴۰ھ / ۱۹۲۱ء میں ہوا اور حصہ سوم ذوالحجہ ۱۳۴۲ھ / ۱۹۲۳ء میں مرتب ہوا۔[۲]

پھر کتاب کے ٹائٹل پر بھی واضح طور پر لکھا ہوا ہے:

الشاہ عبدالمصطفےٰ محمد احمد رضا خاں صاحب فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ ورحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

تعصب اور عناد سے ہٹ کر غور کیا جائے، تو کسی طرح بھی ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شان میں گستاخی اور بے ادبی کا الزام امام احمد رضا بریلوی پر عائد کرنے کا جواز پیدا نہیں ہوتا۔

جناب مقبول جہانگیر، راجا رشید محمود کی تصنیف "اقبال قائداعظم اور پاکستان" پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"مولانا اشرف علی تھانوی کی ایک تالیف "احکام اسلام عقل کی نظر میں" کے بارے میں یہ کہنا کہ مولانا تھانوی نے اس کتاب میں مرزا غلام احمد قادیانی کی کتابوں

۱۔ محمد عزیز الرحمٰن بھاؤپوری: فیصلہ مقدسہ شرعیہ قرآنیہ ص ۳۵

۲۔ محمد محبوب علی خاں، مولانا: حدائق بخشش حصہ سوم، مطبوعہ نابھہ شیم پریس، ناہن، ص

قرآن وحدیث کی روشنی
میں کونڈوں کے شرعی جواز پر مدلل تحریر

کونڈے
بھی ایک مقصد
رکھتے ہیں

مؤلف
مولانا عبد المصطفیٰ محمد مجاہد العطاری القادری
شاہ جمال آستانہ عالیہ جھلاد شریف

ناشر
اکبر بک سیلرز لاہور

سئور سے لے کر ذلوالیں تاکہ ان کی مزید گستاخیاں بڑھیں۔

مولوی اشرف علی تھانوی کا عقیدہ:

مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی صاحب سے سوال کیا گیا کہ اگر نیک عمل کا ثواب دوسروں کی روح کو بخشا جائے تو بخشنے والے کے لئے کیا نفع ہوا؟ اس کے جواب میں مولانا حدیث کا حوالہ دینے کے بعد لکھتے ہیں۔

''ثواب بخش دینے سے بھی عامل کے پاس پورا ثواب رہتا ہے۔''

(امداد الفتاویٰ ج 5 ص 399)

نیز لکھتے ہیں

ہر شخص کو اختیار ہے کہ عمل کا ثواب مردہ کو یا زندہ کو دے دے جس طرح مردہ کو ثواب پہنچتا ہے اسی طرح زندہ کو بھی پہنچ جاتا ہے۔ (التذکیر حصہ سوم ص 55)

تھانوی صاحب ایصال ثواب کرنے کے ادب کے بارے میں لکھتے ہیں کہ ادب یہ ہے کہ کچھ پڑھ کر علیحدہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کو ثواب بخش دیا کرو، زیادہ کی ہمت نہ ہو مثلاً تین بار ''قل هو الله احد'' پڑھو ایک کلام مجید کا ثواب پہنچ جائے گا۔ (کمالات اشرفیہ ص 190)

کمالات اشرفیہ میں ہے

فرمایا میں جو کچھ روزمرہ پڑھتا ہوں اس کا ثواب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اور تمام صحابہ کرام علیہم الرضوان اور تمام انبیاء علیہم السلام وصلی ، عام مسلمین ومسلمات کو جو مر چکے ہیں یا موجود ہیں یا آئندہ ہوں گے سب کو بخش دیتا ہوں۔ (کمالات اشرفیہ ص 191)

فائدہ نمبر 1

ملاحظہ فرمائیے کہ

دیوبندیوں کے امام صاحب فرماتے ہیں کہ کچھ پڑھ کر ایصال ثواب کیا کرو تو پہنچ

بقیع
MAY 2018
289
Regd. # MC-1177

کیا "مکالمۃُ الصدرین" جعلی کتاب ہے؟

مؤلف
میثم عباس قادری رضوی

جمعیّت اِشاعت اہلِسنّت پاکستان

ذوق اور ملکہ عطا فرمایا ہے، دراصل حافظ صاحب سلّمہ نے اکابر علماء ومشائخ کے حالات وخدمات سے نئی نسل کو روشناس کرانے کا تہیہ کیا ہوا ہے اور اس سلسلہ میں ان کی متعدّد تصانیف منظرِ عام پر آچکی ہیں، زیرِ نظر کتاب ''تحریک پاکستان کے عظیم مجاہدین'' بھی ان کی قابلِ قدر تصنیف ہے، جو تحریکِ آزادی کے چالیس نامور علماء ومشائخ کے ناقابلِ فراموش کارناموں پر مشتمل ایک عظیم معلوماتی ذخیرہ ہے، حق تعالیٰ حافظ صاحب سلمہ کو اس کی جزائے خیر عطا فرمائیں اور اسے نافع ومفید فرمائیں، آمین۔''

(تحریک پاکستان کے عظیم مجاہدین، پیش لفظ، صفحہ۱۴، طیب اکیڈمی، بیرون بوہڑ گیٹ، ملتان)

قارئین! حافظ اکبر شاہ بخاری دیوبندی کی کتاب کے متعلق مولوی عبد الشکور ترمذی دیوبندی صاحب کے تاثرات آپ نے ملاحظہ کیے۔ تقریظ کے متعلق جو وضاحت میں پہلے کر آیا ہوں اسے ذہن میں لے آیئے، اس تقریظ سے ثابت ہوا کہ مفتی عبد الشکور دیوبندی کے نزدیک حافظ اکبر شاہ بخاری دیوبندی کی کتاب کے مندرجات درست ہیں۔

حافظ اکبر شاہ بخاری دیوبندی اور مفتی عبد الشکور دیوبندی کا ''مکالمۃُ الصَّدرَین'' پر اعتماد:

☆ اب آیئے اور ''مکالمۃُ الصَّدرَین'' کی توثیق حافظ اکبر شاہ بخاری دیوبندی کے قلم سے ملاحظہ کیجیے، جس میں انہوں نے ''مکالمۃُ الصَّدرَین مرتّبہ مولانا محمد طاہر قاسمی'' کی سرخی دے کر اسکے تحت لکھا ہے:

''علماء کے ایک وفد نے حضرت علامہ عثمانی سے ملاقات کی، جس کی

مکتبۃ الفہیم
MAKTABA AL-FAHEEM-MAU



مسئلہ امام مہدی آخرالزماں اور اس کی شرعی حیثیت

مولانا محفوظ الرحمٰن فیضی
شیخ الجامعہ جامعہ اسلامیہ فیض عام

مکتبۃ الفہیم
مئوناتھ بھنجن یوپی

۳۹- شیخ محمد جعفر کتانی متوفی ۱۳۴۵ھ فصل سوم میں مذکور ہوا کہ آپ نے احادیث مہدی کو متواتر قرار دیا ہے۔

۴۰- مولانا انور شاہ کشمیریؒ متوفی ۱۳۵۲ھ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ جب عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کا نزول ہوگا تو امیر المومنین ان سے کہیں گے چلئے آپ ہی نماز پڑھایئے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام جواب دیں گے، نہیں آپ ہی امامت کیجئے (مسلم) مولانا کشمیریؒ اپنی کتاب ''عقیدۃ الاسلام'' (ص: ۲۹) میں اس کی توضیح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

''مطلب یہ ہے کہ اس نماز میں عیسیٰ علیہ السلام امامت نہیں کریں گے تاکہ کسی کو یہ وہم نہ ہو کہ امت محمدیہ کی امامت وخلافت کا دور ختم ہوگیا، البتہ اس کے بعد دوسری نمازوں میں امامت کریں گے اس لئے کہ وہ امام مہدی سے افضل ہیں (کیونکہ دنیا میں ان کی آمد گرچہ بحیثیت نبی نہیں ہے، تاہم وہ نبی ہیں معصوم ہیں اس لئے افضل ہیں) اور امام افضل شخص کو ہونا چاہئے''۔

۴۱- مولانا عبدالرحمٰن محدث مبارکپوری، متوفی ۱۳۵۳ھ، تحفۃ الاحوذی شرح جامع ترمذی میں باب ماجاء فی المہدی، کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں:

''احادیث متعلقہ مہدی بہت زیادہ ہیں، لیکن ان میں اکثر ضعیف ہیں، عبداللہ بن مسعود کی یہ حدیث بلاشک وشبہ حسن ہے، اور پھر حسن اور ضعیف بہت سی حدیثیں ہیں جو اس کی شاہد ومؤید ہیں اس لئے یہ حدیث اپنے شواہد کے ساتھ مل کر بلاشبہ حجت ہے، پس ظہور مہدی کا عقیدہ رکھنا ہی حق اور صواب ہے۔ واللہ اعلم۔

۴۲- علامہ شیخ احمد شاکر متوفی ۱۳۷۷ھ، مسند احمد سنن ابوداؤد وغیرہ کے اندر عبداللہ ابن مسعود سے مروی حدیث مہدی پر مورخ ابن خلدون نے خواہ مخواہ نقد وجرح کی ہے اور اسے معلول وضعیف قرار دینے کی کوشش کی ہے، شیخ موصوف نے مسند احمد پر اپنی تعلیق میں اس کا جواب دیا ہے اس کے بعد لکھا ہے کہ

''امر مہدی سنت صحیحہ سے ثابت ہے، اور بکثرت صحابہ سے بہ طرق کثیرہ مروی ہے، اس کی صحت میں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہوسکتی''۔

مکتوباتِ امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مرتبہ

مولانا پیر محمود احمد قادری

نہ مرا نوش زتحسین نہ مرا نیش زطعن
نہ مرا گوش بمدحی نہ مرا ہوش ذمی
منم و کنج خمولی کہ نگنجد در وی
جز من و چند کتابے دوات و قلمی

مکتبہ نبویہ
لاہور

بنام مولوی اشرف علی تھانوی

(۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین ہ

الحمد للہ اس فقیر بارگاہ غالبِ قدیر عز جلالہ کے دل میں کسی شخص سے نہ ذاتی مخالفت، نہ دنیوی خصومت، مجھے میرے سرکار ابد قرار حضور پُر نور سید الابرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے محض اپنے کرم سے اس خدمت پر مامور فرمایا ہے کہ مسلمان بھائیوں کو ایسوں کے حال سے خبردار رکھوں جو مسلمان کہلا کر اللہ واحدِ قہار جل جلالہ اور محمد رسول اللہ ماذون مختار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شانِ اقدس پر حملہ کریں تاکہ میرے عوام بھائی مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بھولی بھیڑیں ان ذیابٌ فی ثیابٍ[1] کے جبّوں عماموں مولویت مشیخت کے مقدس ناموں قال اللہ قال الرسول کے روغنی کلاموں سے دھوکے میں آکر شکارِ گرگانِ خونخوار نہ ہوں کہ معاذ اللہ سقر میں نہ گریں۔

یہ مبارک کام بحمد المنعام اس عاجز کی طاقت سے بدرجہا خوب تر و فزوں تر ہوا اور جب تک وہ چاہے گا ہوگا۔ ذٰلک من فضل اللہ علینا وعلی الناس و الحمد للہ رب العٰلمین۔ اس سے زیادہ کچھ مقصود، نہ کسی کی سب وشتم اور بہتان و افترا کی پرواہ، میرے سرکار نے مجھے پہلے ہی سنا دیا تھا کہ:

وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا	بیشک ضرور تم مخالفوں کی طرف سے
الْکِتٰبَ مِنْ قَبْلِکُمْ وَمِنَ الَّذِیْنَ	بہت کچھ بُرا سنو گے اور اگر صبر و
اَشْرَکُوْٓا اَذًی کَثِیْرًا وَاِنْ تَصْبِرُوْا	تقوےٰ کرو تو وہ بڑی ہمت کا کام ہے۔

---

[1] کپڑوں میں چھپے بھیڑیئے۔

[illegible]

مقیاس نور

حضرت پیر طریقت رہبر اسلام

ابو عبدالوہاب مولانا محمد عمر اچھروی

الناشر:

مکتبہ سلطانیہ — مدینہ منزل

۱۸۰ - ے جان کالونی سلطانی روڈ گرین ٹاؤن لاہور

فون: ۷۵۹۹۲۳۵۷

پچیسویں دلیل

دارمی شریف ۶ — اخبرنا نعیم بن حماد ثنا بقیہ عن بحیر عن خالد بن معدان ثنا عبد الرحمن بن عمرو السلمی عن عقبہ بن عبد السلمی انہ حدثہم وکان من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اور دوسری سند یہ ہے۔

چھبیسویں دلیل

مستدرک ۲/۶۱۶ — حدثنا ابو الحسن احمد بن محمد العنزی ثنا عثمان بن سعید الدارمی ثنا حیوۃ بن شریح الحضرمی ثنا بقیہ بن الولید ثنا بحیر بن سعید عن خالد بن معدان عن عتبہ بن عبد السلمی ان رجلا سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیف کان اول شانک یا رسول اللہ حتی بلغنا امی فقالت ادیت امانتی وذمتی وحدثتھا بالذی لقیت فلم یرعھا ذالک فقالت انی رایت خرج منی نورا اضاءت منہ قصور الشام ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم ولم یخرجاہ

اب حدیث مذکورہ کی تائید آپ کے مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کی زبانی کرا دیتا ہوں۔

مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا اقرار

فتاوی رشیدیہ حصہ دوم ۱۳۴ — مسئلہ: اول ما خلق اللہ نوری اور لولاک لما خلقت الافلاک یہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں یا وضعی زیدان کو وضعی بتلاتا ہے فقط بینوا و توجروا

الجواب: یہ حدیثیں کتب صحاح میں موجود نہیں ہیں۔ مگر شیخ عبد الحق رحمۃ اللہ علیہ نے اول ما خلق اللہ نوری کو نقل کیا ہے کہ اس کی کچھ اصل ہے۔ فقط واللہ تعالی اعلم

بندہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ

مِن دُونِ اللہ کون ہیں؟

حضرت مولانا علامہ محمد صدیق ملتانی مدظلہ العالی

مکتبہ نوریہ رضویہ ۞ گلبرگ اے ۞ فیصل آباد

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے ایک لاکھ قندیل پیدا فرمائی ہے اور انہیں اپنے عرش کے معلق فرمایا۔ سارے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے حتیٰ کہ جنت و دوزخ صرف ایک قندیل میں ہے اور باقی میں جو کچھ ہے وہ صرف اللہ ہی جانتا ہے۔

جب ایک قندیل اتنی وسیع ہے تو باقی تمام قندیلوں کی عظمت اور وسعت کا اندازہ کون کرسکتا ہے۔ پتہ چلا عرش کا محیط انسانی عقل وفکر سے وراء الوریٰ ہے۔

ب: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

عَلٰی عَرْشِ الْجَلِیْلِ جَلَّ جَلَالُهٗ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَّسِتُّوْنَ بُرْجًا مِنْ یَاقُوْتَةٍ حَمْرَاءَ اَوْ زَمُرَّدَةٍ خَضْرَاءَ اَوْیَاقُوْتِ اَبْیَضَ کُلُّ بُرْجٍ اَوْسَعُ مِنَ الدُّنْیَا سَبْعِیْنَ اَلْفَ مَرَّةٍ (۲/۶۷ مسند الفردوس)

ترجمہ: خدا تعالیٰ کے عرش پر سرخ یاقوت یا سبز زمرد یا سفید یاقوت کے تین سو ساٹھ برج ہیں اور ہر برج دنیا سے ستر ہزار گنا سے بھی بڑا ہے۔

اس سے آپ اندازہ لگالیں کہ عرش کتنا بڑا ہوگا اور اس کا محیط کتنا بڑا ہوگا اور اللہ کا نبی اس کے گھیرے کو دیکھ رہا ہے۔

ج: عرش کا عظیم ہونا اس بات سے ظاہر ہے کہ آفتاب زمین سے ڈیڑھ سو حصہ سے بھی بڑا ہے اور آسمان میں کتنی ذرا سی جگہ پر موجود ہے۔ پس آسمان کتنا بڑا ہوا پھر دوسرا اس سے بڑا ہوا' تیسرا اس سے علیٰ ہذا القیاس' ساتواں آسمان کس قدر بڑا ہوگا اور ساتویں آسمان کرسی کے سامنے ایسے ہیں جیسے بڑی ڈھال میں سات درہم ڈال دیئے جائیں پھر کرسی عرش کے سامنے ایسی ہی چھوٹی ہے اس سے عرش کی عظمت کا اندازہ لگالیجئے۔ (تفسیر بیان القرآن زیرآیت لقدجاکم رسول ازمولوی اشرف علی تھانوی)

رہی یہ بات کہ عرش کے گرد فرشتے کتنے ہیں تو اس کے متعلق امام فخر الدین رازی

مناظرۂ اہلسنّت (بریلوی)



تحریر

اعلیٰ حضرت کا ادنیٰ خادم

مولانا محمد جہانگیر نقشبندی رضوی

نظرثانی

ابو ضیاء شیخ محمد منور علی عطاری قادری

سنی: فقیر تم کو واضح آیت سے بتادے کہ یا ایھا النبی جس کا ترجمہ ہے۔اے غیب کی خبر دینے والے یعنی نبی کا معنیٰ ہے غیب کی خبر دینے والے کے ہیں اور یہ معنی تمام مفسرین اور محدثین نے کیا ہے بس اسی سے مسئلہ کا حل ہو گیا۔

دیوبندی: لیکن ہمارے مولویوں نے تو یہ ترجمہ نہیں کیا۔

سنی: تمہارے مولوی تو جاہل ہیں اس لئے کہ نبی عربی کا لفظ ہے اس کا اردو ترجمہ کرنے سے یہ عقیدہ ختم ہو جاتا اس لئے ترجمہ گول کر گئے۔

دیوبندی: مگر پھر بھی میں دیکھوں گا کہ واقعی نبی کا ترجمہ غیب کی خبریں دینے والے کے ہیں یا نہیں۔

سنی: جی بالکل دیکھیں لیکن تم مانو گے نہیں کے اس لئے کہ تم کو قرآن وحدیث سے جتنے بھی دلائل دیئے جائیں اور اگر تمہارے مولوی بڑے گزرے ہیں ان سے علم غیب کا ثبوت دو تو تم فوراً مان جاتے ہو۔

دیوبندی: ہمارے علماء نے اقرار کیا ہے علم غیب کے بارے میں کیا ثبوت ہے تمہارے پاس اس بات کا۔

سنی: تمہاری مستند کتابوں میں براہین قاطعہ مولوی خلیل احمد نے لکھا اور تمام دیوبندیوں کے پیر حاجی امداد اللہ مکی نے شمائم امدادیہ میں لکھا ہے اچھی طرح غور سے پڑھو اور بتاؤ کیا فتویٰ ہے ان پر۔

دیوبندی: بھئی فتویٰ وغیرہ تو مفتی دیں گے میں تو سیدھا سادھا مولوی ہون اگر عقلی دلیل ہے تو بتاؤ۔

سنی: ویسے تو پوری امت کو مار ڈالا کافر بنا بنا کر اور اب سیدھے سادھے مولوی بنتے ہو خیر عقلی دلیل بھی دیکھ لو کہ معراج میں حضور علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا اور سب سے بڑا غیب اللہ تعالیٰ ہے جب اس نے اپنے آپ کو نہیں چھپایا تو اور کون سی چیز رہ گئی

میثم قادری

بفیضِ حضور مفتیِ اعظم علامہ شاہ محمد مصطفےٰ رضا خاں قادری نوری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

اشاعت بموقع: ۲۵ سالہ عرس مفتیِ اعظم



رُوداد
مُناظرہ کٹیہار ۲۰۰۵ء

بمقام املک پور ہاٹ، ضلع کٹیہار، بہار

سُنی مناظر: مفتی مطیع الرحمٰن رضوی

دیوبندی مناظر: مولانا طاہر گیاوی

مرتب: شکیل احمد سبحانی

رضوی کتاب گھر دہلی ۶

تو مٹ گئے اور اپنی منحوسیت چھوڑ گئے۔ اُن کے وارثین اُن کے چھوڑے ہوئے عذاب جاریہ کی تبلیغ و اشاعت میں سرگرداں ہیں۔

مناظرہ ملک پور ہاٹ بہار کی اس روداد میں علمائے دیوبند کے ایک ایسے ہی من گھڑت عقیدے پر بحث ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اور اہل سنت و جماعت پر بہتان تراشی کیلئے وہابیوں نے اپنے ترجمان کی حیثیت سے مولانا طاہر گیاوی صاحب کو آزاد چھوڑ دیا۔ حالانکہ گیاوی صاحب اب بوڑھے ہو چکے ہیں لیکن بدعقیدگی پھیلانے کا اُن کا حوصلہ ابھی بوڑھا نہیں ہوا ہے۔ گیاوی صاحب کی چرب زبانی سے دیوبندی حلقوں میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ کوئی بے مثل مقرر اور عالم ہیں۔ جب کہ ایسا ہر گز نہیں ہے۔ بلکہ میری اپنی سمجھ کے مطابق مولانا طاہر گیاوی کی ذات ہم تو ڈوبے ہیں صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے، کی مصداق ہے کہ چرب زبانی الگ چیز ہے اور حقیقت بیانی چیزے دیگر۔

مولانا طاہر گیاوی کے متعلق میرا یہ خیال مسلکی عصبیت کی بنیاد پر ہر گز نہیں ہے بلکہ یہ رائے میں نے اُن کی چند تقریروں کو کیسٹ کے ذریعے سننے کے بعد اب سے چار پانچ سال قبل قائم کی تھی۔ میں نے مولانا طاہر گیاوی کی جو پہلی تقریر سنی تھی اُس میں اُنہوں نے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کے مشہور زمانہ کلام ''مصطفےٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام'' کے متعلق اپنی پوری گھن گرج کے ساتھ کہا تھا کہ یہ سلام، اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں بھیجا گیا ہے، بلکہ مولانا احمد رضا خان نے اپنے صاحبزادے مصطفےٰ رضا خان بریلوی (حضور مفتی اعظم رحمۃ اللہ علیہ) پر اس پورے قصیدے میں سلامتی بھیجی ہے۔ اسی کے ساتھ انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ درود پڑھو تو صرف اور صرف درود ابراہیم پڑھو۔ یہ سن کر میں دنگ رہ گیا کہ جب یہی بات تھی تو پھر دیوبند کی مذہبی کتاب ''فضائلِ اعمال'' میں درود ابراہیم کے علاوہ دوسرے پچیسوں انداز اور صیغہ جات میں درود لکھنے اور اس کے فضائل بیان کرنے کی حماقت کیسے مولانا زکریا صاحب نے کر ڈالی؟ کھڑے ہو کر درود وسلام پڑھنے پر سخت تنقید کرتے ہوئے مولانا طاہر گیاوی صاحب نے اپنی اُس تقریر میں یہ بھی کہا تھا کہ جب نماز میں بیٹھ کر درود وسلام بھیجنے کا طریقہ بتا دیا گیا تو کھڑے ہو کر درود پڑھنا بدعت قرار دیا جائے گا۔ مولانا طاہر گیاوی صاحب کی اس بات پر بھی میں حیران ہو کر سوچنے لگا کہ نماز جنازہ میں تو کھڑے ہو کر بھی درود کا سلیقہ سکھایا گیا ہے۔ کیا طاہر گیاوی صاحب

نبوتِ مصطفیٰ ﷺ ہر آن ہر لحظہ

سید الانبیاء ﷺ کے پیدائشی نبی ہونے پر ایک بے مثال تحقیق

پروفیسر محمد عرفان قادری



ناشر
فرید بک سٹال ۳۸۔ اردو بازار لاہور

سے چڑھنے لگے مگر ظہور ہوگا کسی تحصیل میں بھیجے جانے کے بعد۔''

(نشر الطیب، ص:۷، حاشیہ: دوسری اور تیسری روایت)

۳۴: انھی کے مفتی شفیع رقم طراز ہیں:

''بلکہ آپ کی نبوت کا زمانہ اتنا وسیع ہے کہ آدم علیہ السلام کی نبوت سے پہلے شروع ہوتا ہے جیسا کہ ایک حدیث میں آپ فرماتے ہیں کہ ''کنت نبیا و آدم بین الروح والجسد''۔ (معارف القرآن، ج:۲، ص:۱۰۱)

۳۵: انھی کے علامہ انور شاہ کشمیری لکھتے ہیں:

''یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت بھی نبی تھے اور آپ پر احکام نبوت جاری ہو چکے تھے بخلاف انبیاء سابقین کے کہ ان پر احکامِ نبوت کا اجراء بعثت کے بعد ہوتا ہے۔''

(العرف الشذی، ج:۲، ص:۲۰۲)

۳۶: مکتبہ دیوبند کے حجۃ الاسلام قاسم نانوتوی ''کنت نبیا و آدم بین الماء و الطین'' کے تحت رقمطراز ہیں:

''اگر نبوت کا ایسا قدیم ہونا کچھ آپ ہی کے ساتھ مخصوص نہ ہوتا تو آپ مقام اختصاص میں یوں نہ فرماتے۔'' (تحذیر الناس، ص:۶)

۳۷: غیر مقلدین کے مناظر اشرف سلیم لکھتے ہیں:

دوسرا مطلب یہ ہے کہ رسول پاک کو حضرت آدم علیہ السلام میں نفخ روح سے پہلے نبوت سے نوازا جا چکا تھا۔ (شان مصطفی، ج:۲، ص:۵۰۵)

نوٹ: فاضل مقالہ نگار نے اپنی تحریر کے ابتدائی صفحات میں حدیثِ مذکور کی تشریح میں لکھا تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عالم ارواح میں نبی تھے، اس تاویل پر تبصرہ آپ ابھی ملاحظہ فرمائیں گے۔ بعد ازاں میر سید شریف جرجانی کے حوالہ سے یہ تاویل پیش کرتے ہیں کہ

جملہ حقوق محفوظ

جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا

حنفی مذہب وصوفی مشرب کے صحیح عقائد کی کتابوں کا سلسلہ نمبر ۴

نداءِ یارسول اللہ حصہ چہارم

یعنی

الاستمداد والتوسل

اس میں امداد و توسل کے معرکۃ الآراء مسئلہ پر چار اصولوں سے شرح و بسط کے ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے (۱) قرآن مجید (۲) احادیث صحیحہ (۳) قیاس (۴) اجماع اُمّت علاوہ اس کے منکرین کے مشہور و معروف اعتراضوں کے جواب بھی عقلی و نقلی دلائل دیئے گئے ہیں۔ اگر منکر عقلِ سلیم سے اس کتاب کا مطالعہ کرے گا۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام شکوک و شبہات جاتے رہیں گے

سنہ ۱۳۷۶ھ
۱۹۵۷ء

مصنفہ ابو البشیر محمد صالح علوی بن حضرت مولانا مستِ علی مجددی قادری منتر انوالی ضلع سیالکوٹ [illegible]

بار اوّل
قیمت چار روپے

توسّل واستمداد کی اقسام اور ان کی تشریح

اللہ تعالیٰ سورہ مائدہ رکوع ۶ میں ارشاد فرماتا ہے :-

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَابْتَغُوْٓا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ

اے ایمان والو۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور اس کی طرف وسیلہ ڈھونڈو۔

وسیلہ وہ ہے جس سے اللہ تعالیٰ کا تقرب کیا جائے۔ عام ازینکہ ذات ہو فعل یا قول۔ وسیلہ کو مختص بافعال کہنا ایک ایسا امر ہے جس میں کوئی دلیل نہیں بلکہ ذوات فاضلہ کو افعال صادرہ پر بدرجہا تفضیل ہے خصوصاً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ اللہ کے نور سے پیدا ہوئے ہیں افعال کو ان کی ذات بابرکات سے کیا مناسبت۔ پھر ایسے مقام پر وسیلہ سے ذوات مراد لینا نہایت مناسب ہے۔ صاحب مزرع الحسنات اس آیت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ ہونے پر سند لایا ہے

مولوی اسمٰعیل دہلوی اپنی کتاب منصبِ امامت میں تحریر فرماتے ہیں :-

مراد از وسیلہ شخصے است کہ اقرب الی اللہ باشد در منزلت ۔

وسیلہ سے مراد وہ بزرگ آدمی ہے جو درجہ میں اللہ کی طرف سے زیادہ قریب ہو

غرض اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مطلق وسیلہ مانگنے کا حکم فرمایا۔ لیکن اس کی تفصیل بیان نہیں فرمائی۔ چونکہ توسل اور مدد کی کئی قسمیں ہیں۔ اس لئے قرآن مجید۔ احادیث نبویہ اور اقوال الصالحین سے ان کی قسمیں لکھی جاتی ہیں :-

توسّل اور امداد کی تین قسمیں ہیں :- **اوّل** توسّل بالاعمال یعنی عمل صالحہ سے توسل کرنا **دوم**۔ توسل بالجاہ یعنی انبیاء و اولیا کی جاہ و رتبہ کے ذریعے توسّل اور استغاثہ کرنا۔ خواہ وہ مقدورِ بشر ہو یا نہ ہو۔ **سوم**۔ انبیاء و اولیا سے دعا یا سفارش کی درخواست کرنا۔

خدمتِ والدین پاک دامنی اور ادائے حق کے توسل سے قبولیتِ دعا

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْنَمَا ثَلَاثَۃُ نَفَرٍ یَتَمَاشَوْنَ اَخَذَھُمُ الْمَطَرُ فَاَوَوْا اِلٰی غَارٍ فِیْ جَبَلٍ

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ تین آدمی کہیں جا رہے تھے کہ اتفاقاً بارش ہونے لگی۔ اس لئے وہ تینوں پہاڑ کی غار میں جا گھسے

دیوبندی وہابی تبلیغی جماعت کے
عقائد باطلہ کے نظریات فاسدہ کا تحقیقی تجزیہ

الفتنۃ الکبریٰ

المعروف

شیطان کے سینگ تبلیغی جماعت

مولف: فاضل نوجوان مولانا صاحبزادہ ابوالاویس محمد نصیر احمد اویسی

تقدیم لاجواب: علمبردار مسلک اعلیٰحضرت مولانا محمد حسن علی قادری میلسی

زیرنگرانی: ابوالخیر مولانا محمد الطاف قادری رضوی

پیشکش: انجمن انوار القادریہ
جمشید روڈ نمبر 3 کراچی
فون 4120794
2435088

یہ عظیم کتاب اپنے موضوع پر ایک جامع و مدلل کتاب ہے جو اپنے موضوع پر دوسری کتابوں سے بے نیاز کردے گی فقیر راقم الحروف اس موضوع پر خود ایک کتاب لکھ رہا تھا جس کے چند صفحات لکھے بھی جا چکے تھے لیکن جب زیر مطالعہ کتاب کو دیکھا تو پھر محسوس کیا کہ اب اس موضوع پر علیحدہ کتاب لکھنے کی ضرورت نہیں فقیر کی امید سے بہت زیادہ مفید و جامع اور ضروری مواد اس کتاب میں آگیا ہے جو حقیقت پسند متلاشیان حق و انصاف کے لیے بہت کافی ہے فقیر یہ واضح کرنا اپنا فرض سمجھتا ہے کہ وہابیت کو اپنی ابتداء افرینش سے ہی عالم اسلام کی نفرتوں حقارتوں کا سامنا ہے اور یہ ایک نا قابل تردید حقیقت واقعی ہے کہ وہابیت نے دنیائے اسلام میں بہت ذلتیں اٹھائیں اور ٹھوکریں کھائی ہیں۔ وہابیت عدم فروغ و مقبولیت کے باعث کبھی نجدیت کی صورت میں ظاہر ہوئی کبھی دیوبندیت کی صورت میں سامنے آئی کبھی مودودیت و غیر مقلدیت کا روپ دھارا کبھی سنیت و حنفیت، چشتیت اور صابریت کا چولا پہن کر مغالطوں کا باعث بننے کی سعی کی اور اب پیہم ہزیمتوں کے بعد بستر بردار تبلیغی جماعت کے نام سے فروغ وہابیت و نجدیت کے لئے سرگرم عمل ہے۔ سیدنا امام اہل سنت سرکار اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی قدس سرہ الولی نے کیا خوب فرمایا تھا۔

سنی، حنفی اور چشتی بن بن کے بہکاتے یہ ہیں۔

ہمارے مذکورہ بالا دعاوی پر بکثرت شواہد و حوالہ جات نقد موجود ہیں نجدیت وہابیت کا بانی ابن عبدالوہاب نجدی تھا وہابیت و نجدیت کو زنگ آلود ہونے کے بعد اوور حالٖ کرنے کے فرائض اسماعیل قتیل مصنف "تقوتیہ الایمان و صراط مستقیم" و سید احمد ساکن رائے بریلی نے انجام دیئے جبکہ وہابیت کی جدید شکل و صورت کے بانی۔ بانی مدرسہ دیوبند مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی۔ اور مولوی رشید احمد

marfat.com

إِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَى الْمَيِّتِ فَأَخْلِصُوا لَهُ الدُّعَاءَ۔

''جب تم میت پر نماز پڑھ چکو تو اس کے لئے اخلاص کے ساتھ دعا مانگو۔'' (الحدیث)

اَلْحُجَجُ الْقَاطِعَه فِیْ رَدِّ الْبَرَاهِیْنِ الْوَاضِحَه

معروف به

منکرینِ دعا بعد از نماز جنازہ کا ردِّ بلیغ



مؤلف

مولانا ابو السعید سجاد علی فیضی

ضروری دلائل وابحاث کا جواب پیش کرتے ہیں تاکہ سادہ لوح لوگ ان کے عبارتی زخارف اور دام تزویر سے بچ سکیں۔ ہم ان کے ابحاث کا لفظ بلفظ جواب لکھتے مگر ہم جانتے ہیں کہ ان کے درپے ہونا سوائے ضیاع وقت کے اور کچھ نہیں۔

متخصص الیاس صاحب!

سورۃ مائدہ کی آیت نمبر ۳ کے یہ کلمات طیبات:

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ

"آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کیا۔"

نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ

"اس آیت کے پیشِ نظر سوچنا یہ ہے کہ جس چیز کا سبب اور داعیہ تو خیر القرون میں موجود ہو مگر اس پر ایسی کاروائی نہ کی جاتی تھی جو آج کل کی جاتی ہے اور اس کو دین کا رنگ دیا جاتا ہے تو یقیناً وہ بدعت ہوگی اور اس کی اشاعت و ترویج کرنے والا گویا عملی طور پر دعویٰ کر رہا ہے کہ دین مکمل نہیں ہوا اب میری رائے اور سمجھ سے دین کی تکمیل ہوگی۔"

(ص ۹۔۱۰، نماز جنازہ کے بعد دعا کا حکم)

قارئین کرام! مولوی اظہر الیاس صاحب کے بیان کردہ اس اصول اور ان کے فتوے کی زد سے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بھی نہیں بچ سکتے، کیونکہ آنجناب صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف ایک رمضان میں تین راتوں کو قیام فرمایا پھر اس

فیصلہ کیجیے

بریلوی اور دیوبندی میں کیا فرق ہے؟

علامہ مولانا

شیر محمد جمشیدی

ادارہ افکار فروغ اہلسنت لاہور

(پاکستان)

کہتے ہیں اُن کے ترجمہ قرآن اور اُن کی دوسری کتابیں غلطیوں اور گستاخیوں سے بھری پڑی ہیں جس کی وجہ سے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے کم وبیش ۳۳ علماء کرام اور مفتیانِ عظام نے کفر کے فتاوٰی دیئے ہیں اور اِن کی تصدیق میں پاکستان ، ہندوستان اور دُنیا بھر کے کم وبیش اڑہائی سو (۲۵۰) علماء کرام اور مفتیانِ عظام نے کفر کے فتاوٰی دیئے ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا ہے کہ

”جو اِن دیوبندی ، نجدی ، وہابی مولویوں یعنی اشرف علی تھانوی دیوبندی رشید احمد گنگوہی دیوبندی ، خلیل احمد انبیٹھوی دیوبندی اور محمد قاسم نانوتوی دیوبندی کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔“

اب آپ خود فیصلہ کر لیجئے کہ اِن رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت والوں کے ساتھ جانا کس قدر نقصان دہ اور اپنے ایمان کو خطرہ میں ڈالنے والی بات ہے اللہ تعالیٰ اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ناراض کرنے والی بات ہے اِن کے ساتھ تعلیم گشت ، جماعت یا دیگر تبلیغی سرگرمیوں میں شریک ہونے سے ثواب نہیں بلکہ گناہ حاصل ہوتا ہے۔

سوال نمبر 4...... جناب علامہ صاحب آپ براہِ مہربانی اِس امت مسلمہ کی راہنمائی اتفاق اور اتحاد کی نیت سے دیانت داری کے ساتھ رائے ونڈ کی دیوبندی تبلیغی جماعت اور دیگر گستاخانہ عقائد رکھنے والے فرقوں کے بارے میں کچھ تفصیل بیان فرمائیں۔؟

جواب...... اِس کے لئے ہمیں حق اور سچ کی تلاش کے لئے قرآن وحدیث میں غور وفکر کرنا ہوگا کیونکہ مسلمان کے لئے قرآن وحدیث سے بڑھ کر کوئی دلیل نہیں

اہلِ جنّت اہلِ سُنّت

از ترجمانِ اہلسنت

ابو الحقائق علامہ مولانا غلام مرتضیٰ ساقی مجددی زید مجدہ

ڈاکٹر مفتی محمد اشرف آصف جلالی

صراطِ مستقیم پبلیکیشنز

6 مرکز الاویس دربار مارکیٹ لاہور 0333-8173630

12- دیو بند کے شیخ الاسلام شبیر احمد عثمانی لکھتے ہیں:

''مولانا احمد رضا خان کو تکفیر کے جرم میں برا کہنا بہت ہی برا ہے کیونکہ وہ بہت بڑے عالم اور بلند پایہ محقق تھے۔ مولانا احمد رضا خان کی رحلت عالم اسلام کا ایک بہت بڑا سانحہ ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا''۔

(رسالہ ہادی، دیو بند صفحہ 20 ذوالحج 1329ھ بحوالہ سفید و سیاہ صفحہ 112، وطمانچہ صفحہ 42،41)

13- دیو بند کے شیخ الادب مولوی اعزاز علی لکھتے ہیں:

''جیسا کہ آپ کو معلوم ہے، کہ ہم دیو بندی ہیں اور بریلوی علم و عقائد سے ہمیں کوئی تعلق نہیں مگر اس کے باوجود بھی یہ احقر یہ بات تسلیم کرنے پر مجبور ہے کہ اس دور کے اندر اگر کوئی محقق اور عالم دین ہے تو وہ احمد رضا خان بریلوی ہے کیونکہ میں نے مولانا احمد رضا خان کو جسے ہم آج تک کافر بدعتی اور مشرک کہتے رہے ہیں بہت وسیع النظر اور بلند خیال، علو ہمت، عالم دین صاحب فکر و نظر پایا ہے آپ کے دلائل قرآن و سنت سے متصادم نہیں بلکہ ہم آہنگ ہیں لہٰذا میں آپ کو مشورہ دوں گا اگر آپ کو کسی مشکل مسئلہ جات میں کسی قسم کی الجھن در پیش ہو تو آپ بریلی میں جا کر مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی سے تحقیق کریں''۔

(رسالہ النور تھانہ بھون صفحہ 40 شوال المکرم 1342ھ بحوالہ طمانچہ 40 وسفید و سیاہ صفحہ 114)

15- دیو بندی مذہب کے فقیہہ العصر مفتی کفایت اللہ دہلوی کہتے ہیں:

''اس میں کلام نہیں کہ مولانا احمد رضا خان کا علم بہت وسیع تھا''۔

(ہفت روزہ نجوم نئی دہلی، امام احمد رضا نمبر 2 دسمبر 1988ھ صفحہ 6 کالم 4 بحوالہ سرتاج الفقہاء صفحہ 3)

16- دیو بند کے شیخ التفسیر مولوی محمد ادریس کاندھلوی کے متعلق دیو بندی عالم کوثر نیازی لکھتے ہیں:

حضرت امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ کی حالاتِ زندگی پر خوبصورت کتاب

حیاتِ اعلیٰ حضرت



تالیف

محمد ناصر الدین ناصر المدنی عطاری

پروگریسو بکس

اور اس کے علاوہ انیس احادیث مبارکہ سے بھی استدلال فرمایا کہ موت روح وصفات وافعال روح باقی رہتی ہیں جو حیاۃ الموات اور سماع الاموات کا بین ثبوت ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے احادیث مبارکہ سے ثابت فرمایا کہ زندوں کے آنے' پاس بیٹھنے' بات کرنے سے مردہ کا جی بہلتا ہے اور زندوں کی بداعمالیوں سے اموات کو ایذا پہنچتی ہے مردہ [illegible] نے والوں کو پہچانتا ہے ان کے جوتوں کی چاپ سنتا ہے اور مردہ پہچانتا ہے کہ [illegible] نسل دے رہا ہے کفن پہنا رہا ہے قبر میں اتار رہا ہے۔ اور یہ بھی جانتا ہے کہ اس کے بعد اس کے گھر والوں میں کیا ہو رہا ہے اور مردہ زائرین کا سلام سنتا ہے اور جواب بھی دیتا ہے۔

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس رسالہ میں سو آئمہ دین وعلمائے کاملین کے اسمائے طیبہ بھی پیش فرمائے ہیں جن کے اقوال دربارہ' سماع موتیٰ کے متعلق ہیں ان اسمائے طیبہ میں گیارہ صحابہ کرام' بارہ تابعین عظام' تین تبع تابعین کل ۲۶ ہوئے اور ۷۴ اعاظم سلف اور اکارم خلف کل سو حضرات ہوئے۔ اس کے بعد دس نام ان عالموں کے بھی تحریر فرمائے ہیں مخالفین ومعترضین جانتے ہیں مثلاً: ۱۔ شاہ ولی اللہ ۲۔ شاہ عبدالرحیم۔ ۳۔ شاہ عبدالعزیز۔ ۴۔ شاہ عبدالقادر۔ ۵۔ مرزا مظہر جان جاناں۔ ۶۔ قاضی ثناء اللہ۔ ۷۔ مولوی اسحاق۔ ۸۔ نواب قطب الدین۔ ۹۔ مولوی خرم علی۔ ۱۰۔ مولوی اسماعیل دہلوی' ان سب کے علاوہ مزید ۴۵ نام صحابہ وتابعین و اتباع تابعین علمائے مشاہیر کے اور گنائے جن کا مجموعہ پونے دوسو ہوا۔

الغرض آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اقوال علمائے سلف اخلف کے ذریعے بخوبی واضح و ثابت کردیا کہ "حس مرتی نہیں بلکہ زندہ آسمان کی طرف اٹھالی جاتی ہیں اولیاء کی دونوں حالت حیات وممات میں املاً فرق نہیں وہ مرتے نہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر میں تشریف لے جاتے ہیں اور موت سے روح میں اصلاً تغیر نہیں آتا بلکہ

سوانح امامِ احمد رضا

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

۱۳۴۰ھ

علامہ بدرالدین احمد صاحب قادری رضوی

مکتبہ نوریہ رضویہ ○ وکٹوریہ مارکیٹ سکھر

اس لفظ کے اطلاق کا دائرہ عہد رسالت تک وسیع کر دیا تاکہ لفظ اپنے مفہوم کے اعتبار سے نہ بھی تنقیص شان کا حامل ہو جب بھی تقابل کی راہ سے تنقیص کے معنی پیدا کر دیئے جائیں۔

اس کے بعد میں نے گرجدار آواز میں دیوبندی مناظر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جب آپ حضرات کے یہاں القابات کے مفہوم کا دائرہ اتنا وسیع ہے کہ عہد رسالت تک کو حاوی ہے تو اب آپ بریلی سے دیوبند آئیے اور اپنی شقاوتوں کی یہ بھیانک تصویر دیکھئے کہ خود آپ کے گھر میں تنقیص شان رسالت کے کیسے کیسے ساز و سامان موجود ہیں۔

دیکھئے! یہ مرثیہ رشید احمد گنگوہی ہے۔ جس کے مرتب آپ کے شیخ الہند مولوی محمود الحسن صاحب ہیں۔ انھوں نے بالکل سرورق پر گنگوہی صاحب کو ان القابات سے ملقب کیا ہے۔

مخدوم الکل، مطاع العالم، یعنی سب کے مخدوم اور سارے عالم کے مطاع و مقتدا۔۔ (تمام عالم گنگوہی کی خدمت کرنے والا)

اب آپ اپنی ہی منطق کی بنیاد پر یہ الزام قبول کیجئے کہ آپ حضرات گنگوہی صاحب کو حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر سید المرسلین مخدوم العالمین صلی اللہ علیہ وسلم تک اور ان کے بعد قیامت تک پیدا ہونے والے سارے بنی نوع انسان کا مخدوم سمجھتے ہیں۔

میں نے کہا کہ مخدوم الکل کا یہ مفہوم آپ کی طرح میں کھینچ تان کر نہیں پیدا کر رہا ہوں بلکہ موجبہ کلیہ کا سور ہونے کی حیثیت سے لفظ کل کے وضعی اور اصطلاحی معنی ہی یہ ہیں کہ اس کے دائرہ سے نسل انسانی کا ایک فرد بھی خارج نہ ہو۔ خوب غور سے سن لیجئے کہ دائرۂ اطلاق کی یہ وسعت خود لفظ کے اندر موجود ہے باہر سے یہ معنی نہیں پہنائے گئے ہیں جب کہ اعلیحضرت کا لفظ اپنے وضعی معنی کے اعتبار سے دائرۂ اطلاق کی وسعت کا سرے سے کوئی مفہوم ہی نہیں رکھتا اپنی بدنیتی کے

marfat.com

اعلیحضرت امام احمد رضا خاں کی سیرت پر مختصر اور جامع کتاب

فیضانِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

تحقیق وترتیب

حافظ محمد ریحان احمد قادری عطاری

برادرز
اردو بازار لاہور

ھاں یہ بھی کچھ ھیں:

دورانِ گفتگو نواب صاحب نے مشورہ دیا کہ ماشآءاللہ آپ فقہ و دینیات میں بہت کمال رکھتے ہیں بہتر ہو کہ مولانا عبدالحق صاحب خیر آبادی (مولانا شاہ فضلِ حق صاحب خیر آبادی کے صاجزادے) سے منطق کی اوپر کی کتابیں پڑھ لیں۔ آپ نے فرمایا والدِ ماجد صاحب نے اجازت دی تو تعمیل ارشاد کی جائیگی۔

اتفاقِ وقت اِسی درمیان میں جنابِ مولانا عبدالحق صاحب بھی تشریف لے آئے، نواب صاحب نے **اعلیٰ حضرت** کا اُن سے تعارف کرایا اور اپنی رائے کا اظہار کیا۔

اعلیٰ حضرت سے علامہ خیر آبادی نے دریافت فرمایا ''منطق کی کتابیں کہاں تک پڑھی ہیں؟'' **اعلیٰ حضرت** نے فرمایا: ''قاضی مبارک'' یہ سن کر علامہ صاحب نے شاید عمر کو دیکھ کر مذاق خیال کیا اور دریافت کیا کہ ''شرحِ تہذیب'' پڑھ چکے ہیں؟ جس طنز سے مولانا نے سوال کیا اسی انداز پر آپ نے جواب دیا۔ ''کیا آپ کے یہاں ''قاضی مبارک'' کے بعد ''شرح تہذیب'' پڑھائی جاتی ہے؟ یہ جواب سن کر مولانا نے خیال کیا ہاں یہ بھی کچھ ہیں۔۔۔

مولانا خیرآبادی کے سامنے کلمہء حق:

۔۔۔اس لئے اس گفتگو کو چھوڑ کر دوسرا سوال کیا کہ ''بریلی میں آپ کا کیا شغل ہے''؟ ارشاد فرمایا: تدریس، افتاء، تصنیف، کہا کس فن میں تصنیف کرتے ہیں؟ فرمایا: جس مسئلہء دینی میں ضرورت دیکھی اور ''ردِّ وہابیت'' میں۔

یہ سن کر علامہ خیر آبادی نے کہا آپ بھی ردّ وہابیت کرتے ہیں، ایک وہ ہمارا بدایونی خبطی ہے کہ ہر وقت اُسی خبط میں مبتلا رہتا ہے۔ یہ مولانا شاہ عبدالقادر صاحب بدایونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی طرف اشارہ تھا۔ **اعلیٰ حضرت** رضی اللہ تعالیٰ عنہ اُن کی حمایتِ دین کی وجہ سے بہت عزت کرتے تھے، اِس لفظ کو سُن کر کبیدہ خاطر ہوئے اور فرمایا: جنابِ والا! سب سے پہلے وہابیہ کا ردّ حضرت مولانا فضلِ حق صاحب خیر آبادی علیہ الرحمۃ آپ کے والدِ ماجد نے کیا اور مولوی اسمٰعیل دہلوی کو بھرے مجمع میں مناظرہ کر کے ساکت کیا تھا، اور اُن کے رد میں ایک مستقل رسالہ بنام **"تحقیق الفتویٰ فی ابطالِ الطُّغویٰ"** تصنیف فرمایا۔

یہ سُن کر مولانا عبدالحق صاحب نے فرمایا: اگر ایسی حاضر جوابی میرے مقابلہ میں رہی تو مجھ سے پڑھنا نہیں ہوسکتا۔ **اعلیٰ حضرت** نے فرمایا: آپ کی باتیں سُن کر میں نے پہلے ہی فیصلہ کر لیا تھا کہ ایسے شخص سے منطق پڑھنی اپنے علمائے اہلِ سنت کی توہین و تحقیر سننی ہوگی لہٰذا اسی وقت آپ سے پڑھنے کا خیال دل سے دُور کر دیا تھا، تبھی آپ کی بات کا ایسا جواب دیا۔

(کراماتِ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی از اقبال احمد رضوی، انجمن مُحبانِ مصلح الدین کراچی ص 19 حیاتِ اعلیٰ حضرت از مولانا ظفر الدین بہاری مکتبہ نبویہ

میں ان کو منبر سے اتار دوں:

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی سیرتِ طیبہ میں سے چند مزید واقعات پیش کئے جاتے ہیں جن سے آپ کی حق گوئی کی جھلک نظر

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ط

(سورۃ الاحزاب، ۴۰)

نظریۂ ختمِ نبوّت

اور تحذیر النّاس

مصنف

شیخ الاسلام حضرت علامہ سید محمد مدنی اشرفی جیلانی مدظلہ العالی

GIM

گلوبل اسلامک مشن، انک

نیوارک، یو ایس اے

خواب میں القا ہوئی کہ 'تم مثل انبیاء علیہم السلام کے لوگوں کے واسطے ظاہر کیئے گئے ہو۔' (ملفوظات، صفحہ ۷)

مزید برآں اپنے متبعین اور تبلیغی کارکنوں، کا انبیائے کرام کے ساتھ موازنہ کرتے ہوئے ان کے نام ایک 'گشتی مراسلہ' میں موصوف نے فرمایا، 'اگر حق تعالیٰ کسی کام کو لینا نہیں چاہتے تو چاہے انبیاء بھی کتنی کوشش کریں تب بھی ذرہ نہیں ہل سکتا۔ اور اگر کرنا چاہیں تو تم جیسے ضعیف سے بھی وہ کام لے لیں جو انبیاء سے بھی نہ ہو سکے۔' (مکاتیب الیاس، صفحہ ۱۰۸، ۱۰۷)

علاوہ ازیں شیخ دیوبند کا اقبالی بیان (۱) جس میں لوگوں کے اعمال کو بتایا گیا کہ بسا اوقات امتیوں کے اعمال، انبیاء کے اعمال کے مساوی ہی نہیں، بلکہ بڑھ بھی جاتے ہیں۔۔۔۔ (۲) مولوی اشرف علی صاحب کا اپنے مرید کے تعلق سے کلمہ اور درود میں رسول ﷺ کے نام پاک کی جگہ اپنے نام کا ورد کروا کر، خاموش حوصلہ افزائی، اور تبلیغی گشتوں میں انبیائے کرام کی تنقیص کا جذبہ ایسا معاملہ لگ رہا ہے کہ از اول تا آخر۔۔۔۔ شانِ رسالت کو گھٹانے کیلئے لوگوں کی ایک منظم جماعت ہے جو تنقیص رسالت کی سازش میں کار فرما ہے۔۔۔ مرزا غلام احمد قادیانی، اور اسکے ماننے والوں کو جب بھی گرفت میں لایا جاتا ہے تو جان بچانے کیلئے وہ لوگ فوراً مولانا قاسم نانوتوی کا وہ فتویٰ پیش کر دیتے ہیں جس سے مرزا کی نبوت کاذبہ کو تقویت ملتی ہے۔۔۔۔ تحذیر الناس کا مطالعہ کرنے کے بعد ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مرزا قادیانی نے بازی مار لی ورنہ تو اس منصب اور مقام کیلئے مولانا قاسم نانوتوی اپنے لئے راہ ہموار کر چکے تھے۔ کم از کم دیوبندی حضرات کو اپنے اکابر کی ان تحریروں پر ایک غائرانہ نگاہ ڈالنی چاہئے اور امت مسلمہ کے سامنے اس حقیقت کا اعتراف کر لینا چاہئے کہ عقیدہ ختم نبوت، مماثلت انبیاء اور تنقیص رسالت کا بیج دیوبند میں بویا گیا۔ اور اس ڈرامہ کو قادیان میں اسٹیج کر دیا گیا۔

برا ہو اسلام بیزاری اور رسول دشمنی کا کہ جس نے امت میں افتراق و انتشار پیدا کرنے کیلئے نت نئے گوشے پیدا کیئے۔ اور آج بھی ایک مخصوص طبقہ، اپنا سارا زور اس بات پر صرف کر رہا ہے کہ وہ کسی نہ کسی طرح سے رسول ﷺ کو بے اختیار، ذرۂ ناچیز سے کمتر، ڈاکیہ اور پوسٹ مین بنانے میں کامیاب ہو سکے۔ لیکن اس کی دوسری سمت خدا مستوں کی ایک ایسی جماعت بھی ہے جو آرام و آسائش سے دور رہ کر امت کے درد و کرب کو اپنے دل میں محسوس کر رہی ہے اور

Click For More Books

قرآنِ مجید کے
غلط ترجموں کی نشاندھی

استاذ العلماء پیر محمد افضل قادری

مکتبہ قادریہ عالمیہ نیک آباد گجرات

Click For More Books

https://ataunnabi.blogspot.com/

اللہ تعالیٰ کیلئے دریافت کا لفظ لانا بھی اللہ تعالیٰ کے علم ازلی کا انکار ہے کیونکہ دریافت کرنے والا دریافت سے پہلے جاہل ہوتا ہے اور یہ مخلوق کی شان ہے اللہ تعالیٰ اس عیب سے پاک ہے۔

اس میں دیو بندیوں کے مولوی حسین علی مذکور نے اللہ تعالیٰ کے علم ازلی کے بارے میں مسلمانوں کو چھوڑ کر ''فرقہ معتزلہ'' کے ملحدانہ مسلک کی کھلی تائید کی ہے۔

سبحان اللہ عما یصفون!

نوٹ:

شیعہ مذہب میں ایک خطرناک عقیدہ ''بدا'' کا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو پہلے کسی چیز کا علم نہ ہو پھر بعد میں اس کا علم ہو جائے (العیاذ باللہ)۔ یہی ''بدا'' کا عقیدہ علماء دیو بند اور وہابی مذہب کے تراجم و تفاسیر سے بھی واضح ہو رہا ہے۔

https://ataunnabi.blogspot.com/

سعید الحق فی تخریج جاء الحق

حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمہ

تخریج وتحقیق

علامہ ومولانا سعید اللہ خان قادری

مکتبہ غوثیہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

لیکن موجودہ زمانہ میں بمقابلہ غیر مقلدین کے زیادہ خطرناک دیوبندی ہیں کیونکہ عام مسلمان ان کو پہچان نہیں سکتے ان لوگوں نے اپنی کتابوں میں حضور علیہ السلام کی ایسی توہینیں کی ہیں کہ کوئی کھلا ہوا مشرک بھی نہیں کرسکتا۔ مگر پھر بھی مسلمانوں کے پیشوا بنتے ہیں اور اسلام کے ٹھیکیدار۔

(۱) مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے حفظ الایمان میں حضور علیہ السلام کے علم کو جانوروں کے علم کی طرح بتایا۔ (۲) مولوی خلیل احمد صاحب انبیٹھوی نے اپنی کتاب براہین قاطعہ میں شیطان اور ملک الموت کا علم حضور علیہ السلام کے علم سے زیادہ بتایا۔ (۳) مولوی اسمٰعیل دہلوی نے نماز میں حضور علیہ السلام کے خیال کو گدھے اور بیل کے خیال سے بدتر لکھا۔ (۴) مولوی قاسم صاحب نانوتوی نے تحذیر الناس میں حضور علیہ السلام کو خاتم النبیین بمعنی آخری نبی ماننے سے انکار کیا اور کہا کہ حضور علیہ السلام کے بعد اگر اور بھی نبی آجائیں تب بھی خاتمیت میں کچھ فرق نہ آئے گا خاتم کے معنی ہیں اصلی نبی۔ دیگر نبی عارضی ہیں۔ یہ ہی مرزا غلام احمد قادیانی نے کہا کہ میں بروزی نبی ہوں۔ غرضیکہ مرزا غلام احمد اس مسئلہ میں ان کا شاگرد رشید ہوا۔

حاشیہ......☆

لائبریری میں موجود ہے۔

اس میں مصنف نے سید احمد بریلوی کے اعلان تکفیر کا ذکر کیا ہے اور بتایا ہے کہ پنجاب کے امیر اور علماء ان کی ان حرکتوں سے سخت ناراض ہوئے اور سمجھ گئے کہ یہ جعلی پیر ہیں اور اصلی وہابی اس لیے ان سے بیعت روا نہیں ہے۔

جب کوئی امیر مسلمان اور عالم پنجاب کا ان کی طرف متوجہ نہ ہوا جب انہوں نے ان کی تکفیر کا فتوی جاری کیا اس فتوی تکفیر کے اجرا سے تمام ملک پنجاب کے امیر اور علماء ناراض ہوگئے اور جواب لکھے کہ تم وہابی مذہب ہو تم سے بیعت کرنا روا نہیں۔

(فریاد المسلمین ص ۹۸ مطبوعہ ریاض ہند امرتسر)

وہابی خود مانتے ہیں کہ پنجاب والے خصوصاً ان کے معتقدات سے نفرت کرتے تھے اور مولوی اسماعیل نے ایسے ہی عقیدوں کو رواج دیا تھا جن سے اسلام کمزور ہوا اور انگریزی حکومت مضبوط ہوا اور سرکار دو عالم ﷺ سے محبت کم ہوا اور مسلمان کمزور ہوئے۔

(۱) اشرف علی تھانوی دیوبندی لکھتے ہیں۔

پھر یہ کہ آپ ﷺ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا۔ اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کل اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور ہی کی کیا تخصیص ہے ایسا علم تو زید و عمر بلکہ صبی و مجنون بلکہ حیوانات و بہائم کے لیے بھی حاصل ہے۔

(حفظ الایمان ص ۱۳ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی)

مرتضی حسن دربنگھی اپنی کتاب توضیح البیان کے ص ۸ پر ایسا کے لفظ کے بارے میں لکھتے ہیں کہ "واضح ہو کہ "ایسا" کا لفظ فقط مانند اور مثل ہی کے معنی میں مستعمل نہیں ہوتا بلکہ اس کے معنی اس قدر اور اتنے کے بھی آتے ہیں جو اس جگہ (تھانوی کی عبارت) متعین ہیں......

اور ص ۷ا پر لکھتے ہیں کہ (تھانوی کی) عبارت متنازعہ فیھا میں لفظ ایسا بمعنی اس قدر اور اتنا ہے پھر تشبیہ کیسی؟

اور حسین احمد ٹانڈوی دیوبندی اپنی کتاب الشہاب الثاقب ص ۱۰۲ پر لکھتے ہیں۔

وہ حضرت مولانا (تھانوی اس) عبارت میں لفظ ایسا فرمارہے ہیں۔ اگر لفظ اتنا ہوتا تو اس وقت البتہ یہ احتمال ہوتا کہ معاذ اللہ حضور علیہ السلام کے علم کو اور چیزوں کے علم کے برابر کردیا...... لفظ ایسا تو کلمہ تشبیہ کا ہے۔

سوانح حیات

اعلیٰ حضرت بریلوی



ہلال بک ہاؤس

جہانگیر پارک صدر کراچی

کے سامنے جب مولوی صاحب کی کتاب حفظ الایمان آئی اور اس میں حضور کے علم غیب کے سلسلہ میں انتہائی مذموم عبارت پر آپ کی نظر گئی تو آپ نے کتاب کا نام کچھ اس طرح بتا دیا کہ "خبط الایمان" معلوم ہوتا تھا۔

سبیل الرشاد

یہ مختصر رسالہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا تالیف کردہ ہے۔ اس رسالہ میں مولوی صاحب نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے ان سے توہین و تنقیص کا اظہار ہوتا ہے۔ اعلیٰ حضرت نے جب اس رسالہ کو ملاحظہ فرمایا تو نام سے پہلے قرآن کریم کی پوری آیت لکھ دی جس میں فرعون کا قول بیان کیا گیا ہے۔ قَالَ فِرْعَوْنُ مَا اُرِیْکُمْ اِلَّا مَا اَرٰی وَمَا اَهْدِیْکُمْ اِلَّا سَبِیْلَ الرَّشَادِ۔ (ترجمہ) کہا فرعون نے نہیں دکھلاتا ہیں تم کو مگر جو کچھ میں دیکھتا ہوں اور نہیں بتاتا ہیں تم کو راہ مگر بھلائی کی۔ (سورۂ مومن)

اعلیٰ حضرت کی وفات

موت سے کس کو رستگاری ہے کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ۔ فرمان باری ہے۔ صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کو بقا ہے، باقی اس کائنات کی ہر شئی فنا ہونے والی ہے۔ حقیقی زندگی موت گذرنے کے بعد ہی حاصل ہوتی ہے۔ زندگی حسن عمل کے لئے ایک وقفہ ہے۔ اَلَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوۃَ لِیَبْلُوَکُمْ اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝ قرآن کریم کا کھلا اور واضح اعلان ہے۔ اعلیٰ حضرت بھی اس سے مستثنیٰ نہیں تھے۔ آپ نے بھی پچھلے بزرگوں کی طرح موت کے قانون کی پابندی کی۔ اور حکم الٰہی کے ساتھ اپنے رب کے پاس تشریف لے گئے۔

اعلیٰ حضرت نے اپنی پوری زندگی انتہائی مصروف گذاری۔ ۱۷ سال کی عمر سے علم و عمل کی دنیا میں جو قدم رکھا وہ آخری سانس تک قائم رہا۔ درس و تدریس، فتویٰ نویسی، تصنیف و تالیف، وعظ و تقاریر، مناظرے اور مباحثے، تبلیغ و مطالعہ اور بارگاہ رسالت میں ہدیہ نعت" یہ وہ کام تھے جو شروع سے آخر تک کبھی بند نہیں ہوئے۔ چونکہ موت ایک بہانہ چاہتی ہے اس لئے کاموں کی کثرت نے اعلیٰ حضرت کو بھی دن بہ دن صحت سے دور اور موت سے قریب کر دیا، اور آخر وہ وقت آ ہی گیا جبکہ توحید کے علم بردار، قاطع شرک و

ضیاء پاشی

یا

ضیاع کاری

حضرت علامہ مولانا

مفتی ظہور احمد جلالی

تعالی کے لکھنے والے مولوی رشید احمد گنگوہی ہیں۔ استفتاء کے اندر مرزا غلام احمد قادیانی کا نام اور اس کی کفریہ عبارات بھی درج ہیں اور الحمدللہ کہ 1974ء میں مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے ماننے والوں کو کافر قرار دے کر حکومت پاکستان امام احمد رضا بریلوی اور علمائے حرمین شریفین کا یہ فتویٰ تسلیم کر چکی ہے۔ پیر صاحب کی "تفسیر ضیاء القرآن" مولوی اشرف علی تھانوی اور ان کے ماننے والے علماء عبدالماجد دریا آبادی اور مودودی صاحب وغیرہ کے ناموں سے چمک دمک رہی ہے۔ پیر صاحب علمائے دیوبند کی عبارات اگر کسی اختلافی مسئلے میں اپنے نقطہ نظر کی تائید میں لاتے تو ہمیں بھلا کیا اعتراض ہو سکتا تھا مگر انہوں نے تو عام مسائل و معاملات پیش کرتے ہوئے اپنی بات میں وزن پیدا کرنے کے لئے علماء دیوبند کی عبارات بطور سند تحریر کی ہیں۔

(امام احمد رضا کا یہ استفتاء اور مفتیوں کی عبارات کتاب "حسام الحرمین" میں دیکھیے)

دو ٹوک الفاظ میں بات یہ ہے کہ جملہ علمائے حرمین شریفین کے علاوہ امام احمد رضا بریلوی، مولانا سید نعیم الدین مراد آبادی، خواجہ پیر قمر الدین سیالوی اور برصغیر کے دیگر جید علمائے اہل سنت کا دیوبندی کتب پر کفر کا فتویٰ بھیرہ کے پیر کرم شاہ صاحب کو تسلیم نہیں۔

اب پیر صاحب کی دیکھا دیکھی ہمارے ملک کے اندر ایک پورا طبقہ "علماء" کا وجود میں آ چکا ہے۔ یہ طبقہ دیگر تمام اعمال و عقائد میں پکا بریلوی ہے اور سنی بریلوی اجتماعات میں شرکت کرتا ہے اس طبقے کو بھی امام احمد رضا بریلوی کا یہ فتویٰ کفر قبول نہیں۔ میری اس طبقے کے علماء سے گزارش ہے کہ وہ علمائے دیوبند کی کفریہ عبارات کو اسلامی ثابت کر دکھائیں اگر ایسا ممکن نہیں ہے تو پھر محض اس مسئلہ کو کفر یزید اور آئمہ مجتہدین کے اختلافی مسائل کی مانند قرار کر تاویلات باطلہ سے باز آ جائیں بصورت دیگر قادیانیوں کا کفر بھی ایسی باطل تاویلات کی وجہ سے کمزور پڑ جائے گا۔

یہ صلح کل طبقہ ان کفریہ عبارات اور بحث مباحثہ کو محض فضول جھگڑا اور وقت کا ضیاع

اللھم صل علی سیدنا محمد و علی آلہ و صحبہ وسلم

انگوٹھے چومنے کا مسئلہ

مولانا محمد شفیع اوکاڑوی

اسلامک پبلشر

قُلْتُ وَاِذَا ثَبَتَ رَفْعُهُ اِلَى الصِّدِّيْقِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَيَكْفِى لِلْعَمَلِ بِهٖ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِىْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ (موضوعات کبیر ص ۶۴)

میں کہتا ہوں کہ جب اس حدیث کا رفع حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تک ثابت ہے تو عمل کے لئے کافی ہے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ میں تم پر لازم کرتا ہوں اپنی سنت اور اپنے خلفاء راشدین کی سنت۔

معلوم ہوا کہ حدیث موقوف صحیح ہے کیونکہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تک اس کا رفع ثابت ہے۔ اور سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی سنت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے چنانچہ مخالفین کے سردار مولوی خلیل احمد انبیٹھوی و مولوی رشید احمد گنگوہی کہتے ہیں۔ ''جس کے جواز کی دلیل قرون ثلاثہ میں ہو خواہ وہ جزئیہ بوجود خارجی ان قرون میں ہو۔ یا نہ ہوا اور خواہ اس کی جنس کا وجود خارج میں ہوا ہو یا نہ ہوا ہو وہ سب سنت ہے۔ (براہین قاطعہ ص ۲۸) ثابت ہوا کہ گنگوہی صاحب کے نزدیک اذان میں نام اقدس سن کر انگوٹھے چومنا ثابت ہے کیونکہ ملا علی قاری کی عبارت سے قرون ثلاثہ میں اس کی اصل متحقق ہوگئی۔ پھر اس کو بدعت وغیرہ کہنا جہالت اور تعصب نہیں تو اور کیا ہے۔

Ataunnabi.com

"براہینِ قاطعہ"

پس منظر ۔۔۔ مندرجات ۔۔۔ ردِ عمل

پیرزادہ عابد حسین شاہ

مسلم کتابوی لاہور

For More Books Click To Ahlesunnat Kitab Ghar

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

علامہ خلیل احمد انبیٹھوی

علامہ خلیل احمد انبیٹھوی سہارن پوری ۱۲۶۹ھ/ ۱۸۵۲ء میں پیدا ہوئے اور علامہ یعقوب نانوتوی وعلامہ محمد مظہر نانوتوی ودیگر علماء سے دارالعلوم دیوبند نیز مدرسہ مظاہر العلوم سہارن پور میں تعلیم حاصل کی۔ عربی ادب لاہور میں مولانا فیض الحسن سہارن پوری سے پڑھا اور علامہ رشید احمد گنگوہی سے بیعت کی۔ پھر مذکورہ بالا دونوں مدارس اور دیگر مقامات پر استاذ رہے۔ ۱۲۹۷ھ کو سفر حج کیا اور مکہ مکرمہ میں عارف باللہ حاجی امداداللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ سے خلافت پائی نیز مفتی شافعیہ مکہ مکرمہ وشیخ العلماء علامہ سید احمد زینی دحلان رحمۃ اللہ علیہ ومحدث حجاز علامہ شیخ عبدالغنی مجددی مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ سے اسناد حاصل کیں۔ بعد ازاں مفتی شافعیہ مدینہ منورہ علامہ سید احمد بن اسماعیل برزنجی رحمۃ اللہ علیہ سے علوم اسلامیہ میں سند روایت حاصل کی۔ سنن ابی داؤد کی شرح کے علاوہ چند تصنیفات اردو وعربی میں یادگار چھوڑیں اور ۱۳۴۶ھ/ ۱۹۲۷ء کو مدینہ منورہ میں وفات پائی۔[۱]

علامہ رشید احمد گنگوہی

علامہ خلیل احمد انبیٹھوی کے استاذ ومرشد علامہ رشید احمد گنگوہی ۱۲۴۴ھ/ ۱۸۲۸ء کو گنگوہ میں پیدا ہوئے، مولانا محمد بخش رام پوری رحمۃ اللہ علیہ سے صرف ونحو پڑھی، بعد ازاں دہلی میں مولانا احمد الدین جہلمی رحمۃ اللہ علیہ، مفتی صدر الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا احمد سعید دہلوی سے تعلیم پائی۔ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت کی اور خلافت پائی۔ علامہ رشید احمد گنگوہی کے اہم خلفاء میں علامہ خلیل احمد سہارن پوری، علامہ محمود حسن دیوبندی، علامہ عبدالرحیم رائے

عقیدت سے نہیں بلکہ ضرورت سے صلح کلی
پکانے اپنی روٹی کو رضا کا نام لیتا ہے



دعوتِ اسلامی ایک المیہ

Tragedy

مصنف علامہ عبدالستار ہمدانی مصروفؔ برکاتی رضوی نوری

مرکز اہل السنۃ برکات رضا
امام احمد رضا روڈ،
پور بندر، گجرات

ارزاں و سستی شہرت کے طلب گار، سزاوار غضب جبار، ناعاقبت اندیش و ناہنجار، بدسرشت، بدلحاظ، بدلگام، بدنہاد، بداسلوب اور بداصل لوگوں پر حدیث شریف میں مذکور شدید وسخت وعید کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔

فرقۂ وہابیہ دیوبندیہ نے اپنی، اپنے ادارے، اپنی تحریک وتنظیم علاوہ ازیں اپنے اکابر اور اپنی بزرگی، فضیلت، رفعت، صداقت، راستی، حقانیت، دیانت داری وغیرہ ثابت کرنے کے لیے حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب جھوٹے اور سراسر دروغ گوئی پر مشتمل خواب گھڑے اور شائع کیے اور اپنی عظمت و متانت کا خوب ڈھنڈورا پیٹا۔ اسی طرح فرقۂ غیر مقلدین (اہلِ حدیث)، قادیانی، رافضی، شیعہ وغیرہ نے بھی یہی طرزِ عمل اختیار کیا۔ یہاں اتنی گنجائش نہیں کہ تمام باطل فرقوں کے جھوٹے خوابوں پر سیر حاصل گفتگو کی جائے۔ لہٰذا ذیل میں بطور تمثیل فرقۂ وہابیہ دیوبندیہ کے معدودے چند خواب گوش گزار کرتے ہیں:۔

⊙ خواب نمبر: ۱۔ دارالعلوم دیوبند کا حساب کتاب:۔

جب دارالعلوم دیوبند قائم کیا گیا، تب دارالعلوم کے قیام، تعمیر، تعلیم، اساتذہ و تلامذہ کے قیام وطعام اور دیگر انتظامی اُمور کے لیے بڑے ہی پُرتپاک طور پر چندے کی تحریک چلائی گئی اور قوم سے بھاری رقم بٹوری گئی۔ انتظامیہ کمیٹی مولوی قاسم نانوتوی کے خاص الخاص مریدین، معتقدین، ہم نوا، ہم مشرب اور ہم قدم ساتھی تھے۔ بڑے ہی جوش وخروش سے چندے کی رقم جمع کی گئی۔ لیکن آمدنی کے مقابل اخراجات کی قلت دکھی تھی لہٰذا عوام میں یہ قلق اور اضطراب پھیلا کہ مدرسہ کے لیے چندے کی رقم آتی ہے، اس میں گھپلا بازی ہوتی ہے۔ چند دنوں میں اس بات کی تشہیر ہوگئی۔ لہٰذا ایک بڑا طبقہ مقتضی ہوا کہ انتظامیہ کمیٹی والے عوام کو آمدنی و اخراجات کا حساب دکھادیں تا کہ گھپلا

اعلیٰحضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مولانا نسیم البستوی

مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور

کے تو ایفا نہ کر سکے خجالت و شرمندگی دامنگیر رہی۔

علماء دیوبند کی اس روش کا یہ نتیجہ نکلا کہ اس وقت کے اندیشوں کے مطابق یہ فتنہ آج اپنے عروج پر پہنچ گیا جس سے نہ صرف مسلمانوں کی دنیا کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ بلکہ ایک بہت بڑی جماعت اور اس کی مختلف نسلوں کی آخرت بھی برباد ہو رہی ہے۔

ہم ذیل میں مجدد اعظم امام بریلوی قدس سرہ کے ایک تاریخی خط کی نقل پیش کر رہے ہیں جو آپ نے آج سے تقریباً ستاون سال قبل ۱۳۲۹ھ میں مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کو لکھا تھا اور جو رسالہ "دافع الفساد عن مراد آباد" میں چھپ چکا تھا۔

نقل مفاوضۂ عالیہ امام بریلوی قدس سرہٗ
بنام
مولوی اشرف علی صاحب تھانوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

السلام علی من اتبع الھدیٰ فقیر بارگاہ عزیز قدیر عز جلالہ تو مدتوں سے آپ کو دعوت دے رہا ہے اب حسب معاہدہ وقرارداد مراد آباد پھر تحریک ہے کہ آپ کو سوالات وموا خذات حسام الحرمین کی جواب دہی کو آمادہ ہوں میں اور آپ جو کچھ کہیں لکھ کر کہیں اور سنا دیں اور وہی دستخطی پرچہ اسی وقت فریقین مقابل کو دیئے جایا کریں فریقین میں سے کسی کو کہہ کے بدلنے کی گنجائش نہ رہے۔ معاہدہ میں ۲۰ صفر مناظرہ کے لئے مقرر ہوئی ہے۔ آج پندرہ کو اس کی خبر مجھ کو مل گیا وہ روز کی

سیرتِ مجدّدِ دین و ملّت

امام احمد رضا قدس سرہ العزیز



حضرت علامہ عبد الحکیم خان اختر شاہجہان پوری رحمۃ اللہ علیہ

ادارہ معارفِ نعمانیہ لاہور

مرکی دلائل کے تحت، غرضیکہ اِس انداز سے میدانِ فقاہت میں دادِ تحقیق دیتے چلے گئے کہ دنیائے اسلام کے مایۂ ناز علمی فرزندوں کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا اور آسمانِ فقاہت کے شمس و قمر سمجھے جانے والے حضرات آپ کی تحقیقاتِ جلیلہ کو دیکھ کر انگشت بدنداں ہی رہ جاتے تھے۔ اِسی لیے مکہ مکرمہ کے جلیل القدر عالمِ دین، مولانا سید اسمٰعیل بن سید خلیل رحمۃ اللہ علیہما (المتوفی ۱۳۳۸ھ/۱۹۱۹ء) نے فرمایا تھا اور بجا فرمایا تھا کہ اگر امام ابو حنیفہ اِس ہستی کو دیکھتے تو اپنے اصحاب میں شامل فرما لیتے۔ آپ سے اختلاف رکھنے والے تو بے شمار ہیں لیکن شاید ایسا ایک بھی معاند اہلِ علم میں سے نہ مل سکے جو آپ کی عدیم النظیر فقاہت کا منکر ہو۔ اِن حقائق کے پیشِ نظر بے اختیار کہنا پڑ جاتا ہے کہ: ؎

ہے فتاویٰ رضویہ تیرے قلم کا شاہکار
سربسر فضلِ خدا، نبوی عطا، پائندہ باد

آپ کا دُوسرا علمی شہکار "کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن"[30] ہے۔ یُوں تو قرآنِ کریم کا کتنے ہی علماء نے اردو زبان میں ترجمہ کیا ہے جن میں سے مولوی محمود الحسن دیوبندی (المتوفی ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۰ء)، مولوی اشرف علی تھانوی (المتوفی ۱۳۶۲ھ/۱۹۴۳ء)، مولوی فتح محمد خاں جالندھری، ڈپٹی نذیر احمد دہلوی اور جناب ابوالاعلیٰ مودودی کے تراجم پاک و ہند میں آجکل بڑی آب و تاب سے شائع ہو رہے ہیں اور اِن حضرات کو کلامِ الٰہی کی ترجمانی کے علمبردار منوانے کی بھرپور سعی کی جاتی رہی ہے لیکن انصاف کی نظر سے دیکھا جائے تو اِن حضرات نے اپنے اپنے مخصوص خیالات کو ترجمے کی آڑ میں قرآنِ کریم سے ثابت کرنے کے علاوہ اور کچھ نہیں کیا۔ مسلمانانِ اہلسنّت وجماعت کو قرآنی خدمت کے نام پر اپنے اپنے دھڑے کی طرف کھینچنے اور اپنا معتقد بنانے کی ایک چکنی چپڑی جسارت ہے۔ ہماری دوسری کتاب متعلّق کنز الایمان میں تحت اِن اُردو ترجموں کی حقیقت پر مدلّل بحث موجود ہے۔ انصاف پسند حضرات اُس بیان کو پڑھ کر اِنشاء اللہ تعالیٰ یہی فیصلہ کرنے پر مجبور ہوں گے کہ قرآنِ کریم کی ترجمانی کا اگر اردو میں کسی نے حق ادا کیا ہے تو وہ "کنز الایمان" ہے اور بے ساختہ یُوں پکار اٹھیں گے کہ: ؎

ترجمہ قرآں کا لکھا، کنزِ ایمان کر دیا اے مفتی اواقفِ رمزِ خدا، پائندہ باد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تحذیر الناس عن وسوسۃ الخناس

لقب تاریخی

نصرۃ الحق مفید خلائق

معروف بہ

تیغ نعمانیہ برگردن نجدیہ شیطانیہ

مؤلف

علامہ مولانا ابو الیاس امام الدین کوٹلی سیالکوٹ

https://ataunnabi.blogspot.com

حضور کے علم غیب کا منکر کافر ہے

امام مجاہد فرماتے ہیں: اس پر اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ تم اللہ کے رسو
کو ٹھٹھا کرتے ہو، بہانے نہ بناؤ مسلمان ہو کر تم یہ بات کہنے سے کہ محمد غیب کیا جانی
کافر ہو گئے۔

دیکھو! حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے حق میں تھوڑی سی گستاخی موجب ک
ہوئی جو اس سے بھی بڑھ کر حضور صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے حق میں گستاخ ہو
کیوں نہ بڑھ کر کافر ہو گا جو حضور کے علم غیب کو حیوانات سے تشبیہ دے۔

جیسا کہ مولوی اشرف علی تھانوی حفظ الایمان صفحہ ۷ میں لکھا ہے عبارت ا
کے یہ ہے:

> اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور صلی اللہ
> تعالی علیہ وآلہ وسلم کی کیا تخصیص ہے ایسا علم غیب تو زید و عمر و بلکہ
> ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لئے بھی حاصل ہے۔

حیوانات اور بہائم میں گائے، بیل، گدھے، کتے، سور سب آ گئے۔ حاص
بات یہ کہ نبی جیسا علم کتے سور کو بھی ہے کوئی مسلمان کہہ سکتا ہے کہ ایسے شخص نے حض
صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے حق میں گستاخی نہیں کی، ضرور کی! تو پھر کیوں نہ کافر
جائے گا۔

۲ عَنِ ابْنِ عباسٍ قَالَ: كَانَ قَوْمٌ يَسْئَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ اسْتِهْزَاءً فَيَقُوْلُ
الرَّجُلُ مَنْ اَبِیْ؟ وَيَقُوْلُ الْاٰخَرُ تَضِلُّ نَاقَةٌ اَيْنَ نَاقَتِیْ؟ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِمْ هٰذِ

قرآن مجید کے بعد جملہ مستند کتابوں سے 383 احادیث سے 103 عقائد اہلسنت کا
ثبوت تمام احادیث عربی متن بمعہ اعراب اور مکمل عربی اور اردو کتابوں کے حوالے کے ساتھ

صحاح ستّہ
اور
عقائدِ اہلِ سنّت

تالیف

مولانا محمد شہزاد قادری ترابی

زاویہ

زاویہ پبلشرز
دربار مارکیٹ ، لاہور

ف: مخبر صادق ﷺ کی پیش گوئی کے مطابق تیرہویں صدی کی ابتداء میں سرزمین نجد سے محمد ابن عبدالوہاب نجدی کا ظہور ہوا۔ یہ شخص خیالات باطلہ اور عقائد فاسدہ کا حامل تھا۔ اس لئے اس نے اہل سنت و جماعت سے قتل و قتال کیا اور کتاب التوحید کے نام سے ایک کتاب لکھ کر ملت اسلامیہ کے ہر اس شخص کو تکفیر کا نشانہ بنایا جو اس کا ہم خیال نہ تھا۔ بدقسمتی سے سرزمین ہندو پاک میں مولوی اسماعیل دہلوی نے اس کا حق نیابت ادا کرتے ہوئے ''تقویۃ الایمان'' اور ''صراط مستقیم'' نام کی دو کتابیں لکھ کر مسلمانوں پر شرک و بدعت کا فتویٰ تھوپا اور اس طرح سرزمین نجد سے اٹھنے والے فتنہ نے ملت اسلامیہ کا شیرازہ بکھیر دیا (نعوذ باللہ من شرورہم) (مترجم)

حدیث شریف: 149

حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ نَاسُلَيْمَانُ يَعْنِى ابْنَ الْمُغِيْرَةِ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ ن اللَّيْثِيِّ قَالَ اَتَيْنَا الْيَشْكُرِيَّ فِىْ رَهْطٍ مِنْ بَنِى لَيْثٍ فَقَالَ مَنِ الْقَوْمُ فَقُلْنَا بَنُوا اللَّيْثِ اَتَيْنَاكَ نَسْأَلُكَ عَنْ حَدِيْثِ حُذَيْفَةَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِشَرٌّ قَالَ فِتْنَةٌ وَشَرٌّ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ بَعْدَ هٰذَا الشَّرِّ خَيْرٌ قَالَ يَاحُذَيْفَةُ تَعَلَّمْ كِتَابَ اللّٰهِ وَاتَّبِعْ مَافِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الشَّرِّ خَيْرٌ قَالَ هُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ وَجَمَاعَةٌ عَلٰى اَقْذَآءٍ فِيْهَا اَوْفِيْهِمْ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ الْهُدْنَةُ عَلَى الدَّخَنِ مَاهِىَ قَالَ لَاتَرْجِعُ قُلُوْبُ اَقْوَامٍ عَلَى الَّذِىْ كَانَتْ عَلَيْهِ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ قَالَ فِتْنَةٌ عَمْيَاءُ صَمَّآءُ عَلَيْهَا دُعَاةٌ عَلٰى اَبْوَابِ النَّارِ فَاِنْ تَمُتْ يَاحُذَيْفَةُ وَاَنْتَ عَاضٌ عَلٰى جِذْلٍ خَيْرٌ لَكَ مِنْ اَنْ تَتَّبِعَ اَحَدًا مِنْهُمْ۔

(ابوداؤد عربی' کتاب الفتن' حدیث نمبر 4236' ص 595' مطبوعہ دارالسلام' ریاض سعودی عرب)

ترجمہ:...... نصر بن عاصم لیثی کا بیان ہے کہ بنی لیث کی ایک جماعت کے ساتھ ہم لشکری کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ لوگوں نے کہا کہ کس قوم سے ہو؟ ہم نے کہا کہ بنولیث سے ہیں اور حدیث حذیفہ آپ سے پوچھتے آئے ہیں۔ پس حدیث بیان کرتے ہوئے کہا میں (حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ) عرض گزار ہوا کہ یارسول اللہ ﷺ! کیا اس غیر کے بعد شر ہے! فرمایا کہ اے حزیفہ رضی اللہ عنہ! اللہ تعالیٰ کی کتاب کا علم حاصل کرو اور جو اس میں ہے اس کے مطابق عمل کرو۔ میں عرض

فتاویٰ اجملیہ

مرتبہ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] شریعت، شیخ طریقت

[illegible] اجمل [illegible] شاہ رحمۃ اللہ علیہ

[illegible]

ناشر

[illegible] القرآن [illegible]

الجواب بعونہ تعالیٰ

جھوٹ بولنا عیب ہے جیسا کہ چوری یا زنا وغیرہ کرنا عیب ہے اور اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے۔ جو سوال میں ایک وہابی ملّاں کا ذکر کیا گیا ہے یہ تو تمام وہابیہ اور دیابنہ کا عقیدہ ہے کہ خدا تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے۔ انہوں نے اس مسئلہ (امکان کذب) پر کئی کتابیں لکھی ہیں۔ مولوی خلیل احمد انبیٹھوی المتوفی ۱۳۴۶ھ نے براہین قاطعہ لکھی اور مولوی محمود الحسن المتوفی ۱۳۳۹ھ نے جہد المقل میں لکھا کہ خدا جھوٹ بولنے پر قادر ہے حالانکہ وہابیہ اور دیابنہ کا یہ قول نصوص قطعیہ اور مفسرین و محدثین اور متکلمین و فقہاء کے بالکل صریح خلاف ہے اور اہل السنّت والجماعت کا یہ عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جھوٹ بولنے پر ہر گز ہر گز قادر نہیں ہے کیونکہ مستحیلات اور ممتنعات اللہ تعالیٰ کی قدرت کے نیچے داخل ہی نہیں ہیں۔

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتے ہیں:

ومن اصدق من اللہ حدیثا ومن اصدق من اللہ قیلا۔

اور اللہ تعالیٰ تمام باتوں میں سچا ہے اور (قولہ الحق) اور خدا کا کلام برحق اور سچا ہے اور خود اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں کذب اور جھوٹ کی قباحت بیان کی ہے۔ فرمایا: کہ لعنت کرے خدا جھوٹوں پر۔

امام فخر الدین رازی المتوفی ۶۰۶ھ تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں کہ مسلمان کو خدا تعالیٰ پر جھوٹ کا گمان کرنا جائز نہیں ہے بلکہ اس سے انسان دائرہ ایمان سے نکل جاتا ہے۔ سورت یوسف اور ومن اصدق من اللہ حدیثا کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

فاذا کان امکان الصدق قائما کان امتناع الکذب حاصلاً لا محالۃ

جب امکان صدق (اللہ تعالیٰ کے ساتھ) قائم ہوا تو ضرور امتناع کذب حاصل ہو گیا۔

پس امتناع کذب سے امکان کذب محال ہو گیا۔ شرح فقہ اکبر میں ہے:

سیدنا غوث اعظم کی شان میں حدائق بخشش کی وصل اول تا چہارم کی عام فہم اور آسان اردو شرح

مقامِ غوثِ اعظم

اعلیٰ حضرت کی نظر میں

تالیف

الحافظ القاری مولانا غلام حسن قادری
مفتی دار العلوم حزب الاحناف لاہور

آپ کے گھر میں ایک مرتبہ بچھو نکل آیا، آپ نے فرمایا! اے موذی مرجا! وہ فوراً مر گیا۔ اس پر آپ خود ہی ڈر گئے اور آبدیدہ ہو کر خادم کو اپنا پیراہن دیا اور فرمایا کہ اس کو بیچ کر صدقہ کر دو اور بڑی دیر تک استغفار کرتے رہے۔

کسی نے ولی اللہ کی تعریف پوچھی تو فرمایا! ولی اللہ وہ ہے جو کہے مرجا، بس اتنا کہا تو اوپر سے چیل اڑ کر جا رہی تھی وہ آپ کے قدموں میں گری اور مر گئی، آپ نے فرمایا میں نے تجھے تو نہیں کہا تھا اور فرمایا! ولی اللہ اگر کہے زندہ ہو جا! تو چیل زندہ ہو کر اڑ گئی۔

ایک دفعہ دوران وعظ چیل اوپر آ کر چیخنے لگی، اہل مجلس ہمہ تن گوش تھے، ہوا تیز چل رہی تھی، چیل کے شور سے حاضرین پریشان ہو گئے آپ کی زبان سے نکلا یاریح خذی راس ھذہ الحداۃ ۔ اے ہوا! اس چیل کا سر پکڑ لے۔ چنانچہ چیل کا سر تن سے جدا ہو گیا اور نیچے گر گئی آپ نے ممبر سے اتر کر سر کو تن سے ملا کر بسم اللہ شریف پڑھی اپنا ہاتھ اس پر پھیرا۔

فحیت باذن اللہ تعالی وطارت والناس یشاھدون ذلک .

اللہ کے حکم سے لوگوں کی نگاہوں کے سامنے وہ مری ہوئی چیل زندہ ہو کر پھر اڑنے لگی۔

(حیوۃ الحیوان للدمیری صفحہ ۱۴۰ جلد ۱)

حوالہ جات: ہدیۃ المہدی میں علامہ وحید الزمان نے یہ حدیث حصن حصین کے حوالے سے لکھی ہے کہ جب جنگل میں تمہاری سواری گم ہو جائے تو یوں پکارو اعینونی یا عباد اللہ اے اللہ کے بندو! میری مدد فرماؤ۔ (صفحہ ۲۳ جلد ۱ مطبوعہ دہلی)

مولوی انور شاہ کشمیری نے فیض الباری شرح بخاری میں یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئا للہ کا وظیفہ جائز لکھا ہے۔ (صفحہ ۲۶۶ جلد ۴)

اسی طرح مولوی رشید احمد گنگوہی نے فتاویٰ رشیدیہ میں اور مولوی اشرف علی تھانوی نے امداد الفتاویٰ میں مذکورہ وظیفے کو جائز لکھا، بلکہ تھانوی صاحب تو گنگوہی صاحب سے استغاثہ کے بھی قائل تھے اور استغاثہ کرتے بھی تھے چنانچہ تذکرۃ الرشید صفحہ ۱۱۴ اور ۱۱۵ پہ ہے

نئے کچھوچھوی مذہب کے انوکھے

نور کی برسات

مصنف

حضرت مولانا سید محمد حسینی اشرفی مصباحی

سجادہ نشین آستانہ عالیہ شمر اشرفیہ رائچور

چیف ایڈیٹر ماہنامہ سنی آواز دار العلوم امجدیہ ناگپور

شائع کردہ

مکتبہ ماہنامہ سنی آواز دار العلوم امجدیہ گانجہ کھیت ناگپور ۴۴۰۰۱۸

سے اپنی کتاب تحفہ نوریہ

ہے کہ مولینا اختر رضا خاں صاحب کے کفریات کو بتائے بغیر یا انہیں سامنے رکھے بغیر یزید اور اسماعیل دہلوی پر توت کے ساتھ قیاس کیا جارہا ہے ہم چند موٹی موٹی باتیں تحریر کرتے ہیں تاکہ آسانی سے شاہزادہ صاحب کچھوچھوی اور ان کے پیشوا اور مناظر اعظم مفتی صاحب کے قیاس کو اچھی طرح سمجھا جائے۔

(۱) یزید کو اگر بعض نے کافر کہا ہے تو کیا یوں ہی اڑادیا ہے کہ یزید کافر ہے یا یزید میں کفر پاکر ہی کافر کہا ہے! کیا سیدنا امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ نے کوئی پوسٹر یا اشتہار چھاپ کر اعلان کردیا تھا کہ یزید کافر ہے کافر ہے۔ اگرچہ ہمیں یزید کا کوئی کفر معلوم نہیں اور نہ کافر کہنے کے لیے کفر معلوم کرنے کی ضرورت ہے" یا پہلے یزید کا کفر بتایا ہے پھر کافر کا حکم دیا ہے۔

(۲) مولوی اسماعیل دہلوی کے بارے میں علماء اہلسنت نے کب کوئی پمفلٹ یا اشتہار چھاپ کر مشتہر کردیا تھا یا کوئی ایسی کتاب لکھ کر ملک بھر میں پھیلا دی تھی کہ "اے لوگو! اسماعیل دہلوی کافر ہوگیا ہے کافر ہوگیا ہے۔ اسماعیل دہلوی نے کیا کیا کفر کیا ہے ہمیں نہیں معلوم نہ ہم اس تحقیق کی ضرورت سمجھتے ہیں بس اتنا ہی کافی ہے کہ ہم جو اس کو کافر کہہ رہے ہیں سب سنی علماء اور مسلمان آنکھیں بند کرکے اسماعیل دہلوی کو کافر مان لو" اور ہم یہ ایسا اصول بنا کر جارہے ہیں کہ آئندہ مناظر اعظم ہند مولوی انتخاب قدیری اور شاہزادہ کچھوچھہ شریف جیسے ماہرین اسلامیہ کے کام آئے گا۔

اے شاہزادے صاحب!

مولوی دہلوی کے کفریات کا علماء اہلسنت نے اچھی طرح مطالعہ کیا ہے ان کفریات پر سیر حاصل بحث کی ہے ان کفریات کو صاف صاف گنوا کر مولوی اسماعیل دہلوی پر کافر ہونے کا حکم دیا ہے۔

دوسری طرف بعض محتاط علماء اہلسنت نے ان کفریات اور انکی قباحت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شرک ٹھہرے جس میں تعظیم حبیب ﷺ
اس بُرے مذہب پہ لعنت کیجئے

شرک کی حقیقت

مصنف: محمد نعیم اللہ خاں قادری
بی ایس سی۔ بی ایڈ
ایم اے۔ اردو۔ پنجابی۔ تاریخ

باہتمام: خالد محمود عطاری
ناشر: مکتبہ فیضان عطار
جامع مسجد عمر روڈ کاموں کے ضلع گوجرانوالہ فون: 0435-2266

اِنْ شِئْتُمْ اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ۔(اخرجه البخاری صفحه ۳۲۳ و احمد بن حنبل فی مسنده صفحه ۳۳۴، ۳۲۸ جلد ۲)

آخرت میں قریب ہوں اور اگر چاہو تو یہ آیت پڑھ لو النبی اولی بالمؤمنین من انفسهم.

کیا اب بھی اہل سنت و جماعت کے عقیدہ "علم و قدرت کے ساتھ حضور ﷺ کے گواہ و حاضر و ناظر" یعنی شاہد و شہید ہونے پر ایمان نہیں لاؤ گے ؟ اگر اس عقیدہ پر یقین نہیں لاؤ گے تو اپنا ہی ایمان ضائع کرو گے اور قرآن و حدیث کے منکر ٹھہرو گے اور روز قیامت پچھتاؤ گے اگر اس وقت ایمان لے بھی آؤ گے تو کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو گا۔

مولوی قاسم نانوتوی دیوبندیوں کے بانی فرماتے ہیں۔

"اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ کو بعد لحاظ صلہ من انفسهم کے دیکھئے تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو اپنی امت کے ساتھ وہ قرب حاصل ہے کہ ان کی جانوں کو بھی ان کے ساتھ حاصل نہیں ہے کیونکہ اولی بمعنی اقرب ہے۔"

(تحذیر الناس صفحہ ۱۰)

مولوی شبیر احمد عثمانی حاشیہ قرآن میں لکھتے ہیں۔

"اس اعتبار سے دیکھا جائے تو کہہ سکتے ہیں کہ نبی کا وجود مسعود ہماری ہستی سے بھی زیادہ ہم سے (قریب) نزدیک ہے۔"

اب بخاری شریف کی ایک اور حدیث پیش کرتا ہوں۔

بخاری شریف کتاب الجنائز باب الصلوٰۃ علی الشهید میں حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دن آپ ﷺ نے شہدائے احد پر نماز جنازہ پڑھی نماز جنازہ پڑھنے کے بعد آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور ارشاد فرمایا۔

اِنِّیْ فَرَطٌ لَکُمْ وَاَنَا شَهِیْدٌ عَلَیْکُمْ وَاِنِّیْ لَاَنْظُرُ اِلٰی حَوْضِیْ الْاٰنَ وَاِنِّیْ اُعْطِیْتُ

میں پہلے جا کر تمہارے کام درست کرنے والا ہوں اور میں تمہارے اوپر گواہ ہوں اور میں

مستند کتب دیوبندیہ کے حوالہ جات سے مزین

دیوبندیت کے بطلان کا انکشاف

از قلم

مناظر اسلام ترجمان مسلک رضا مبلغ اہل سنت

حضرت علامہ ابو حذیفہ محمد کاشف اقبال مدنی رضوی

مد ظلہ العالی

دار الغوثیہ سمندری شریف

تقدیم

نحمدہٗ ونصلی ونسلم علٰی رسولہ الکریم

امابعد! فاعوذ باﷲ من الشیطٰن الرجیم ○

بسم اﷲ الرحمٰن الرحیم ○

آج کل دیوبندی عوام الناس کو یہ تاثر دیتے ہیں کہ اہل سنت و جماعت (بریلوی) مشرک و بدعتی ہیں نعوذ باﷲ اور ہم حق پر ہیں مگر اہل علم پر یہ بات مخفی نہیں کہ دیوبندیت کی بنیاد ہی اﷲ تعالٰی اور سرور کائنات امام الانبیاء حضرت محمد مصطفٰے ﷺ سمیت دیگر انبیائے کرام، صحابہ کرام، ازواج مطہرات، اولیائے کرام کی توہین وتنقیص کرتا ہے اکابرین دیوبند کی گستاخانہ اور کفریہ عبارات کی بناء پر اعلٰی حضرت امام اہل سنت مجددِ دین وملت امام الشاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی قدس سرہٗ العزیز سمیت عرب وعجم کے سینکڑوں علماء ومشائخ نے ان پر کفر کا فتوٰی دیا ان کے فتاوٰی کتاب مستطاب حسام الحرمین اور ۴ الصوارم الہندیہ میں ملاحظہ کئے جاسکتے ہیں۔

اکابرین دیوبند مولوی قاسم نانوتوی، رشید احمد گنگوہی، خلیل احمد انبیٹھوی، اشرف علی تھانوی کی زندگی میں ان سے توبہ ورجوع کا کہا جاتا رہا مگر یہ لوگ اپنی کفریہ عبارات پر آخری وقت تک بضد و قائم رہے۔ اہل سنت و جماعت کے دیوبندیوں سے بنیادی اختلافات بھی یہی ہیں جس کو آج دیوبندی عامتہ الناس سے چھپاتے پھرتے ہیں حالانکہ ان سے اصولی اختلاف اہل سنت کا یہ ہے اور

4001

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شاہ احمد نورانی

مرتب

مولانا الحاج ابوداؤد محمد صادق صاحب زینۃ المساجد گوجرانوالہ

...ار السلام گوجرانوالہ

4001

واضح الفاظ میں کہا کہ کوئی شخص اگر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
کو نبی آخرالزماں نہیں مانتا تو وہ مسلمان کی تعریف سے خارج ہو جاتا ہے
(ہفت روزہ خدام الدین لاہور ۱۳ر اکتوبر ۱۹۷۲ء)

مولانا نورانی کو ووٹ نہ دینے پر انضباطی کاروائی کا اعلان

پشاور ۲۸ر اگست جمعیت علمائے اسلام کے جنرل سیکرٹری مولانا مفتی محمود نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کے انتخاب کے موقع پر مولانا غلام غوث ہزاروی مولانا عبدالحکیم اور مولانا عبدالحق نے پارٹی ڈسپلن کی خلاف ورزی کی۔ اس لیے انہیں جمعیت سے مستعفی ہونا چاہیئے۔ ورنہ انہیں جمعیت سے نکال دیا جائے گا۔ مفتی محمود نے کہا ہے کہ انہوں نے علانیہ پارٹی سے بغاوت کی ہے اور کوئی بھی شخص اس قسم کی کاروائیوں کے بعد جمعیت کے آئین کے مطابق پارٹی کا رکن نہیں رہ سکتا۔ مولانا غلام غوث ہزاروی۔ مولانا عبدالحکیم اور مولانا عبدالحق نے وزیر اعظم کے انتخاب کے موقع پر حزب مخالف کے امیدوار مولانا شاہ احمد نورانی کی بجائے مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کے حق میں ووٹ دیئے تھے (امروز)

جہاں ایک طرف مولانا نورانی کی متحدہ محاذ میں اہمیت مفتی محمود کے بیان سے ظاہر اور ان کی اسلام کو پاکستان کا سرکاری مذہب تسلیم کرانے، آئین کو کتاب و سنت کے مطابق بنانے، مسلمان کی تعریف شامل کرانے اور قتل مرتد وجمہوریت کے متعلق مسلسل اور بھرپور جدوجہد کا اعتراف "خدام الدین" کے اداریہ سے واضح ہے۔ وہاں غلام غوث گروپ اور راولپنڈی کے "متوازی گروپ" کا کردار بھی قابل غور ہے جنہوں نے مولانا نورانی کے مقابلہ میں مسٹر بھٹو کے حق میں ووٹ دیکر اپنے مسلک کا مظاہرہ کیا تھا۔ شمارہ ۱۰ کے پریس نوٹ کے مطابق "غلام غوث گروپ" کو نکال دیا گیا ہے۔

میثم قادری

نعرۂ حقانیت

مصنف

حضرت علامہ مفتی ابو طاہر محمد طیب صاحب علیہ الرحمۃ

دانا پوری ثم پیلی بھیتی

تلخیص و تسہیل و ترتیب

محمد عبد الرشید قادری پیلی بھیتی

شائع کردہ مؤسسۂ مِرأۃُ الدَعوۃ الاسلامیہ پیلی بھیت شریف یوپی

دیوبندیوں مودودیوں کے نزدیک ابلیس کا مرتبہ

مودودی اور دہلوی کے طور پر اللہ کی ساری مخلوق میں صرف ایک مسلمان نظر آتا ہے جو ان لوگوں کی پیش کی ہوئی توحید پر پورا پورا عامل ہے اور وہ ہے ابلیس۔ اس نے ہمیشہ انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام اور شہداء، صالحین، غوث، قطب، ابدال، اولیاء کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے عداوت رکھی اور ان کو کبھی نہیں مانا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے کہنے سے بھی نہیں مانا۔ لعنت کا طوق گلے میں ڈالنا منظور حکم خداوندی سے سر تابی مقبول مگر نبی کو سجدہ کرنا ہر گز منظور نہیں بس یہی ایک ابلیس دیوبندیوں، وہابیوں، تبلیغیوں، مودودیوں کے نزدیک سچا پکا مسلمان ہے باقی رہے اللہ و رسول و فرشتے و اولیاء و مؤمنین تو یہ سب کے سب مشرک ہیں۔ کیوں کہ کسی نے انبیاء و مرسلین و ملائکہ کو ماننے کا حکم دیا اور کسی نے مانا۔ لہذا سب کے سب مشرک۔ اسی وجہ سے دیوبندی لوگ ابلیس کی تعریف و توصیف کے گیت خوب گاتے ہیں ملاحظہ ہو، مولوی رشید احمد گنگوہی و مولوی خلیل احمد انبیٹھوی اپنی منحوس کتاب براہین قاطعہ صفحہ ۵۱ میں لکھتے ہیں۔

"الحاصل غور کرنا چاہئے کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخر عالم کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کونسا ایمان کا حصہ ہے شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی۔ فخر عالم کی وسعت علم کونسی نص قطعی ہے۔ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے"

https://ataunnabi.blogspot.com/

عبارات اکابر کا
تحقیقی و تنقیدی جائزہ

حصہ
اول

مصنف

محقق اہلسنت حضرت علامہ مولانا
صاحبزادہ غلام نصیر الدین سیالوی

اہل السنہ پبلی کیشنز دینہ ضلع جہلم

Click For More Books

https://ataunnabi.blogspot.com/

مقدمہ کتاب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ان أجل ما یتنور به القلوب و اجمل مایتزین به الصدور حمدولی النعم مفیض الکرم الذی تنزهت ذاته و تعالت صفاته و تواترت الآئه وتکاثرت نعمائه نحمده حمداً وافراً ونشکره شکراً متکاثراً والصلوۃ والسلام علی اجمل المخلوقات و افضل الکائنات سیدالرسل هادی السبل نبی الرحمة شفیع الامة اکمل الناس خلقاوا حسنهم خلقاالذی فتح الله به اعینا عمیاو قلوبا غلفاً و آذاناً صماً وعلی آله واصحابه وازواجه و ذریاته اجمعین.

اما بعد! دنیائے اسلام میں فتنہ وہابیت نے جوطوفان برپا کیااس سے مسلمانوں کووہ ضرر پہنچا جو کھلے کافروں کی متحارب قومیں نہ پہنچا سکیں۔ مگر الحمدللہ کہ اس باطل فرقہ کے خروج کیساتھ ہی مسلمان اس سے متنفر ہو گئے اوران کی صحبتوں سے دور رہنے لگے۔ باوجوداس کے یہ نابکارفرقہ طرح طرح کے مکائداور قسم قسم کی فریب کاریوں سے اپنی ترویج اور جاہلوں کواپنے دام تزویر میں پھانسنے کی مساعی میں مشغول رہا۔ علماء ربانی وحقانی نے تحریراًوتقریراًان کے رد کیےاوران کے مکائد کا اظہار کر کے انکی حقیقت حال سے مسلمانوں کوآ گاہ کیادین حق کی حمایت وحفاظت فرمائی جزاھم اللہ تعالیٰ خیر الجزاء مگر یہ فرقہ نئے نئے طریقہائے فریب ومکرایجاد کرتا رہا تا آنکہ اس زمانے میں سنیت کا دعویدار بن کر رونما ہوااپنے آپ کواہلسنت کہنے لگااور اپنے اکابر کی اباطیل وکفریات پر پردہ ڈالنے کے لئے طرح طرح کی ملمع کاریوں سے کام لینے لگا۔

اس سلسلے میں زمانہ حال کے مشہور دیوبندی عالم مولانا سرفراز صفدر گکھڑوی نے اپنے اکابر کی کفریہ عبارات کی صفائی پیش کرنے کی کوشش کی اور یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ

من یرد اللہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین

مجموعہ

فتاویٰ بریلی شریف

مُرتبین:

محمد عبدالرحیم المعروف بہ نشتر فاروقی ○ محمد یونس رضا اویسی

بریلی شریف

شبیر برادرز

۴۰۔ اردو بازار لاہور

لجنابه ﷺ فهو كافر ملعون فى الدنيا والآخرة اوراذان کے ختم کے بعداورا قامت کے وقت درود شریف پڑھنے کو علامہ شامی نے مستحب فرمایا ہے "ردالمحتار" جلد اول میں ہے:

ونص العلماء على استحبابها فى مواقع يوم الجمعة وليلتها وزيد يوم السبت والاحد والخميس الى ان قال وعقب اجابة الموذن وعند الاقامة اوردرود شریف کی فضیلت بہت ہےاورآیت وحدیث مطلق ہےاور مطلق اپنے اطلاق پر جاری ہوگا ان الله وملئكته يصلون على النبى يا يها الذين امنوا صلوا عليه وسلموا تسليما بیشک اللہ اوراس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں (غیب بتانے والے) نبی پراے ایمان والوتم بھی خوب خوب صلاۃ وسلام بھیجو:من صلى على واحدة صلى الله عليه عشر صلوات و حطت عنه عشر خطيات ورفع عشر درجات جوشخص مجھ پرایک بار درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس پردس رحمت نازل فرماتا ہےاوراس کے دس گناہ مٹایا جاتا ہےاوردس درجے بلند فرماتا ہےاوروہ شخص بتا دے جس کاغذ میں اس مضمون کوشائع کیا ہے یہ دین میں زیادتی اور بدعت ہے یانہیں یااس کا ثبوت قرآن وصحابہ وتابعین سے دے سکتا ہے ہرگزنہیں دے سکتا معلوم ہوا کہ اس نے نہ بدعت کو سمجھا ہے نہ زیادتی کو سمجھا ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

کتبہ محمد مظفرحسین قادری رضوی

مرکزی دارالافتاء ۸۲رسوداگران بریلی شریف

۲۵رشعبان المعظم ۱۴۲۱ھ

صح الجواب:-دیوبندی جاہل اوراپنے مذہب سے ناواقف ہیں،مولوی رشید احمد گنگوہی نے اور لواسکوک ص امیں لکھا ہے: ہم مرید مقین داند کہ روح شیخ مقید لیک مکان نیست ہر جا کہ مرید باشد قریب یا بعید (الی) وحق تعالیٰ اورامحث حی کند یعنی مرید یہ بھی یقین سے جانے کہ شیخ کی روح ایک

فتاویٰ فیض الرسول

1

جلد اوّل

تصنیف:

فقیہ ملت حضرت علامہ مفتی جلال الدین احمد امجدی رحمۃ اللہ علیہ

سابق صدر شعبہ افتاء دار العلوم اہلسنت فیض الرسول

و بانی مرکز تربیت افتاء

نظر ثانی:

علامہ حافظ محمد اختر حبیب اختر قادری

ناشر

اکبر بک سیلرز لاہور

https://archive.org/details/@awais_sultan

التحية والثناء من المقدورات الالهية وكل مقدور الهى ممكن۔ لیکن سرکار اقدس خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دوسرا خاتم الانبیاء پیدا ہونا محال بالذات ہے۔ لان ختم النبوة وصف لايقبل الاشتراك عقلا ولايكون موصوفه الاواحدا وهو نبينا رحمة للعالمين صلى الله عليه وسلم اسی لئے وصف ختم نبوت میں سرکار اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نظیر و مثل محال بالذات ہے اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے: مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ "یعنی محمد تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں ہاں اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے"۔ صلی اللہ تعالیٰ علیٰ نبینا وسلم۔ اس آیت کریمہ کے نزول سے قبل سرکار مصطفےٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی نبی کا پیدا ہونا دو طرح ممکن تھا ایک بطور امکان وقوعی۔ دوسرے بطور امکان ذاتی۔ ورود آیت کریمہ نے صرف امکان وقوعی ختم کیا امکان ذاتی ختم نہیں کیا۔ صورت مسئولہ میں چونکہ زید نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی نبی کے وجود کو محال شرعی مانتے ہوئے اس کے وجود کو ممکن کہا ہے اس لئے اس کا قول صحیح ہے کیونکہ وہ صرف امکان ذاتی کا قائل ہے امکان وقوعی کا قائل نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۲) جمہور اہل سنت کے نزدیک جنت میں کفار کا داخلہ شرعاً محال اور عقلاً ممکن بالذات ہے' اور صاحب عمدہ امام ابوالبرکات عبداللہ نسفی علیہ الرحمہ وغیرہ بعض علماء کے نزدیک عقلاً بھی محال ہے شرح مقاصد الطالبین فی علم اصول الدین میں ہے: اتفقت الائمة ان الله تعالىٰ لا يعفوعن الكفر قطعا وان جاز عقلا ومنع بعضهم الجواز العقلي ايضاً لامخالف لحكمة التفرقة بين من احسن غاية الاحسان واساء غاية الاساء ة وضعفه ظاهر (سبحان السبوح مطبوعہ لاہور ص ۸۲) امام ابن الہمام علیہ الرحمہ مسایرہ میں فرماتے ہیں: صاحب العمدة اختار ان العفو عن الكفر لايجوز عقلا (سبحان السبوح، ص ۹۷) مذکورہ بالا عبارت سے ثابت ہوا کہ جمیع اہل سنت اس امر پر متفق ہیں کہ جنت میں کفار کا داخلہ ممتنع شرعی ہے۔ ہاں اختلاف جواز عقلی اور عدم جواز عقلی میں ہے۔ جمہور اہل سنت جواز عقلی کے قائل ہیں اور امام ابوالبرکات نسفی وغیرہ بعض علماء امتناع عقلی کے قائل ہیں۔ صورت مسئولہ میں زید کا قول قوی مطابق جمہور ہے' اور بکر کا قول ضعیف موافق مسلک صاحب عمدہ وغیرہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۳) دیوبندیوں کے پیشوا مولوی اشرف علی تھانوی نے اپنی کتاب حفظ الایمان کی عبارات کفریہ التزامیہ متعینہ کی صفائی میں بسط البنان لکھی جس نے تھانوی صاحب کے کفر پر رجسٹری کردی معلوم ہوتا ہے کہ زید جو عالم اور مفتی بھی ہے اس نے بسط البنان کے مغالطہ و فریب کا پردہ چاک کرنے والے رسالہ وقعات السنان مصنفہ حضرت مولانا شاہ مصطفےٰ رضا شاہزادہ سرکار اعلیٰ حضرت نہیں دیکھا۔ اس مبارک رسالہ میں شاہزادۂ اعلیٰ حضرت نے بسطان البنان کا ایسا علمی رد تحریر فرمایا جس کا جواب نہ تو خود تھانوی صاحب دے سکے نہ آج تک ان کا کوئی حامی مولوی دے سکا۔ تعجب ہے کہ زید خود عالم دین اور مفتی بھی ہے' اور اس کے سامنے حفظ الایمان ص ۸ کی وہ عبارت ہے جو اپنے کفری معنی میں متعین ہے' اور جس میں تھانوی صاحب نے صاحب و علمك

الدیوبندیت

حافظ ملت علامہ شاہ عبدالعزیز محدث مرادآبادی

مکتبہ فکرِ رضا کھیوڑہ

دعا فرمائی اور بخد کے لیئے دعا نہ کی بلکہ تیسری مرتبہ کی درخواست پر فرمایا۔

هنالك الزلازل والفتن وبها يطلع قرن الشيطن۔ بخاری شریف مصری جلد رابع ص ۱۵۲	یعنی بخد سے زلزلے اور فتنے پیدا ہوں گے اور وہاں سے شیطان کا سینگ نکلے گا۔

حضور کے فرمان کے عین مطابق وہ شیطان کا سینگ ابنِ عبدالوہاب بخدی نکلا جس نے عقائد اہلِ سنت کے خلاف نئے عقیدے گڑھ کر ایک کتاب لکھی۔ جس کا نام کتاب التوحید رکھا اس میں ساری دنیا کے مسلمانوں کو کافر و مشرک ٹھہرایا۔ اتفاق سے ۱۲۲۱ھ میں روم کی سلطنت میں ضعف پیدا ہوگیا۔ ادھر اس کے دماغ میں ملک گیری کا سودا سمایا اس موقعہ کو غنیمت جانا اور اپنی جمعیت قائم کر کے مکہ مکرمہ و مدینہ طیبہ پر چڑھائی کر دی اور اپنے عقیدہ کے مطابق اہلِ سنت وجماعت کے قتل کو مباح کیا اہلِ مکہ و اہلِ مدینہ کے خون سے حرمین طیبین کی زمین رنگین کر دی۔ علماء اہلِ سنت کو قتل کیا۔ مسلمانانِ اہلِ سنت کے بوڑھوں بچوں، عورتوں تک کو بے گناہ قتل کیا وہ وہ مظالم کیئے کہ شیطان بھی انگشت بدنداں رہ گیا۔ بارہ سال تک حجاز و عراق وغیرہ پر ان مسلم کشوں اور درندہ خصلتوں کا قبضہ رہا۔ فضلہ تعالیٰ ۱۲۳۳ھ میں مسلمانوں کے لشکر نے ان وہابیوں پر فتح پائی اور یہ فتنہ دفع ہوا۔ علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب رد المختار کی تیسری جلد میں اس کو مفصل بیان فرمایا ہے جس کی عبارت نمبر ۲۳ میں درج ہے ہندوستان میں وہابی فتنہ کے بانی مولوی اسمٰعیل دہلوی ہیں۔ اس کی ابتداء یوں ہوئی کہ اس کتاب التوحید کا ایک نسخہ مولوی اسمٰعیل صاحب کے ہاتھ لگ گیا انہوں

ہندوستان میں فتنۂ نجدیہ و اسماعیلیہ کی تفصیلی تردید پر
مشتمل تیرہویں صدی ہجری کی ایک شاہ کار اور مشہور زمانہ تصنیف

سَیفُ الجَبّار

از

سیف اللہ المسلول معین الحق

مولانا شاہ فضلِ رسول قادری بدایونی قدس سرہ الثانی

تقدیم و تحقیق، تخریج و ترتیب

مولانا عطیف قادری بدایونی

ناشر:
تاج الفحول اکیڈمی بدایوں

میں منصب افتا قضا اور صدر الصدوری کے ذریعے اقتدار حکومت کو بحال اور مضبوط تر کیا۔ [۱۳]

تعجب ہے کہ جب علمائے دیوبند میں سے مولوی محمد احسن نانوتوی، مولوی محمد مظہر، مولوی محمد منیر، مولوی ذوالفقار علی، مولوی فضل الرحمٰن، مولوی مملوک علی اور مولوی محمد یعقوب نانوتوی وغیرہم بھی ''سرکار انگریز'' کے ملازم تھے [۱۴]، تو فرنگی حکومت کے اقتدار کو مضبوط تر کرنے کا الزام علمائے اہل سنت پر ہی کیوں عائد کیا جاتا ہے؟

پھر یہ نکتہ بھی غور طلب ہے کہ اگر علما منصب افتا و قضا اور صدر الصدوری کو قبول نہ کرتے تو ان مناصب پر فائز ہو کر فیصلہ کرنے والے ہندو ہوتے یا انگریز؟ کیا یہ اچھا ہوتا کہ علما ان مناصب کو قبول نہ کرتے اور مسلمان اپنے مقدمات کے فیصلوں کے لیے ہندو یا انگریز کی کچہریوں میں مارے مارے پھرتے۔

اسی سلسلے میں ہمارے کرم فرما پروفیسر محمد ایوب قادری نے ایک اور بات کہی ہے:

> مولانا فضل رسول بدایونی کی تصانیف کے سلسلے میں ایک بات ہم نے خاص طور پر نوٹ کی ہے کہ ان کی اکثر تصانیف کسی نہ کسی سرکاری ملازم کی اعانت سے شائع ہوئی ہیں۔ [۱۵]

بر تقدیر تسلیم ہمارے نزدیک مولانا پر یہ کوئی اعتراض نہیں کہ ان کی اکثر کتابیں کسی نہ کسی سرکاری ملازم کی اعانت سے شائع ہوئی ہیں، کیوں کہ انگریز دوستی یا انگریز سے ساز باز بے شک جرم اور قابل اعتراض امر ہے، فقط سرکاری ملازم ہونا کوئی جرم کی بات نہیں ہے، بشرطیکہ کسی خلاف اسلام امر میں ان کا تعاون نہ کیا جائے۔ حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی نے مولوی عبد الحیٔ کو ملازمت کی اجازت دے کر اس قسم کے شبہات کو ختم کر دیا تھا، سرکاری ملازمت سے ہر شخص کے بارے میں یہ رائے قائم کر لینا کہ یہ انگریز کا خیر خواہ و وفادار اور محبّ ہے، کسی طرح بھی صحیح نہیں ہے، کیوں کہ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء میں اکثر و بیشتر ان ہی علما نے کھل کر حصہ لیا جو انگریز کے دور اقتدار میں صدر الصدور اور افتا وغیرہ کے مناصب پر فائز تھے۔

---

[۱۳] مقدمہ حیات سید احمد شہید: ص ۱۸/ پروفیسر محمد ایوب قادری/ نفیس اکیڈمی کراچی/ ۱۹۶۸ء

[۱۴] مولانا محمد احسن نانوتوی: ص ۲۶/ پروفیسر محمد ایوب قادری

[۱۵] مقدمہ حیات سید احمد شہید: ص ۱۸

محفلِ میلاد پر

اعتراضات کا علمی محاسبہ



بزمِ عروجِ اسلام

جامع مسجد فاروقِ اعظم، ایف بی

فضل اللہ سے علم اور رحمت سے مراد محمد عربی ﷺ کی ذات اقدس ہے۔

۸۔ خطیب بغدادی اور ابن عساکر نے نقل کیا :

فضل سے نبی اکرم ﷺ اور رحمت سے سیدنا علی مراد ہیں۔ علامہ یہ معنی بیان کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی ذات اقدس بلاشبہ رب کریم کی رحمت ہیں مگر'

ترجمہ : سراپا رحمت ہونا حضور علیہ السلام کا وصف مبارک ہے جس کی شہادت اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد گرامی **وما ارسلنک الا رحمتہ للعلمین** عطا کرتا ہے۔

ملاحظہ کیا آپ نے کہ مفسرین کا ذہن لفظ رحمت سے حضور علیہ السلام ہی کی طرف منتقل ہوتا ہے مگر افسوس ایسے ذہن پر جو اس سے حضور کی ذات کو خارج کرنے کی کوشش میں رہتا ہے۔

ان دونوں اقوال میں تصریح ہے کہ فضل و رحمت سے مراد سرور عالم ﷺ کی ذات اقدس ہے اور مراد لینے والوں میں ترجمان القرآن حضرت عبداللہ بن عباس بھی ہیں۔ اب آپ کا یہ کہنا کہ اسلاف میں سے کسی نے یہ مراد ہی نہیں لیا' کہاں تک درست ہے ؟

۹۔ یہ بھی قول ہے :

دونوں سے مراد جنت اور دوزخ سے نجات پانا ہے۔

(روح المعانی پ ۱۱' ۱۴۱)

۱۰۔ فضل اللہ سے ایمان اور رحمت سے جنت مراد ہے۔

۱۱۔ حضرت مجاہد اور قتادہ سے مروی ہے۔

فضل اللہ سے ایمان اور رحمت سے قرآن مراد ہے۔

(المظہری ۵ : ۳۵ـ۳۶)

ان گیارہ اقوال میں کوئی تضاد نہیں بلکہ ہر ایک نے روحانی سعادتوں کا تذکرہ کیا ہے۔

مولانا اشرف علی تھانوی کی رائے

" بلا اختلاف حضور علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت اور اس کا کامل

مجددِ مائۃ حاضرۃ شیخ الاسلام و المسلمین
امام اہل سنت احمد رضا خان علیہ الرحمۃ الرحمن (المتوفی ۱۳۴۰ء)
کے صد سالہ عرس کے موقع پر خصوصی اشاعت

کنز الایمان اور مخالفین

مع

داستان فرار پہ ایک نظر

زیر اہتمام

مقدام العلماء الاغیرین ضیغم اہل سنت مناظر اہل سنت
حضرت علامہ مولانا ابو حفص پیر سید مظفر شاہ صاحب قادری زید مجدہ

مولف
محمد ممتاز تیمور قادری

ناشر
بزم تحفظ عقائد اہل سنت و جماعت

سے کیا بنا ڈالا۔ جس سے ہر سطحی ذہن والا اور کم فہم آدمی ضرور مغالطے کا شکار ہوسکتا ہے کہ بات ایک مدرس اور بڑے بزرگ کی ہے لہٰذا کتاب سماع الموتیٰ میں علمی اور تحقیقی طور پر ضرور خامی اور غلطی ہوگی۔'' (الشہاب المبین ص ۵۷)

قارئین کرام! جو لوگ آپسی اختلاف میں اس قدر خیانت کا مظاہرہ کرتے ہیں ان لوگوں سے ہمارے خلاف کسی انصاف کی کیا توقع رکھی جاسکتی ہے۔ ایک اور صاحب لکھتے ہیں:۔

دکھ اور رنج اس بات کا ہوا کہ علمائے دیوبند میں مولانا نعمانی کی تنہا وہ شخصیت تھی جو جماعتی اور گروہی عصبیت سے بڑی حد تک پاک صاف نظر آتی تھی ۔۔۔۔۔ لیکن افسوس حالات نے اور موجودہ زمانہ کی روش نے مولانا کو بھی اعتدال کی راہ پر چلنے نہ دیا۔ (اختلافات کا علمی جائزہ ص 221)

یعنی یہ پوری کی پوری جماعت عصبیت کا شکار ہے، اب اس گواہی کے ہوتے ہوئے جناب کی یہ بات ہرگز قابل یقین نہیں۔

پھر انہی کی حالت پر مزید تبصرہ کرتے ہوئے مفتی محمد شفیع لکھتے ہیں:۔

''کہ ہمارے ہاں چھوٹا سا نقطہ اختلاف ہو تو اس کو بڑھا کر پہاڑ بنا دیا جاتا ہے، چھوٹے سے چھوٹا مسئلہ معرکہ جدال بنا ہوا ہے جس کے پیچھے غیبت، جھوٹ، ایذائے مسلم، افتراء و بہتان اور تمسخر و استہزاء جیسے متفق علیہ کبیرہ گناہوں کی بھی

فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِیَآءَ الشَّیْطٰنِ ۚ اِنَّ کَیْدَ الشَّیْطٰنِ کَانَ ضَعِیْفًا ○ (پ۵ نسا)

پس شیطان کے دوستوں سے لڑو۔ بیشک شیطان کا داؤ کمزور ہے۔

کُلّیِ ایمان

مسٹر اسماعیل دہلوی کی کتاب **تقویۃ الایمان** کے رد میں

اللہ تعالیٰ کی صفت "عطا" کا انکار کرنے والے اور عطاؤں کو شرک کہنے والوں کیلئے
اپنے ایمان کو برباد ہونے سے بچانے اور مکمل ایمان حاصل کرنے کیلئے مشعلِ راہ

فرمانِ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ العالمین رؤف الرحیم تم میں کوئی مومن نہیں ہوسکتا تاکہ میں اسکے والدین اور سب لوگوں سے پیارا ہو جاؤں

کرنل (ر) **محمد انور مدنی** (بندۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم)

بلکہ منافق اس کو کہتے ہیں جو بظاہر مسلمان ہو۔

ج۔ دفن :- (۱) مرزا حیرت دہلوی نے لکھا ہے "قتل کے دوسرے دن شیر سنگھ نے ان دونوں بزرگوں (سید احمد اور اسماعیل کی نعشوں کی شناخت کرا کر بالا کوٹ میں دفن کر دیا۔

(۲) جعفر تھانیسری نے لکھا ہے کہ ایک بے سر کی لاش دیکھ کر راجہ شیر سنگھ نے دوشالہ ڈلوا کر دفن کر دیا بالا کوٹ میں (حیات طیبہ ص ۷۵ تواریخ عجیبہ)

(۳) دیو بندیوں کے مولوی عبیداللہ سندھی بھی رقمطراز ہیں کہ "واقعہ بالا کوٹ میں بقیتہ السیف مجاہدین کو سید احمد کا جنازہ نہ ملا۔ بات ہوئی کہ سکھوں نے اس کا سر کاٹنے کے بعد مقامی مسلمانوں کی معرفت فوجی اعزاز کے ساتھ دفن کر دیا۔ (شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک ص ۱۲۹)

(۴) مولوی اشرف علی تھانوی نے امداد المشتاق میں لکھا ہے کہ (سید احمد کو) شیر سنگھ نے بتعظیم و اکرام عام مزار تیار کیا۔ (امداد المشتاق ص ۶۱)

نتیجہ یہ نکلا کہ مسٹر دہلوی مسلمانوں کے ہی ہاتھوں مارے گئے نہ کہ سکھوں ہندوؤں سے تو پھر اس کو تو شہید نہیں کہتے۔

شیطانی ڈنگ
حرام کے سنگ

مصنّف

حضرت انوار المصطفیٰ مدظلہ العالی

خدمت الناس اسلامک سوسائٹی (رجسٹرڈ)

بلال ٹاؤن بھٹہ کوھاڑ بیدیاں روڈ لاہور کینٹ

صحیحہ سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آلات موسیقی کے بجانے اور آلات موسیقی کی آواز سننے کو حرام کر دیا ہے خواہ وہ آلات موسیقی ہاتھ سے بجانے والے ہوں جن کو معازف کہتے ہیں یا وہ آلات موسیقی منہ سے بجانے والے ہوں جن کو عربی میں مزامیر کہتے ہیں۔ البتہ احادیث میں نکاح، ولیمہ اور عید کے موقع پر صرف دف بجانے کی رخصت اور اجازت ہے لیکن ان مخصوص مواقع پر اجازت کے ثبوت سے یہ لازم نہیں آتا کہ دف یا دیگر آلات موسیقی کا مطلقاً بجانا جائز ہو (شرح صحیح مسلم جلد 2 صفحہ 675)

☆

مفتی محمد شفیع صاحب

اس (حرمت غنا کے متعلق احادیث) کے مقابل بعض روایات سے غنا یعنی گانے کا جواز بھی معلوم ہوتا ہے۔ تطبیق ان دونوں میں اس طرح ہے کہ جو گانا اجنبی عورت کا ہو یا اس کے ساتھ طبلہ سارنگی وغیرہ مزامیر ہوں وہ حرام ہے جیسا کہ مذکور الصدر آیات قرآن اور احادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہوا۔ اور اگر محض خوش آوازی کے ساتھ کچھ اشعار پڑھے جائیں اور پڑھنے والی عورت یا امرد (بے ریش لڑکا) نہ ہو اور اشعار کے مضامین بھی فحش یا کسی دوسرے گناہ پر مشتمل نہ ہوں تو جائز ہے۔ بعض صوفیائے کرام سے جو سماعِ غنا منقول ہے وہ اسی قسم کے جائز غنا پر محمول ہے کیونکہ ان کا اتباع شریعت اور اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آفتاب کی طرح یقینی ہے، ان سے ایسے

کلکِ رضا ہے خنجرِ خونخوار برق بار
اعداء سے کہہ دو خیر منائیں نہ شر کریں

وہابی مولوی
احسان الٰہی ظہیر کی کتاب

"البریلویۃ"
کا علمی محاسبہ

مصنف

ابو احمد مولانا محمد انس رضا قادری
تخصص فی الفقہ الاسلامی، الشہادۃ العالمیہ
ایم اے اسلامیات، ایم اے پنجابی، ایم اے اردو

مکتبہ فیضانِ شریعت
0334-3298312

ہونے کا کہہ دیا ہے۔ آخر میں جو جھوٹ بولا ہے کہ آج بھی احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کی ساری اولاد کا رنگ سیاہ ہے۔ اگر وہابیوں کو مسلمانوں کو مشرک ٹھہرانے سے فرصت ملے تو عصر حاضر ہی میں اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد میں تاج الشریعہ مفتی اختر رضا خاں صاحب دامت برکاتہم العالیہ کا دیدار کر لیں۔ ان کے پرنور انتہائی سفید سرخی مائل چہرے کو دیکھ کر اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا رنگ واضح ہو جائے گا۔

بات اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد پاک کی چلی ہے تو اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے شہزادوں کا حسن بھی ملاحظہ فرمالیجئے:۔ ڈاکٹر محمد عبد النعیم عزیزی ایڈیٹر اسلامک ٹائمز اردو اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی بڑے شہزادے حجۃ الاسلام حضرت علامہ مفتی محمد حامد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق لکھتے ہیں: ''حضور حجۃ الاسلام بہت ہی حسین وجمیل اور وجیہہ وشکیل تھے۔ جانے کتنے غیر مسلم حتی کے عیسائی پادری بھی آپ کے نورانی چہرہ کو دیکھ کر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ آپ کا چہرہ ہی برہان تھا اور آپ صورت وسیرت ہر اعتبار اور ہر ادا سے اسلام کی حجت، حقانیت کی دلیل اور سچائی کی برہان تھے۔ جے پور، چتوڑ گڑھ، اودے پور اور گوالیر کے راجگان آپ کے دیدار کے لئے بیتاب رہا کرتے تھے اور آپ جب ان راجگان میں سے کسی کے شہر میں بسلسلہ پروگرام یا مریدین ومتوسلین کے یہاں آپ تشریف لے جاتے تھے تو آپ کی زیارت کے لئے امنڈ پڑتے تھے۔ کئی بدمذہب اور مرتدین صرف آپ کے چہرہ زیبا ہی کو دیکھ کر تائب ہوئے۔''

(فتاوی حامدیہ، صفحہ 72، شبیر برادرز، لاہور)

دوسرے شہزادے حضور مفتی اعظم ہند ابو البرکات محمد مصطفےٰ رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ کا حلیہ بیان کرتے ہوئے حضرت مولانا مفتی سید شاہد علی رضوی فرماتے ہیں: ''صورت نورانی، رنگ سرخی مائل سفید، قد میانہ، بدن نحیف، سر بڑا گول، اس پر عمامہ کی بہار، چہرہ گول، روشن وتابناک، نور برساتا ہوا، جسے دیکھ کر خدا کی یاد آجائے۔۔۔'' (فتاوی مصطفویہ، صفحہ 34، شبیر برادرز، لاہور)

15 شوال المکرم 1352ھ 1934ء میں لاہور میں جماعت اہل سنت اور دیوبندی جماعت کے سربرآوردہ لوگوں کی ایک میٹنگ رکھی گئی، جو بعد میں مناظرہ میں تبدیل ہوگئی، دونوں طرف کے ذمہ داروں کی یہ خواہش تھی کہ گفتگو کے ذریعہ مسئلہ طے ہو جائے اور حق واضح ہونے پر حق کو تسلیم کرتے ہوئے دونوں ایک ہو جائیں۔ لہٰذا دیوبندی مکتبہ فکر کی طرف سے مولوی اشرف علی تھانوی کا انتخاب ہوا اور جماعت اہل سنت کی طرف سے حضرت حجۃ الاسلام حامد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کا۔ آپ بریلی سے لاہور تشریف لے گئے، مگر ادھر تھانوی جی نہیں پہنچے۔ اس موقع پر حجۃ الاسلام نے جو خطبہ دیا وہ بے مثال خطبہ تھا اور سننے والے بڑے بڑے علماء وفضلاء ان کی نصاحت وبلاغت اور علم وفضل کی جلوہ سامانیاں دیکھ کر دنگ رہ گئے۔

اسی موقع پر پنجابی مسلمانوں نے نعرہ لگایا کہ دیوبندی مناظر نہیں آیا تو چھوڑو، ان کے چہرے دیکھ لو (حامد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ) اور ان کے بھی چہرے دیکھ لو (دیوبندیوں کی جانب اشارہ کر کے) اور فیصلہ کر لو کہ حق کدھر ہے۔ (یعنی حامد رضا خان کا نورانی چہرہ ہی بتاتا ہے کہ آپ حق پر ہیں۔)

(مقدمہ فتاوی حامدیہ، صفحہ 53، شبیر برادرز، لاہور)

https://ataunnabi.blogspot.com/

176
78858

اتحاد بین المسلمین

وقت کی اہم ضرورت

○

از

مجاہدِ ملت مولانا محمد عبدالستار خان نیازی
وائس پریذیڈنٹ ورلڈ اسلامک مشن
(الدعوۃ الاسلامیہ العالمیہ)

○

مکتبہ رضویہ ∴ لاہور ۲۵

باللہ رباً وبالاسلام دینا وبالقرآن اماماً وبک نبیاً فاعف عنا عفا اللہ عنک فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فھل انتم منتھون ثم نزل عن المنبر۔

(د) علماء دیوبند کی تصدیق

۱۔ لوگ کہتے ہیں کہ علمِ غیب انبیاء و اولیاء کو نہیں ہوتا۔ میں کہتا ہوں کہ اہلِ حق جس طرف نظر کرتے ہیں، دریافت و ادراک غیبیات کا اُن کو ہوتا ہے۔"

(قول حاجی امداد اللہ مہاجر مکی بحوالہ امداد المشتاق، ص ۷۶، ۷۷)

۲۔ "وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ" آیتِ قرآنی پر حاشیہ لکھتے ہوئے علامہ شبیر احمد عثمانی فرماتے ہیں:۔

"یہ پیغمبر ہر قسم کے غیوب کی خبر دیتا ہے۔" (حاشیہ تفسیرِ قرآن)

۳۔ محمد قاسم نانوتوی مختصراً دو ٹوک فیصلہ سناتے ہیں:۔

"علومِ اوّلین ــــ اور علومِ آخرین ــــ سب علوم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم میں مجتمع ہیں"

(تحذیر النّاس ص ۵)

(ھ) اہلِ حدیث کی تائید

مولانا ابو الوفاء ثناء اللہ امرتسری اپنے رسالہ "علمِ غیب کا فیصلہ" (مطبوعہ مطبع اہل حدیث، امرتسر، صفحہ ۱۳) میں رقم طراز ہیں:۔

"بھلا کوئی مسلمان کلمہ گو اِس بات کا قائل ہو سکتا ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السّلام کو اُمورِ غیبیہ پر اِطلاع نہیں ہوتی ہے۔ مسلمان کہلا کر اِس بات کے قائل ہونے والے پر خُدا اور فرشتوں اور انبیاء اور جِنّوں بلکہ تمام مخلوق کی لعنت ہو۔"

ــــ الغرض جناب مخبرِ صادق صلی اللہ علیہ وسلّم نے بڑی شان کے ساتھ اعلان فرما دیا کہ "قیامت سے قبل ان امورِ عظیمہ کو دیکھ لوگے جو نہ دیکھے تھے (اور) نہ سوچے تھے۔" (بخاری باب الفتن)

ــــ صرف یہ ہی نہیں فرمایا بلکہ مستقبل میں پیش آنے والے تمام امورِ غیبیہ کو ایک ایک کر کے

إِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ (القرآن)

ترجمہ: بے شک منافقین جہنم کے سب سے گہرے گڑھے میں ہیں۔

اقرار سے انکار تک

مرتبہ

قاضی غلام رسول غازی سیالوی

اہل السنہ پبلی کیشنز دینہ ضلع جہلم

اللھم بارک لنا فی شامنا (اے اللہ ہمارے لیے ہمارے شام میں برکت دے)

اللھم بارک لنا فی یمننا (اے اللہ ہم کو ہمارے یمن میں برکت دے)

حاضرین میں سے بعض نے عرض کیا وفی نجدنا اور ہمارے نجد میں لیکن حضور اکرم ﷺ نے وہی دعاء فرمائی اور شام و یمن کا ذکر فرمایا مگر نجد کا نام نہ لیا انہوں نے پھر توجہ دلائی کہ وفی نجدنا ۔ حضور یہ بھی دعاء فرمائیں کہ نجد میں برکت ہو غرض تین بار آقا علیہ السلام نے شام اور یمن کے لیے دعائیں فرمائیں ۔ بار بار عرض کرنے پر نجد کے لیے دعاء نہ فرمائی بلکہ ارشاد فرمایا ۔

"ھناک الزلازل والفتن وبھا یطلع قرن الشیطن ۔

میں اس ازلی محروم خطہ کے لیے دعاء کس طرح فرماوں ۔ وہاں تو زلزلے اور فتنے ہوں گے اور وہاں شیطانی گروہ پیدا ہوگا ۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضور سید عالم ﷺ کی نگاہ پاک میں دجال کے فتنے کے بعد نجد کا فتنہ تھا ۔ جس کی اس طرح خبر دی ۔ خوارج کا سردار وہی ذوالخویصرہ تھا جس نے نبی کریم علیہ السلام سے **اعدل** کہا تھا اور اسی کی نسل سے محمد بن عبدالوہاب نجدی بیان کیا جاتا ہے ۔

دیوبندی مکتب فکر کے شیخ العرب والعجم مولوی حسین احمد مدنی اپنی کتاب شہاب ثاقب میں لکھتے ہیں ۔

وہابیہ نجدیہ الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کو سختی سے منع کرتے ہیں (مزید لکھا) ہمارے علماء اس کو جائز سمجھتے ہیں ۔

۲ ۔ محمد بن عبدالوہاب کا عقیدہ یہ تھا کہ جملہ اہل اسلام تمام مسلمانان دیار مشرک و کافر ہیں ان سے قتال کرنا ان کے اموال کو چھیننا جائز بلکہ واجب ہے ۔

۳ ۔ زیارت رسول اللہ ﷺ و حاضری آستانہ شریف و ملاحظہ روضہ مطہرہ کو یہ طائفہ بدعت و حرام کہتا ہے ۔ شان نبوت و رسالت علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام میں وہابیہ نہایت گستاخی کے کلمات

۷۸۶
مدینہ
۹۲

النجدیّت

بجواب

البریلویّت

تصنیف:
شیخ الحدیث علامہ مفتی غلام فرید ہزاروی مدظلہ

ناشر: غوثیہ کتب خانہ
اردو بازار گوجرانوالہ

فتح نصیب نہیں ہوئی۔ جس کی متعدد مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ اختصار کے پیش نظر مثالیں نہیں لکھی جا سکتی۔ خود اس ناچیز کے مقابلہ میں بارہا یہ لوگ راہ فرار اختیار کرتے رہے ہیں۔ حالانکہ یہ ناچیز تو علماء اہلسنت کا ایک ادنیٰ خادم ہے۔ اکابر کی تو بات ہی اور ہے۔ چند سال قبل کی بات ہے کہ عید میلاد کے موقع پر چوک گھنٹہ گھر میں جلوس میلاد کے اختتام پر جب دیوبندیوں نے میلاد کے خلاف ایک اشتہار شائع کیا تھا۔ حاضرین نے جلسہ میں اسٹیج پر یہ اشتہار اس ناچیز کو دیا اور کہا کہ اسکا جواب مرحمت فرما دیں۔ اور حاضرین اور منتظمین کے اصرار پر بندہ نے اسٹیج سے دیوبندیوں کے محدث اعظم پاکستان مولوی سرفراز گکھڑوی شیخ الحدیث نصرۃ العلوم کا نام لیکر اور پھر شمس الدین افغانی اور مفتی خلیل مدرسہ اشرف العلوم اور صوفی عبد الحمید سواتی خطیب جامع مسجد نور و مہتمم مدرسہ نصرۃ العلوم کے نام لیکر مناظرہ کا چیلنج کیا تھا۔ بالآخر انہوں نے خود تو چیلنج قبول نہیں کیا البتہ یوسف رحمانی سے ۱۸ دن بعد چیلنج منظور کروایا مگر رابطہ پھر بھی نہ کیا۔ بندہ نے خود تعاقب کیا اور بندے بھیجکر انکو مجبور کر دیا۔ مناظرہ کیلئے جب یوسف رحمانی سے ہم نے شرائط قبل از مناظرہ تحریر کروالیں اور یہ بھی تحریر کروالیا کہ مناظرہ اس موضوع پر بھی ہوگا کہ ہم تمہیں کافر ثابت کریں گے تم اپنے آپ کو مسلمان ثابت کرو گے۔ یہ تحریر جب انکے علماء نے دیکھی تو پھر پاؤں کے نیچے سے زمین نکل گئی پھر فرار کے لئے حربے شروع کر دیئے۔ پولیس کے ذریعے بندہ کو گرفتار کروانے کی سر توڑ کوشش کی گئی۔ جامع مسجد موتی مسجد میں آکر جگہ تقسیم کی کہ ادھر تم ادھر ہم بیٹھیں گے۔ مگر آٹھ کے ساڑھے آٹھ پھر نو پھر دس بج گئے۔ مگر میدان میں نہ آئے۔ بالآخر دس بجے تسلی ہو جانے کے بعد جلوس کی شکل میں ہم فاروق گنج نعرے لگاتے ہوئے واپس جامعہ فاروقیہ میں آئے۔ سرفراز صاحب نے نہ آنے کا بہانہ یہ بنایا کہ غلام فرید نے ہمیں مروانے کا انتظام کیا ہوا ہے۔ گوجرانوالہ شہر کے متعدد لوگ آج بھی اس کے گواہ ہیں۔ اس واقعہ پر

قادری

ایمان کیسے بچائیں



مفتی محمد شہاب الدین نوری مدظلہ

ادارۂ معارفِ نعمانیہ

وَيُرِيدُونَ اَنْ يَّتَّخِذُوا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيلًا ﴿۱۵۰﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ
الْكٰفِرُونَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِينًا ﴿۱۵۱﴾
(النساء:151-150)

بیشک جو انکار کرتے ہیں اللہ اور اس کے رسولوں کا اور چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں میں جدائی ڈال دیں اور کہتے ہیں کہ ہم کسی پر ایمان لائیں گے۔ اور کسی کے منکر ہوں گے اور چاہتے ہیں کہ سب پر ایمان اور سب کے کفر کے بیچ میں کوئی راستہ نکالیں وہی پورے کافر ہیں۔ اور ہم نے کافروں کیلئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور ارشاد ربانی ہے۔

وَالَّذِينَ اٰمَنُوا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ
اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيهِمْ اُجُورَهُمْ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا
﴿۱۵۲﴾ (النساء:152)

اور وہ جو اللہ اور اس کے سب رسولوں پر ایمان لائے اور ان میں کسی کے انکار اور باقی پر ایمان سے ان میں جدائی (الگاؤ) نہ ڈالے عنقریب اللہ تعالیٰ انہیں ان کا ثواب دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اس آیت کریمہ نے صاف فرما دیا کہ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان میں جدائی ڈالنے والا پکا کافر ہے اور یہ کہ جو شخص سبھی رسولوں کو مانے صرف ایک ہی کا منکر ہو وہ اللہ اور سب رسولوں کا منکر اور ویسا ہی پکا کھلا کافر ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج6 ص165)

سوال: جو شخص محمد رسول اللہ ﷺ کے بجائے مولوی اشرفعلی کا نام لے یعنی اشرف علی رسول اللہ پڑھے اس کیلئے کیا حکم ہے؟

جواب: وہ کافر مرتد ہے۔ من شك فی کفرہ و عذابه فقد کفر۔ جو اس کے کافر و جہنمی ہونے میں شک کرے وہ خود کافر ہے۔

(مستفاد از فتاویٰ رضویہ ج6 ص172 تا 173)

هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (القرآن)

لاؤ اپنی دلیل اگر سچے ہو

براھین اھلسنّت

تالیف

مولانا افتخار احمد حبیبی قادری

شعبہ نشرواشاعت

جامعہ اسلامیہ خواجہ ابراہیم یکپاسی مستونگ

حضور (ﷺ) کو بھی ہے۔ اور ایسے علم کی نسبت حضور ﷺ کی طرف جائز ہے۔"

افاضات یومیہ جلد نمبر ۱۰ صفحہ ۲۳۰

پھر ایک مقام پر یوں لکھتے ہیں:۔

"حضور (ﷺ) کے علوم کا تمام عالم بھی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ جس بڑے سے بڑے متبحر سے چاہو پوچھ کر دیکھ لو کہ تمہارے علوم حضور (ﷺ) کے سامنے کیسے ہیں۔ ہر شخص دل سے یہی کہے گا کہ ہیچ ہیں۔ یہاں سے حضور (ﷺ) کے علوم کا اندازہ ہو سکتا ہے۔" (افاضات یومیہ جلد نمبر ۷، صفحہ ۲۰)

مولانا قاسم نانوتوی کا فتویٰ

بانی دارالعلوم دیوبند مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی لکھتے ہیں:۔

"یہ بات واضح ہے کہ علوم اولین مثلاً اور ہیں، اور علوم آخرین اور لیکن وہ سب علوم رسول ﷺ میں مجتمع ہیں۔" (تحذیر الناس صفحہ ۶ مطبوعہ دارالاشاعت کراچی)

المہند میں عقائد علماء دیوبند کی توضیح میں لکھتے ہیں:۔

"ہم زبان سے قائل اور قلب سے معتقد اس امر کے ہیں، کہ سیدنا رسول اللہ ﷺ کو تمامی مخلوقات سے زیادہ علوم عطا ہوئے ہیں، جن کو ذات و صفات اور تشریعات یعنی احکام عملیہ و حکم نظریہ اور حقیقت ہائے حقہ اور اسرار مخفیہ وغیرہ سے تعلق ہے کہ مخلوق میں سے کوئی بھی ان کے پاس تک نہیں پہنچ سکتا نہ مقرب فرشتہ، اور نہ نبی و رسول اور بے شک آپ کو اولین و آخرین کا علم عطا ہوا، اور آپ پر حق تعالیٰ کا فضل عظیم ہے۔" (المہند صفحہ ۱۷ اعقیدہ نمبر ۱۵، مطبوعہ مکتبہ مدنیہ لاہور)

نوٹ:۔ اس کتاب (المہند) پر تقریباً ۵۰ سے زائد قدیم و جدید علماء دیوبند کے تصدیقی دستخط موجود ہیں۔

مولانا اشرف علی تھانوی، مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی اور مولانا رشید احمد

مسلکِ اعلیٰ حضرت

تعارف، حقیقت اور چیلنج

تصنیف

حضرت مولانا مفتی محمد شمشاد حسین رضوی

logspot.com/

التزام کر رکھا تھا۔ مذہب دیوبندیت کے بانی اول مولوی قاسم نانوتوی ہیں انہوں نے اپنی کتاب ،،تحذیر الناس،، میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری نبی ہونے کا انکار کیا ص ۳ پر انہوں نے تحریر کیا

• ......بعد حمد وصلوٰۃ کے قبل عرض جواب یہ گزارش ہے اول معنی خاتم النبیین معلوم کرنے چاہئے تا کہ فہم جواب میں کچھ دقت نہ ہو سو عوام نا سمجھ لوگوں کے خیال میں تو رسول اللہ صلعم کا خاتم ہونا بایں معنی ہے کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا زمانہ انبیاء سابق کے زمانہ کے بعد اور سب میں آخری ہیں مگر اہل فہم اور سمجھدار لوگوں پر روشن ہوگا کہ تقدم یا تأ خر میں بالذات کوئی فضیلت نہیں ہے......

ہم اپنے قارئین سے گزارش کریں گے کہ اللہ پاک نے آپ کو بھی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت دی ہے اس نے اپنے ہر ایک بندہ کو اس کی طبیعت کے اعتبار سے فکر و دانش عطا کی ہے تو پھر اسے استعمال میں لائیے اور غور کیجئیے کہ نانوتوی صاحب نے جو بات کہی ہے کیا اس میں سچائی ہے؟ حقیقت ہے؟ میں بتاتا ہوں کہ ،،خاتم النبیین،، کا معنی کیا ہے اس میں دو لفظ ہیں پہلا لفظ ہے خاتم اور خاتم کا معنی ،،مہر،، سے کیا جاتا ہے جس تحریر پر مہر لگ جاتی ہے اس کا مطلب یہی تو ہوتا ہے کہ اب تحریر میں نہ کچھ اضافہ کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی اس میں کچھ کمی کی جاسکتی ہے اسی لئے اسے آخر کے معنی میں لیا جاتا ہے تو اب اس بنیاد پر ،،خاتم النبیین،، کا مطلب آخری نبی ہوا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا آخر الانبیاء ہونا ضروریات ایمان میں سے ہے اس لئے اس کا انکار ،،دینی ضرورت،، کا انکار ہوگا......مجھے افسوس ہے کہ قاسم نانوتوی صاحب نے کس طرح ،،آخری نبی،، کو عوام اور نا سمجھ لوگوں کا خیال بتایا؟ خاتم النبیین ،،کا مطلب آخری نبی سے بتانا یہ صرف اس دور کا خیال نہیں ہے بلکہ اس کا یہ مطلب ہمارے اور آپ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بتایا اور ان کے بتانے کے سبب تمام صحابہ نے بھی یہی بتایا ہے......تابعین نے بھی یہی بتایا....ان کے علاوہ تمام ائمہ اربعہ اور تمام علماء کرام نے

Books

https://ataunnabi.blogspot.com/

اَلنَّجَات

لِاَہلِ سُنَّت وَالجَمَاعَت

تاریخی جائزہ اور عقائد

مؤلف:
مُحمّد اشرف نقشبندی مڑالوی

لاثانی پبلی کیشنز لاہور

Click For More Books

حضرت علامہ ابن العابدین رحمۃ اللہ علیہ:۔

آپ کا ارشاد ہے کہ جو کوئی اہل سنت کے عقیدہ کے خلاف بات کرتا ہے وہ بدعتی ہے۔(درالمختار ج نمبر 3 صفحہ 254)

یہ بھی یاد رہے کہ مخالفین اہل سنت والجماعت کے اکابرین بھی یہ تسلیم کرتے ہیں کہ اہل سنت والجماعت کا طریقہ ہی حق اور سچا وصحیح ہے اس کے خلاف بات کرنے والے بدعتی ہیں نوٹ فرمائیں۔

مولوی رشید احمد گنگوہی:۔

یہ حضرت فرماتے ہیں جو کوئی عامل الحدیث اپنے زعم کے مطابق مجتہدین راسخین پر سب وشتم کرتے ہیں اور مسائل عن النصوص استنباط کردہ کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے زشت وزبوں جائیں ایسے لوگ خارج از فرقہ ناجیہ اہل سنت اور ہوائے انسانی کی پیروی کرنے والے اور گروہ اہل ہوا میں داخل ہیں۔(سبیل الرشاد صفحہ 25)

علامہ ابن تیمیہ:۔

ترجمہ:۔اہل سنت والجماعت ایک پرانا مذہب ہے یہی مذہب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا مذہب تھا جو انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سیکھا تھا۔اس کی مخالفت کرنے والا عند اہل سنت والجماعت بدعتی ہے۔(منہاج السنۃ صفحہ 25،ج1)

مندرجہ بالا تمام حوالجات سے اظہر من الشمس ہے کہ جملہ صحابہ کرام، تابعین اور تبع تابعین، بزرگان دین، سلف صالحین ہی صرف نہیں بلکہ مخالفین بھی تسلیم کرتے ہیں کہ اہل سنت والجماعت کا عقیدہ و مذہب حق اور سچا اور راست ہے اور یہی اہل سنت والجماعت کی جماعت ہی نجات یافتہ ہے دیگر تمام فرقے جو اس کے مخالف ہیں

مجھے بتلایئے صاحب یہ کیسی ہوشمندی ہے
تو بندہ تھا خدا کا اور اب دیو بندی ہے

توضیح کلمات اللہ لدفع ہذیان عدو اللہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کفر ہے

از

حضرت علامہ مولانا مفتی عبدالوہاب قادری رضوی مدظلہ العالی

ناشر

بزم اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کراچی

Click For More Books

علیہ اللعنۃ نے اللہ عزوجل کے حضور بولی تھی۔ کما قال تعالیٰ

قال فبما اغویتنی — بولا قسم ہے اس کی تونے مجھے گمراہ کیا

گمراہ تو خود ہوا اللہ سبوح وقدوس کو الزام دیا یہ اس کے لشکری بھی اس ملعون کی سنت پر عامل ہیں۔ معاندین کے مسلم پیشوا مولوی اشرف علی تھانوی اس سورہ کے متعلق فرماتے ہیں "سبب نزول اول کی آیتوں کا حضرت عائشہ سے صحیح بخاری وغیرہ میں اس طرح منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول شریف تھا کہ بعد عصر کھڑے کھڑے بیبیوں کے پاس تشریف لاتے ایک بار حضرت زینب کے پاس معمول سے زیادہ ٹھیرے اور شہد پیا تو مجھ کو رشک آیا میں نے حفصہ سے مشورہ کیا کہ ہم میں سے جس کے پاس تشریف لائیں تو یوں کہے کہ آپ نے مغافیر نوش فرمایا ہے یہ ایک گوند ہے جو کریہ الرائحہ ہے چنانچہ ایسا ہی ہوا آپ نے فرمایا کہ میں نے تو شہد پیا ہے ان بی بی نے کہا کہ شاید کوئی مکھی اس کے درخت پر بیٹھ گئی ہوگی اور اس کا عرق چوس لیا ہوگا آپ نے قسم فرمایا کہ پھر میں شہد نہ پیونگا اور اس خیال سے کہ حضرت زینب کا جی برا نہ ہو اس کے اخفا کی تاکید فرمائی مگر ان بی بی نے دوسری سے کہدیا اور بعض روایات میں ہے کہ حضرت حفصہ شہد پلانے والی ہیں اور حضرت عائشہ اور حضرت سودہ اور حضرت صفیہ صلاح کرنے والی ہیں اور بعض روایات میں اور طرح بھی قصہ آیا ہے ممکن ہے کہ کئی واقعے ہوئے ہوں اور سب کے بعد یہ آیتیں نازل ہوئی ہوں" (تفسیر بیان القرآن جلد ۱۲۔ التحریم ص۱۱۹)

پھر لکھتے ہیں اے نبی جس چیز کو اللہ نے آپ پر حلال کیا ہے آپ قسم کھا کر اس کو اپنے اوپر کیوں حرام فرماتے ہیں پھر وہ بھی اپنی بیبیوں کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے یعنی گو کسی مباح کا ترک کردینا مباح ہے اور اس ترک کام کو بالقسم کرنا بھی کسی مصلحت سے مباح ہے لیکن تاہم خلاف اولیٰ ہے خصوص جبکہ داعی بھی ضعیف ہو یعنی ابتغاء رضاء ازواج ایسے امر میں جس میں ان کا راضی کرنا ضروری نہ تھا اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے کہ گناہ تک کو معاف کردیتا ہے اور آپ سے تو کوئی گناہ بھی نہیں ہوا اس لئے یہ عتاب نہیں بلکہ شفقۃً دافعۃً

نجدیت

اور

مرزائیت

از

حضرت مولانا شبیر احمد رضوی

امیر ادارہ فیضان القرآن سیالکوٹ

مکتبہ قادریہ عالمیہ نیک آباد مراڑیاں شریف گجرات

0300-6272130

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمد وعلیٰ الہ اصحابہ وجمیع متبعیہ الی یوم الدین۔ امین۔

اثری صاحب بتائیں کہ مذکورہ بالا دونوں درود حدیث شریف کی کون سی کتاب سے ثابت ہیں اگر نہیں تو کیا یہ بدعت نہیں؟

اثری صاحب اور پوری دنیا کے وہابیوں سے سوال:

اثری صاحب اور پوری دنیا کے وہابی مل کر جواب دیں کہ ''صلوٰۃ وسلام'' جو نقل کیے ہیں یہ بدعت کیوں نہیں اور ''الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ'' کیوں بدعت ہے۔ لیکن جس قانون سے لوگوں پر بدعت کا فتویٰ چسپاں کرتے ہو اپنے دورد کے متعلق اُن باتوں اور قانون کو ملحوظ رکھیں۔

اثری صاحب کا گکھڑوی صاحب کی تقلید کرنا:

قارئین کرام ہم نے اثری صاحب کے متعلق اپنی کتاب لاجواب ''وہابی اہلحدیث نہیں'' میں لکھا تھا کہ اثری صاحب نے اپنی کتابوں میں باعث تالیف وغیرہ میں الفاظ گکھڑوی صاحب سے چرائے ہیں باعث تالیف کی چوری تو ''وہابی اہلحدیث نہیں'' میں ملاحظہ فرمائیں لیکن اثری صاحب نے مزید باعث تالیف کے اندر لکھا ہوا درود گکھڑوی صاحب کی کتابوں سے چرایا ہے۔

مولوی سرفراز صاحب گکھڑوی اپنی کتابوں کے آخر یہ درود عام طور پر لکھتے ہیں اور اثری صاحب نے بھی اس کو نقل کردیا اور تحقیق نہیں کی کہ آیا یہ گکھڑوی صاحب نے درود لکھا ہے یہ کہیں بدعت ہی نہ ہو لیکن اثری صاحب نے تحقیق نہیں بلکہ تقلید کی

دماغی مریض باپ بیٹا
اپنے ہی فتاوی کی زد میں

انوارِ ساطعہ

مصنفہ

حضرت علامہ مولانا عبدالسمیع انصاری رحمہ اللہ تعالیٰ

مکتبہ حامدیہ گنج بخش روڈ
لاہور

میں نے جو لکھا تھا وہ بہت کم تھا لیکن وہ بھی میرے مزاج کے خلاف تھا کیونکہ طعن وتشنیع سے مبرا ہوں ہر ایک سے سلامت روی رکھتا ہوں، یہ ہی وجہ تھی جو میں نے اپنا نام انوارِ ساطعہ' مطبوعہ سنہ ۱۳۰۲ھ میں ظاہر نہیں کیا تھا آخر کار لوگوں میں خود بخود چرچا ہو گیا تمام شہر میں، یہاں تک کہ ملک عرب میں بھی میرا ہی نام ظاہر ہوا مکہ معظمہ سے زادہا اللہ شرفاً وتعظیماً جناب مرشدی ومستندی وسیدی وملتجدی ملاذی یومی وغدی نعیم روحی و جسدی مرشد العلماء والفضلاء شیخ العرفاء والکملاء شریعت آگاہ طریقت پناہ معرفت دستگاہ حقیقت اکتناہ المولی الحافظ الحاج المہاجر فی سبیل اللہ شیخنا المدعو بحاجی شاہ امداد اللہ مد ظلہ العالی مدی الایام واللیالی کا یہ ارشاد سنہ ۱۳۰۲ھ میں پہنچا کہ انوارِ ساطعہ کے مسائل دلائل مجھ کو پسند آئے لیکن مرضی کے خلاف یہ بات ہے کہ اور علماء ہمعصر و ہم قافلہ کی نسبت بعض الفاظِ تشنیع لکھے یہ اربابِ تحقیق سے بعید ہے میں نے اس کا عذر پیش کیا کہ ابتداء اُدھر سے ہوئی لیکن پذیرا نہ ہوا اور کس طرح ہوتا آپ تو اس درجہ کی نصیحت فرمائیں گے کہ آپ جس مقام پر ہیں یعنی خودی کو مٹائے ہوئے اپنے نفس پر جابر اور قاہر لوگوں کی ایذاؤں پر صابر اور شاکر تعمیل اَلْکَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ آپ کا شیوہ اور دستور زبان پر یہ آیت جاری وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِکَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۔ الحاصل میں نے حضرت (حاجی امداد اللہ رحمہ اللہ) کا فرمان مان لیا اور مولوی خلیل الرحمٰن صاحب جو ان ایام میں وہاں موجود تھے حضرت سے مثنوی شریف پڑھتے تھے میں نے ان کو ایک خط ان ایام میں لکھا تھا اس میں یہ مضمون لکھ دیا کہ حضرت سے عرض کر دیجیو کہ جو الفاظ تیز و تند کسی کی نسبت لکھے گئے ہیں ان کو نکال دوں گا اور فریقِ ثانی جو کچھ زبان درازی کر چکے ہیں اور کر رہے ہیں اُس پر صبر کر کے انتقام نہ لوں گا۔ پھر اس کے جواب میں حضرت مرشدی کا جو کرامت نامہ تقدس شمامہ صادر ہوا نقل کرتا ہوں وہ یہ ہے:

حرام ہے جواب میں تمسک کیا ہے مصنف نے حق جواب دندان شکن کا ادا کرکے دریائے نورالانوار الساطعہ بہاکر نہر لمعات کی کھول دی اس پر بھی اگر پیاس تشنگان میدان مخالفت کی باقی رہی تو خدا حافظ! سہ

تہی دستان قسمت را چہ سود از رہبرِ کامل
کہ خضر از آبِ حیات تشنہ می دارد سکندر را

و للہ در المجیب فذالک جواب عجیب و اٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خاتم النبیین و اٰلہ واصحابہ اجمعین فقط وانا العبد ابو النعمان محی الدین محمد اعجاز حسین مجددی عفی عنہ وعن والدیہ والمسلمین بحق خاتم النبیین ﴿

بریلی صورۃ ما رصعہ الطمطام العزیو والصلہام الکبیر مفحتم المناظرین مسکت المجادلین مروج عقائد اھل الحق والدین قالع اصول المبتدعین فرید العصر وحید الزمان **مولانا محمد احمد رضا خان** سلمہ اللہ العزیز الرحمٰن وصان عن نوائب الزمان وخص بلطفہ ما تعاقب الملوان **انوار ساطعہ** سطعت من ستایدر الایمان ﴿ واقمار لامعۃ لمعت من سینا صدر الایقان ﴿ فدارت وسارت ﴿ ونارت وانارت ﴿ والی البر تدلت ﴿ وعلی البحر تجلت ﴿

تقریظ جناب مولانا احمد رضا خان صاحب ایمان کے چاند کی چمک سے بلند روشنیاں اٹھیں اور سینا سینۂ یقین کے پہاڑ سے چمکتے ہوئے چاند روشن ہوئے پھر دورہ کیا انہوں نے اور سیر کی اور خود روشن ہوئیں اور دوسروں کو روشن کیا اور جنگل کی طرف جھکیں ادھر دریا پر جلوہ کیا بہت پانی کا جوش

تحقیقاتِ نادرہ پر مشتمل عظیم الشان فقہی انسائیکلوپیڈیا

اَلْعَطَایَا النَّبَوِیَّہ فِی الْفَتَاوٰی الرَّضَوِیَّہ

فتاوٰی رضویہ

جلد 30

مع تخریج وترجمہ عربی عبارات

تصنیف لطیف: اعلیٰ حضرت، مجدد امام احمد رضا علیہ الرحمۃ

ALAHAZRAT NETWORK

اعلحضرت نیٹ ورک

www.alahazratnetwork.org

کلام سے خالی پس جو اس کے لئے ایسا ثبوت مانے یا اسے مسنون و مؤکد جانے یا نفس ترک کو باعثِ زجر و ملامت کہے وہ بیشک غلطی پر ہے، ہاں بعض احادیثِ ضعیفہ مجروحہ میں تقبیل وارد،

اخرجه الدیلمی فی مسند الفردوس و اوردہ الامام السخاوی فی المقاصد الحسنة[1] والعلامة خیرالدین الرملی فی حواشی البحرالرائق وذکرہ العلامة الجراحی فاطال وبعد اللتیا والتی قال لم یصح فی المرفوع من ھذا شیئ کما اثرہ المحقق الشامی فی ردالمحتار[2]

اس کو دیلمی نے مسند الفردوس میں، امام سخاوی نے مقاصد حسنہ میں، خیرالدین رملی نے بحرالرائق کے حاشیہ میں اور علامہ جراحی نے طویل بیان فرمایا اور بحث کے بعد فرمایا اس بارے میں مرفوع صحیح حدیث نہیں ہے جیساکہ محقق شامی نے ردالمحتار میں نقل فرمایا ہے۔ (ت)

اور بعض کتبِ فقہ میں مثل جامع الرموز شرح نقایہ و فتاوٰی صوفیہ و کنز العباد و شامی حاشیہ درمختار کے کہ اکثر ان میں مستندات علمائے طائفہ اسمٰعیلیہ سے ہیں وضع ابہامین کو مستحب بھی لکھ دیا۔ فاضل قہستانی شرح مختصر وقایہ میں لکھتے ہیں:

www.alahazratnetwork.org

واعلم انه یستحب ان یقال عند سماع الاولی من الشھادة الثانیة صلی الله علیك یارسول الله وعند سماع الثانیة منھا قرة عینی بك یارسول الله ثم یقال اللھم متعنی بالسمع والبصر بعد وضع ظفری الابھامین علی العینین فانه صلی الله تعالٰی علیه وسلم یکون قائدًا له الی الجنة کما فی کنز العباد[3] انتھی۔

جان لو بیشک اذان کی پہلی شہادت کے سننے پر صلی اللہ علیك یارسول اللہ اور دوسری شہادت کے سننے پر قُرَّۃُ عینی بك یارسولَ اللہ کہنا مستحب ہے، پھر اپنے انگوٹھوں کے ناخن چوم کر اپنی آنکھوں پر رکھے اور کہے اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ تو حضور اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ایسا کرنے والے کو اپنے پیچھے پیچھے جنت میں لے جائینگے جیساکہ کنزُ العباد میں ہے انتہی (ت)

ردالمحتار حاشیہ درمختار میں اسے نقل کرکے فرماتے ہیں:

---

[1] المقاصد الحسنة حدیث ۱۰۲۱ دارالکتب العلمیہ بیروت ص ۳۸۴

[2] ردالمحتار کتاب الصلوٰۃ باب الاذان داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/۲۶۷

[3] جامع الرموز کتاب الصلوٰۃ فصل الاذان مکتبہ اسلامیہ گنبد قاموس ایران ۱/۱۲۵

البتہ اسمٰعیلیہ کا حکم لزومی والتزامی کہ یہ فعل اور اس کے امثال محض حرام وسخت بددینی ومثل شرک مخل اصل ایمان اور زنا وقتل مومن سے بدتر جس کے صغرٰی یعنی فعل کے ابتداع پر اسمٰعیلیہ کو خود اقرار اور کبرٰی تصریحات تقویۃ الایمان سے آشکارا اگرچہ علمائے اسمٰعیلیہ بنظر مصلحت اس سے تنزل کیا کریں محض باطل ومردود ومخذول ومطرود ہے،

وعلیھم اثباتہ بالبرھان ولنا ردعلیھم باوضح بیان ان شاء اللہ الرحمٰن المستعان۔

اور ان پر شرک اور حرام کو ثابت کرنا لازم ہے اور ہمیں ان کا رد کرنا واضح دلائل سے ان شاء اللہ لازم ہے۔ (ت)

اور پنجایت کے وقت اس فعل کا ذکر کسی کتاب میں نہ دیکھا گیا اور فقیر کے نزدیک یہاں پر بنائے مذہب ارجح واصح، غالباً ترک زیادہ انسب والیق ہونا چاہئے، والعلم بالحق عند الملک العلام الجلیل۔

مسئلہ ۱۴۲ از اوجین علاقہ گوالیار مرسلہ محمد یعقوب علی خاں از مکان میر خادم علی اسسٹنٹ ۳ ربیع الثانی ۱۳۰۷ھ

www.alahazratnetwork.org

چہ میفرمایند علمائے شریعت محمدی وفضلائے طریقہ احمدی دریں مسئلہ کہ مس ابہامین ونہادن علی العینین در وقت اذان موذن وغیرہ فعل وطریقہ انیقہ مستحب صحابہ کرام وسنت خیر البشر آدم علیہ السلام ست اور علمائے ظواہر غیر مقلدین بہ سبب حقارت واستخفاف واہانت حرام گویند مرتد وکافر می شوند یا نہ؟ بیان فرمایند بسند کتاب اجر یابند روز حساب رحمۃ اللہ علیکم اجمعین۔

کیا فرماتے ہیں علمائے شریعت وفضلائے طریقت اس مسئلہ میں کہ موذن کی اذان کے وقت اپنی آنکھوں پر انگوٹھے چوم کر لگانا یہ فعل وطریقہ صحابہ کرام اور سنت رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہے اس عمل کو غیر مقلدین فرقہ کے لوگ حقارت کے طور پر حرام کہتے ہیں کیا وہ کافر اور مرتد ہوں گے یا نہیں؟ کتاب کے حوالہ سے بیان فرمائیں اللہ تعالٰی اجر عطا فرمائے قیامت کے روز، تم پر اللہ کی رحمتیں ہوں۔ (ت)

الجواب

قال سیدنا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی

سیدنا رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے

azratnetwork.org

صرف محبت و عداوت خدا و رسول ہے جب تک ان دشنام دہوں سے دشنام صادر نہ ہوئی یا اللہ و رسول کی جناب میں ان کی دشنام نہ دیکھی سُنی تھی اُس وقت تک کلمہ گوئی کا پاس لازم تھا غایت احتیاط سے کام لیا حتّی کہ فقہائے کرام کے حکم سے طرح طرح ان پر کفر لازم تھا مگر احتیاطاً ان کا ساتھ نہ دیا اور متکلمین عظام کا مسلک اختیار کیا جب صاف صریح انکار ضروریات دین و دشنام دہی رب العٰلمین و سید المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وعلیہم اجمعین آنکھ سے دیکھی تو اب بے تکفیر چارہ نہ تھا کہ اکابر ائمۂ دین کی تصریحیں سُن چکے کہ من شك فی عذابه وکفره فقد کفر[1] جو ایسے کے

---

[1] جیسے تھانوی صاحب کہ محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی جناب میں ان کی سخت گالی ۱۳۱۹ھ میں چھپی اس سے پہلے اپنے آپ کو سُنّی ظاہر کرتے بلکہ ایک وقت وہ تھا کہ مجلس میلاد مبارک و قیام میں شریکِ اہلِ اسلام ہوتے ۱۲ کاتب عفی عنہ۔

[2] جیسے گنگوہی صاحب و انبیٹھی صاحب کہ ان کے اتنے قول کی نسبت میرٹھ سے سوال آیا تھا کہ خدا جھوٹا ہوسکتا ہے اس کے بعد معلوم ہوا کہ شیطان کا علم رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ بتاتے ہیں۔ پھر گنگوہی صاحب کا وہ فتوٰی کہ خدا جھوٹا ہے جو اسے جھوٹا کہے مسلمانِ سُنّی صالح ہے۔ جب چھپا ہوا نظر سے گزرا کمال احتیاط یہ کہ دوسروں کا چھپوایا ہوا تھا اس پر وہ تیقن نہ کیا جس کی بنا پر تکفیر ہو جب وہ اصلی فتوٰے گنگوہی صاحب کا مُہری دستخطی خود آنکھ سے دیکھا اور بار بار چھپنے پر بھی گنگوہی صاحب نے سکوت کیا تو اس کے صدق پر اعتبار کافی ہوا۔ یونہی قادیانی دجّال کی کتابیں جب تک آپ نہ دیکھیں اس کی تکفیر پر جزم نہ کیا جب تک صرف مہدی یا مثیل مسیح بننے کی خبر سُنی تھی جس نے دریافت کیا اتنا ہی کہا کہ کوئی مجنون معلوم ہوتا ہے، پھر جب امرتسر سے ایک فتوٰی اس کی تکفیر کا آیا جس میں اس کی کفریہ عبارتیں بحوالہ صفحات منقول تھیں اس پر بھی اتنا لکھا کہ " اگر یہ اقوال مرزا کی تحریروں میں اسی طرح ہیں تو وہ یقیناً کافر۔" دیکھو رسالہ السوء والعقاب علی المسیح الکذاب[۲۰] صفحہ [۱۳] ۱۸، ہاں جب اس کی کتابیں بچشم خود دیکھیں اس کے کافر مرتد ہونے کا قطعی حکم دیا ۱۲ کاتب عفی عنہ۔

---

[1] در مختار کتاب الجہاد باب المرتد مطبع مجتبائی دہلی ۱/۳۵۶

ہوتے ہیں وہ شاگردِ انبیاء بھی ہیں اور ہم استاذ انبیاء بھی، وہ مثل انبیاء معصوم ہیں[1] (دیکھو صراطِ مستقیم مطبع ضیائی میرٹھ ص ۳۸ دو سطر اخیر تا ص ۳۹ سطر ۱۰ و ۱۱ دو سطر اخیر ص ۱۴۲ سطر ۵ و ۶ تا ص ۴۲ سطر ۲ و ۳ و ۴) گمراہی بددینی کا منہ کالا پھر نبوت کیا کسی پیڑ کا نام ہے، اللہ کی شان یہ حکم کھلا اپنے استادوں پیروں کو نبی بنانے والے تو امام اور ائمۂ شریعت، اور علمائے سنت اس جرم پر کہ صیغہائے درود مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیوں کثرت کی معاذ اللہ عتی بدنام۔

ثانیاً یہ قہرمانی حکم صرف حضور دافع البلاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود میں ہے یا خاندان امام الطائفہ کے ایجادات میں بھی کہ شاہ صاحب کی قول الجمیل جن کے لئے ضامن وکفیل ہے اسی قول الجمیل میں اپنے اور اپنے پیران ومشائخ کے آدابِ طریقت و اشغالِ ریاضت کی نسبت صاف لکھا کہ ہماری صحبت وسلوک آمیزی تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک متصل ہے وان لم یثبت تعیین الاداب ولا تلک الاشغال[2] اگرچہ نہ ان خاص آداب کا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثبوت ہے نہ ان اشغال کا۔ شاہ عبد العزیز صاحب حاشیہ میں فرماتے ہیں:

"اسی طرح پیشوایانِ طریقت نے جلسات اور ہیآت واسطے اذکار مخصوصہ کے ایجاد کئے۔"[3]

مولوی خرم علی مصنف نصیحۃ المسلمین نے اسکے ترجمہ شفاء العلیل میں شاہ صاحب کا یہ قول نقل کر کے لکھا ہے،

"یعنی ایسے امور کو مخالف شرع یا داخل بدعات سیئہ نہ سمجھنا چاہئے جیسا کہ بعض کم فہم سمجھتے ہیں۔"[4]

اور سُنئے اسی قول الجمیل میں اشغال مشائخ نقشبندیہ قدست اسرارہم میں تصورِ شیخ کی ترکیب لکھی ہے کہ؛

---

[1] صراطِ مستقیم حب ایمانی کا دوسرا ثمرہ کلام کمپنی جیرنۃ داس روڈ کراچی ص ۶۵

(فارسی) " " " " المکتبۃ السلفیہ شیش محل روڈ لاہور " ۳۴

[2] القول الجمیل گیارھویں فصل ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص ۱۷۳

[3] شفاء العلیل مع القول الجمیل چوتھی فصل " " " " ص ۵۱

[4] " " " " " " " " " " ۲

تحقیقاتِ نادرہ پر مشتمل عظیم الشان فقہی انسائیکلوپیڈیا

اَلْعَطَایَا النَّبَوِیَّۃ فِی الْفَتَاوٰی الرَّضَوِیَّۃ

فتاویٰ رضویہ

جلد 22

مع تخریج و ترجمہ عربی عبارات

تصنیف لطیف: اعلیٰ حضرت، مجدد امام احمد رضا علیہ الرحمۃ

ALAHAZRAT NETWORK
اعلحضرت نیٹ ورک
www.alahazratnetwork.org

الناس من المصافحة بعد صلوٰة الصبح و العصر فلا اصل له فی الشرع علی ھذا الوجه ولکن لاباس به فان اصل المصافحة سنة و کونھم حافظوا علیھا فی بعض الاحوال لایخرج ذٰلک البعض من کونه من المصافحة التی ورد الشرع باصلھا اقول ھکذا ینبغی ان یقال فی المصافحة یوم العید[1]

نمازِ فجر اور نمازِ عصر کے بعد عام لوگوں نے مصافحہ کرنے کی جو عادت بنالی ہے شریعت میں اس طریقے کی کوئی اصل نہیں مگر ایسا کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں اس لئے کہ اصل مصافحہ سنت ہے، لیکن لوگوں کا بعض حالات میں اس کی محافظت کرنا اس بعض کو اس مصافحہ سے نہیں نکالتا کہ جس کی اصل شریعت میں وارد ہوئی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اسی طرح مناسب ہے کہ عید کے دن مصافحہ کرنے کو کہا جائے۔ (ت)

خود مولائے وہابیہ معلّمِ ثانی تجدیہ منکرینِ زمانہ کے امام الائمہ میاں اسمٰعیل صاحب دہلوی اپنی تقریر ذبیحہ میں اصولِ وہابیت کو یوں ذبح فرماتے ہیں:

ہمہ اوضاع از قرآن خوانی و فاتحہ خوانی و طعام خورانیدن سوائے کندن چاہ و امثالہ و دُعا و استغفار و اُضحیہ بدعت ست گو بدعتِ حسنہ بالخصوص ست مثل معانقہ روزِ عید و مصافحہ بعد نمازِ صبح یا عصر[2]

قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کے تمام طریقے یُوں ہی کھانا کھلانا، یہ سب کام بدعت ہیں گو کہ بدعتِ حسنہ ہیں جیسے عید کے دن بغلگیر ہونا اور نمازِ فجر یا عصر کے بعد مصافحہ کرنا (ہاں البتہ میت کے ایصالِ ثواب کے لئے) کنواں کھودنا اور اسی طرح کا کوئی اور عمل کرنا مثلاً دعا، استغفار اور قربانی کرنا یہ سب کام جائز ہیں۔ (ت)

حضرات منکرین جوشِ پاسداریِ مذہب میں ائمہ و علمائے سابقین کو جو چاہیں کہیں اور شاید بکمال جرأت شاہ ولی اللہ صاحب سے بھی آنکھ پھیرلیں، مگر کیا اپنے بڑے پیشوا میاں اسمٰعیل صاحب کو بھی جہنمی مردود رافضی مان لیں گے ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم (گناہوں سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت کسی میں نہیں مگر اللہ تعالٰی کی توفیق سے جو بلند مرتبہ اور ذی شان ہے۔ ت) تفصیل اس مسئلہ کی ہمارے رسالہ وشاح الجید فی تحلیل معانقۃ العید (گلے میں ہار، عید کے دن بغلگیر ہونے کے جواز

---

[1] مسوی مصفّٰی شرح مؤطا امام مالک باب یستحب المصافحۃ اسلامی کتب خانہ کراچی ۲/۲۴۱

[2] زبدۃ النصائح (رسالہ نذور)

ابن اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان صاحب بریلوی قدس سرہ

وقعات السنان

مفتیٔ اعظم مولانا محمد مصطفےٰ رضا بریلوی قدس سرہ



بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔

بخدمت جناب گرامی القاب سراپا کرم وسیع المناقب جناب مولوی اشرف علی تھانوی صاحب

السلام علیٰ من اتبع الہدیٰ جب سے سیف النقی جیسی ملعون و ناپاک کتاب آپ حضرات نے چھپوائی اور بیچی اور مدرسہ دیوبند سے شائع کی اور آپ کے علماء نے اس پر افتخار اور اس سے استناد اور اس کی نقول کاذبہ ملعونہ پر اعتماد کیا۔ جس کی نظیر آج تک کسی آریہ و پادری کو بھی نہ بن پڑی کہ خصم کے آبا و اجداد و اکابر و مشائخ و اسیاد۔ حتّٰی کہ حضور سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعنہم کے اسماء طیبہ سے کتابوں کی کتابیں دل سے تراشں لیں ان کی عبارتیں گھڑ لیں۔ ان کے مطبع اور صفحے بنا لیے کہ تم تو یوں کہتے ہو اور تمہارے یہ اکابر کرام اپنی فلاں فلاں کتاب مطبوعات فلاں فلاں مطابع کے فلاں فلاں صفحے پر یوں فرماتے ہیں۔ حالانکہ جہان میں نہ ان کتابوں کا نشان نہ ان عبارتوں کا پتہ بلکہ وہ تمام و کمال محض ایک گھڑا ہوا خواب پریشاں ہے۔ جس کی تعبیر صرف اس قدر کہ لعنۃ اللہِ علی الکٰذِبین۔ اس روز سے آپ حضرات کسی عاقل کے نزدیک لائق کلام وخطاب نہ رہے اور جبھی سے آپ کی طرف سے دو ورقیاں، چو ورقیاں ہزار در ہزار سب و شتم و دشنام و کذب و افترا و اتہام پر مشتمل برسات میں حشرات الارض کی طرح پھیل پڑیں اور خصوصاً واقعہ مراد آباد اور اس میں آپ صاحبوں کا عجز و فرار اور مناظرہ بند کرنے کے لیے یا پولیس المدد یا نصاریٰ الغیاث

Marfat.com

کی پکار عالم آشکار ہو کر اور بھی سونے پر سہاگہ ہوئی پھر رشحہ ءاخیرہ کا جبھی سے آپ پر نازل ہوتا اور آج تک لاجواب رہنا اور ابھی کے اموات نیرا حیا ہونے پر رجسٹری کر گیا، یا ایں ہمہ آپ کے اذناب چاہتے ہیں کہ آپ کی مستعار حیات جس میں تاثے تانیث کے سوا باقی حصہ بالکل

تعارف کتاب

آپ کی زیر مطالعہ کتاب بلاشبہ اہل سنت و جماعت کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے کم نہیں کتاب ہذا میں فرق باطلہ کا عموماً اور نجدیت غیر مقلدیت اور تقلید نما نام نہاد سنیوں دیوبندیوں کی خصوصاً خوب خبر لی گئی ہے۔ اور وہابیوں دیوبندیوں کی تحریری بد عنوانیوں کو دلائل شرعیہ سے کفریہ عبارات ثابت کیا گیا ہے۔ مولوی اسماعیل دہلوی، قاسم نانوتوی، رشید گنگوہی، صدیق الحسن بھوپالی، اشرف علی تھانوی، کے بد عقائد نمایاں کیے گئے ہیں۔

صراط مستقیم تحذیر الناس بسط البنان، حفظ الایمان کی تحریری بے ایمانیوں کا اچھی طرح پوسٹ مارٹم کیا گیا ہے۔ مندرجہ ذیل بالا کتابوں کی کفریہ عبارات کی نہ صرف نشان دہی کی گئی ہے بلکہ قاطع براہین سے ان مصنفین کو ہمیشہ کے لئے بے زبان بنا کر رکھ دیا گیا ہے۔ ایسی کتب کے مطالعہ سے یقیناً مسلک اہل سنت کو ایک مضبوط دفاع میسر ہو گا۔ اہل سنت مناظر علماء کے لئے زیر نظر کتاب خضر راہ کا کام دے سکتی ہے۔

دعا گو

سید امیر محمد شاہ قادری سانده قصور

وَقَدْ مَكَرُوا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ

بیشک انہوں نے مکر کیا اور ان کا مکر اللہ کے قابو میں ہے

علماء دیوبند کی مکّاریاں

تصنیف لطیف

عالم باعمل شہزادۂ امام احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہٗ

مفتیٔ اعظم ہند حضرت علامہ مصطفےٰ رضا خاں نوری قدس سرہ العزیز

ناشر

مکتبہ مہریہ رضویہ ڈسکہ کالج روڈ ضلع سیالکوٹ

قطعاً کفر ہے اسے بھی سن لیجیے کہ آپ تو اب طالب تحقیق بنتے ہیں جس دلیل سے بھی اپنا اور دیوبندیوں کا کفر آپ پر واضح ہو جائے آپ ضرور قبول فرمائیں گے۔

تمام دیوبندی بلکہ سارے وہابی لاکھوں کروڑوں

خدا ؤں

کو پوجتے ہیں اور ان کا خدا جوف والا کھوکھلا ہے

امام الطائفہ اسمٰعیل دہلوی نے معاذ اللہ باری عزوجل کا جھوٹا ہونا ممکن بنانے کے لئے دو ملعون دلیلیں گڑھی ہیں جن کا نہایت قاہر رد سبحٰن السبوح شریف میں ہے ان میں ایک یہ آدمی تو جھوٹ پر قادر ہے خدا قادر نہ ہو تو آدمی کی قدرت اس سے بڑھ جائے مولانا غلام دستگیر صاحب مرحوم نے اس پر نقض کیا کہ یوں تو تمہارے خدا کا چوری کرنا شراب پینا بھی ممکن ہو جائے کہ آدمی چور اور شرابی ہوتے ہیں خدا نہ ہو سکے تو آدمی سے قدرت میں گھٹ رہے اس پر دیوبند کے بڑے معتمد مولوی محمود حسن دیوبندی صاحب نے ضمیمہ اخبار نظام الملک ۲۵ اگست ۱۸۸۹ء میں صاف چھاپ دیا کہ چوری شراب خوری جہل ظلم سے معارضہ کم فہمی۔ معلوم ہوتا ہے غلام دستگیر کے نزدیک خدا کی قدرت بندہ سے زائد ہونا ضرور نہیں حالانکہ یہ کلیہ ہے جو مقدور العبد ہے مقدور اللہ ہے یہ تو آنکھیں بند کر کے کہہ ہی بھاگے اور آپ نانوتوی صاحب ظاہری وغیرہ جس دیوبندی یا کسی قسم کے وہابی سے پوچھیے یہی کہیگا ورنہ اپنے امام الطائفہ

رکھا اور از انجا کہ تھانوی صاحب اور سارے دیوبندیہ پر ۸۰ جبال اس ہیں اور بیس اس کی تذییل میں ہیں جملہ اسی جبال قاہرہ ہوئے لقب تاریخی ہشتاد بید و بند بر مکاری دیوبند سے ملقب فرمایا اہل انصاف اسے ایمان کی نگاہ سے دیکھیں تو بحمد اللہ تعالیٰ حق آفتاب سے زیادہ روشن ہے۔ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا ومولانا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَابْنِہٖ وَحِزْبِہٖ اجمعین امین عبدہ نور محمد اعظمی قادری برکاتی غفر لہ

امضائے نامہ سوم مصطفوی بنام جناب تھانوی صاحب تھانہ بھون

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

گرامی منش جناب تھانوی صاحب آپ کے اتباع سے ایک طالب علم مستفید و طالب تحقیق بن کر آیا اور عبارت براہین دکھانے سے پہلے اس کے مضمون کو اسلام سے کوسوں دور بتایا عبارت دیکھ کر وہ جوش ایمان نہ رہا اسے غور کا حکم ہوا مدت کے بعد اس کے نام سے ایک بے معنی خط آیا جس کی طرز میں وہی استفادہ و طلب تحقیق کا اظہار اور حقیقۃً اس سے برکنار تھا قبل تنبیہ عدم تنبہ کو سادگی پر محمول کر کے ہدایت کی گئی اسکے چوبیسویں روز ایک ڈیڑھ ورقی تحریر افترائات و مکابرات و انکار محسوسات سے بھری آئی یہ تمام پارٹی کی مجموعی کوشش و مبلغ علم و منتہائے سعی ہے اس میں بائیس دن صرف ہونا بتا رہا ہے کہ تھانہ بھون سے استعانت بالغیر میں دیر لگی ہو اگر واقعی ایسا ہی ہے جب تو ظاہر کہ اس کے کاتب آپ ہی ہیں گو مشورہ ساری پارٹی کا سہی اور بالفرض ایسا نہیں تو اب فرمایئے کہ وہ آپ کے نزدیک مقبول ہے یا مردود اگر مردود ہے لکھ دیجئے بہیں فیصلہ ہو گیا اور اگر مقبول ہے تو وہ تحریر جب نہ تھی تو اب آپ کی ہو گئی صورت اولیٰ کہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ صَدَقَ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَاَعَزَّ جُنْدَہٗ وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ وَکَانَ حَقًّا عَلَیْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاَفْضَلُ الصَّلٰوۃِ وَاَکْمَلُ السَّلَامِ عَلٰی مَنْ اَیَّدَنَا عَلٰی عَدُوِّنَا فَاَصْبَحْنَا ظَاھِرِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَابْنِہٖ وَحِزْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ اَبَدَ الْاٰبِدِیْنَ اٰمِیْنَ ٭ حمد اس کے وجہ کریم کو جس نے ہمیں حق پر کیا اور حق کو غلبہ دیا بحمد اللہ تعالےٰ چالیس سال سے زائد ہوتے کہ آستانہ رضویہ سے وہابیہ دیوبندیہ پر الٰہی مار محمدی وار پڑ رہے ہیں اور ان کے اکابر کچھ مر گئے کچھ سسک رہے ہیں اور جواب ناممکن وَمَا یُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا یُعِیْدُ گنگوہی صاحب و نانوتوی صاحب دونوں مناظرے سے صاف استعفا دے چکے مگر اذناب پیچھے پکار کئے جاتے ہیں اور جہاں کوئی سامنے آیا منہ چھپاتے ہیں جناب تھانوی صاحب کے ان نادان دوستوں کی مرضی نہیں کہ کسی طرح تھانوی صاحب کی چین سے کٹے وہ بے چارے ہیبت کے مارے خاموش روپوش اور یہ چارہ ـــــــــ

لگائے جاتے ہیں ہر بار منہ کی کھاتے ہیں مگر مکر و کید سے باز کب آتے ہیں اب ایک مدت سے تھانوی صاحب گھر کے کونے میں کچھ چین سے بیٹھے اگلے واروں سے سر سہلا رہے تھے کہ اذناب نے پھر دبایا ذی الحجہ گزشتہ میں تھانوی ہمت کو ایک لونڈے کا لباس پہنا کر اس خوش کن بھیس میں آستانہ عالیہ پر حاضر کیا جس نے بہت کچھ طلب تحقیق کی جیب دکھائی براہین قاطعہ گنگوہی صاحب کا وہ شیطان والا قول سن کر بے تکان کہا کہ یہ اسلام سے کوسوں دور ہے جب براہین میں دیکھا پیچھے کی سانس نیچے اور اوپر کی اوپر تھی اسے غور کی ہدایت فرمائی گئی اور یہ کہ آستانہ پر حاضر ہوا کرو تمہارا کرایہ دیا جاتے گا ایک مدت کے بعد ۷ محرم کو مراد آباد مدرسہ شاہی مسجد سے ایک خط ۱۶ کا لکھا آیا جس میں اس

ردِّ تھانوی

از

شہزادۂ اعلیٰ حضرت امام الفقہاء مفتیٔ اعظم
حضرت علامہ شاہ محمد مصطفیٰ رضا قادری نوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

رضا اکیڈمی
۲۶- کامبیکر اسٹریٹ، ممبئی ۳

فرمائیں گے۔

تمام دیو بندی بلکہ سارے وہابی لاکھوں کروروں خداؤں کو پوجتے ہیں اور ان کا خدا جوف دار کھکل ہے

امام الطائفہ اسماعیل دہلوی نے معاذ اللہ باری عز وجل کا جھوٹا ہونا ممکن بنانے کیلئے دو ملعون دلیلیں گڑھیں جن کا نہایت قاہر رد سبحان السبوح شریف میں ہے ان میں ایک یہ کہ آدمی تو جھوٹ پر قادر ہے خدا قادر نہ ہو تو آدمی کی قدرت اس سے بڑھ جائے۔

مولانا غلام دستگیر صاحب مرحوم نے اس پر نقض کیا کہ یوں تمہارے خدا کا چوری کرنا شراب پینا بھی ممکن ہو جائے کہ آدمی چور اور شرابی ہوتے ہیں، خدا نہ ہو سکے تو آدمی سے قدرت میں گھٹ رہے۔

اس پر دیو بند کے بڑے معتمد مولوی محمود حسن دیو بندی صاحب نے ضمیمہ اخبار ''نظام الملک'' ۲۵ راگست ۱۸۸۹ء میں صاف چھاپ دیا کہ

چوری شراب خوری جہل ظلم سے معارضہ کم فہمی۔ معلوم ہوتا ہے غلام دستگیر کے نزدیک خدا کی قدرت بندہ سے زائد ہونا ضروری نہیں۔ حالانکہ یہ کلیہ جو مقدور العبد ہے مقدور اللہ ہے۔

یہ تو آنکھیں بند کر کے کہہ بھی بھاگے اور آپ تھانوی صاحب ظاہر وغیرہ جس دیو بندی یا کسی قسم کے وہابی سے پوچھئے یہی کہے گا ورنہ ان پر امام الطائفہ کی دلیل

عوامی تکفیر تھوک

کے بھاؤ

عرفانِ شریعت

اعلیٰ حضرت مولانا

احمد رضا خاں بریلوی

اول - دوم - سوم



(۲) سائل نے یہاں بھی قطعیات کے ساتھ قرائن کو ضم کیا قطعی کے ہوتے قرینی یا ظنی کی کیا بحث کسی مدرسہ خلاف کی ذکر ہی یا علم ما کان و ما یکون یا غیوب خمسہ میں کلام یا علمائے اہلسنت کو سب دو شنام تفاصیل رکھتے ہیں جن کی اصلا حاجت نہیں جب علماء حرمین طیبین زادہما اللہ شرفا و تکریماً نانوتوی و گنگوہی و تھانوی کی نسبت نام بنام تصریح فرما چکے ہیں۔ کہ یہ سب کفار و مرتدین ہیں اور یہ کہ من شک فی کفرہ و عذابہ فقد کفر جو ان کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر نہ کہ ان کو پیشوا اور سرتاج اہل سنت جانتا بلا شبہ جو ایسا جانے ہرگز ہرگز صرف بدعتی و بدمذہب نہیں قطعاً کافر و مرتد ہے اور ان تمام احادیث کا کہ سوال میں فتاویٰ الحرمین سے مقبول ہوئیں مورد ہے بلا شبہ اس سے دور بھاگنا اور اسے اپنے سے دور کرنا۔ اس سے بغض اس کی اہانت اس کا رد فرض ہے اور توقیر حرام و ہدم اسلام۔ اسے سلام کرنا حرام۔ اس کے پاس بیٹھنا حرام اس کے ساتھ کھانا پینا حرام اس کے ساتھ شادی بیاہت حرام اور قربت زنائے خالص اور

Marfat.com

بیمار پڑے تو اسے پوچھنے جانا حرام۔ مر جائے تو اس کے جنازے میں شرکت اسے مسلمان کا سا غسل کفن دینا حرام۔ اس پر نماز جنازہ پڑھنا حرام بلکہ کفر اس کا جنازہ اپنے کندھوں پر اٹھانا اس کے جنازے کی مشایعت حرام۔ اسے مسلمانوں کے مقابر میں دفن کرنا حرام اس کی قبر پر کھڑا ہونا حرام اس کے لیے دعائے مغفرت یا ایصال ثواب حرام بلکہ کفر۔ والعیاذ باللہ رب العلمین۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۳) جواب سابق میں واضح ہو چکا کہ ان سے ہر قسم کا قطع تعلق فرض ہے اور جب وہ تمام علمائے حرمین شریفین کے متفق علیہ فتوے سے کافر مرتد ہیں تو مسجد میں تو ان کا کیا حق۔ حدیث، اسی بیان مذکور فتاویٰ الحرمین میں ہے لا تصلوا معہم ان کے ساتھ نماز نہ پڑھو ان کے پیچھے تو نماز میں تو ان کے کھڑے ہونے سے صف قطع کے غیر نمازی حائل اور صف قطع کرنا حرام نبی صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ من قطع صفا قطعہ اللہ۔ جو صف